ماہانہ رسائل کے خصوصی شمارے

مرتب

ضیاء اللہ کھوکھر

عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری گوجرانوالہ (پاکستان)

ماہانہ رسائل کے خصوصی شمارے

عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری گوجرانوالہ
کے ذخیرۂ رسائل میں ۱۹۰۲ء سے ۲۰۰۵ء تک موجود
خصوصی شماروں کا اشاریہ

مرتب
ضیاء اللہ کھوکھر

عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری گوجرانوالہ (پاکستان)

نام کتاب	ماہانہ رسائل کے خصوصی شمارے
مرتب	ضیاء اللہ کھوکھر
کمپوزنگ	مس شازیہ
ناشر	عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری گوجرانوالہ
طابع	قدوسیہ اسلامک پریس لاہور
اشاعت اول	۲۰۰۶ء
صفحات	۴۳۲
تعداد	۱۰۰۰

عبدالمجید کھوکھر مرحوم کی یاد میں بلا قیمت تقسیم

باہتمام

ضیاء اللہ کھوکھر ۸۳ بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

انتساب

ادیبانہ اور محققانہ صحافت

کی

آبرو

جناب گربچن چندن (دہلی)

کے نام

○ ڈاکٹر ابوسلمان شاہ جہان پوری

پیش گفتار

محترم ضیاء اللہ کھوکھر سے تعلقات کو ایک قرن گزر گیا۔ الحمد للہ کہ تعارف کے بعد رفتہ رفتہ اعتماد بڑھا۔ تعلقات مستحکم ہوئے اور ایک درجے تک پہنچ کر ان میں ایک ٹھہراؤ پیدا ہو گیا۔ پھر جس طرح تعلقات میں ایک خاص حد سے زیادہ نہ کبھی جوش و سرگرمی کی کیفیت پیدا ہوئی تھی، اور نہ کبھی سرد مہری کا دور آیا۔ میں نے انھیں ہمیشہ اپنا مخلص اور بہی خواہ پایا۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں اخلاق کے بہترین محاسن اور سیرت کے اعلیٰ خصایص سے نوازا ہے۔ وہ متحمل مزاج، بلند خیال، متواضع اور ملن سار شخصیت کے مالک ہیں۔ ان کے ذوق و شوق کے کئی دایرے اور اِن کی دینی اور علمی خدمات کے کئی میدان ہیں۔ اِن کے کتابوں کے شوق کا مجھے تعلقات کے آغاز ہی میں اندازہ ہو گیا تھا بلکہ تعارف کا موجب بھی یہ شوق ہی تھا۔ مطالعے کے ذوق اور تحریر و نگارش کے شوق کا شروع میں مجھے کوئی اندازہ نہ تھا۔ پھر پتا چل گیا کہ مضمون نویسی کے شوق سے بھی بیگانہ نہیں۔ چوں کہ ان کا بیشتر وقت رسالوں کی فراہمی، ان کی ترتیب و تنظیم اور پھر متفرق شماروں کی جلدوں کی تکمیل کی تگ و دو میں صرف ہوتا تھا، اس لیے یہ شغل ایک خاص حد سے آگے نہ بڑھ سکا۔ ان کے دوستوں کا وسیع حلقہ ہے، کبھی کسی دوست کی شکایت سے ان کی زبان کو آشنا نہیں پایا اور جہاں تک میں ان کے دوستوں سے واقف ہوں، کسی کو کسی بات میں ان کا شاکی نہیں پایا۔ ان کی زندگی میں سادگی، انکساری، مزاج میں عاجزی اور گفتگو میں نرمی ہے۔ غرور اور تمکنت سے ان کے دل و دماغ نا آشنا ہیں۔

کوئی کاروبار کرے یا قوم و ملت اور دین و سیاست کی خدمت کے میدان میں اُترے، وہ اپنے

ذوق کی تسکین کے سروسامان اور مال و معیشت کے فواید کو ضرور دیکھ لیتا ہے۔ بعض کام عوام یا اُن کے کسی طبقے کی کسی ضرورت اور مفاد و خدمت کے لیے ہوتے ہیں، ان کے اجرا میں ذوق کی تسکین کا عنصر ضرور شامل ہوتا ہے۔ لیکن تجارت اور نمود و نمایش کا جذبہ و شائبہ ہرگز اس میں شامل نہیں ہوتا۔ اس قسم کے کاموں کا شمار للہ و فی اللہ میں ہوتا ہے لیکن وہی کام شہرت اور نیک نامی کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

محترم ضیاء اللہ کھوکھر کا لائبریری قایم کرنا سچائی اور اخلاص کے ایک بیج کا زمین کے سپرد کرنے کا ایک ایسا ہی صالح و مفید عمل تھا، جس نے بہت جلد اپنے برگ و بار پیدا کیے اور شجر طیبہ کے سایۂ جہاں بخش اور ذائقۂ فرحت افزا کی صفات کو دُنیا پر ظاہر کر دیا۔ ان کا یہ کتب خانہ تیس ہزار سے زائد کتابوں اور ہزاروں رسایل و جراید کی مجلدات اور اُن کے تقریباً ڈیڑھ لاکھ شماروں کے ذخیرے پر مشتمل ہے۔

کھوکھر صاحب کے لیے اس کا قیام و وجود موجب ازدیادِ عزت و نیک نامی بن گیا۔ یہ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اخلاصِ عمل اور ذوقِ خدمتِ علمی کو قبول فرما لیا ہے!

ہم اُن کے جمع کردہ ذخیرہ علمی کو لائبریری کہہ کر اُس کے تعارف کا حق ادا نہیں کر سکتے۔ یہ لائبریری اس طرح جمع نہیں ہو گئی کہ شوقِ مطالعہ کے نتیجے میں جو کتابیں جمع ہوتی رہیں یا دوست احباب سے جو کتابیں تحفے میں ملی تھیں اور رفتہ رفتہ گھر کے کسی گوشے میں ڈھیر لگ گیا تھا یا ان کے والد مرحوم گرامی مرتبت نے جو کتابیں اپنے علمی و ادبی ذوق کی نشانی اور شوقِ مطالعہ کی یادگار وراثت چھوڑی تھیں انھیں جھاڑ پونچھ کر رکھ دیا اور عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری کے قیام کا اعلان کر دیا ہو۔

اس لائبریری کی بعض ایسی خصوصیات ہیں، جس نے اسے پورے برِاعظم پاک و ہند میں امتیاز بخش دیا ہے۔ اس کی صرف یہی خوبی نہیں کہ اس میں بعض نادر و نایاب کتابیں محفوظ ہیں، بلکہ اس میں ہندوستان اور پاکستان کے بعض قدیم اُردو اخبارات و رسایل کے ایسے فائل موجود ہیں، جو کسی اور جگہ موجود نہیں۔ اس کے بعض مخطوطات و موجودات کا حوالہ کسی میوزیم کی خصوصیت کے سلسلۂ بیان ہی میں دیا جا سکتا ہے۔

پھر لائبریری کی خصوصیات کے ضمن میں یہ کہہ دینا ہی کافی نہیں کہ اس میں بعض نوادر موجود ہیں جیسے کہ میوزیم میں موجود ہوتے ہیں، شیشے کے مقفل شوکیس میں بند، جن کا صرف دُور سے نظارہ ہی کیا

جا سکتا ہے، ان کے مضامین و مندرجات سے استفادہ ممکن نہیں ہوتا۔ عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری کے نوادر سے شائقینِ تصنیف و تالیف، جامعات کے اسکالرز، تاریخی و تحقیقی اداروں اور اکیڈمیز کے فیلوز کے لیے استفادے کا باب بند نہیں۔ اس ذخیرۂ علمی کی فراہمی کے لیے انھوں نے کثیر رقم صَرف کی ہے اور اپنے مکان کی ایک پوری منزل صرف لائبریری کے نوادرِ علمیہ کے لیے مخصوص کر دی ہے۔ لائبریری کے امتیازات کے اظہار میں چند نوادر کا ذکر ہی موجبِ فخر نہیں، بلکہ اس وقت پاکستان اور ہندوستان میں نج کے کتب خانوں میں رسایل و اخبارات کا اگر سب سے بڑا ذخیرہ نہیں تو ایک بہت بڑا اور قیمتی ذخیرہ اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔

لائبریری کے اس امتیاز و خصوصیت کے علاوہ خود ضیاء اللہ صاحب کی سرگرمیاں اور اُن کا ذوقِ خدمت لائقِ تحسین ہے۔ سیکڑوں شائقینِ تصنیف و تالیف اور محققین اس سے گھر بیٹھے استفادہ کرتے ہیں لیکن ان کی خدمت گذاری اور جواب و مراسلت کی مستعدی میں فرق نہیں آتا۔ میری رائے میں اسے قائمہ لائبریری یا کتب خانہ قائمہ کے بجائے اوپن لائبریری یا مراسلاتی کتب خانہ کہنا زیادہ موزوں رہے گا۔

کھوکھر صاحب نے ۱۹۷۵ء سے شائقینِ علم کو ان کے مطلوبہ مضامین کے فوٹو اسٹیٹ بلا معاوضہ فراہم کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا تھا وہ تا حال خوش اسلوبی کے ساتھ بدستور جاری ہے۔ ''داستانِ تاریخ رپورتاژ نگاری'' کی تالیف و تدوین کے دوران کھوکھر صاحب ڈاکٹر ظہور احمد اعوان کو اُن کے مطلوبہ فوٹو اسٹیٹ برابر بھجواتے رہے حالانکہ ان کے تعلقات اس وقت تک ابتدائی مراحل میں تھے اور باہمی ملاقات کی نوبت بھی نہ آئی تھی۔ اس ضخیم کتاب کے صفحات کی تعداد ۱۱۲۶ ہے۔ ڈاکٹر اعوان صاحب 'داستانِ تاریخ رپورتاژ نگاری' میں اُن کے تعاون کے اعتراف میں رقم طراز ہیں:

> ''پھر سب سے بڑھ کر گجرانوالہ کے ایک کتاب شناس اور انسان دوست مہربان ضیاء اللہ کھوکھر نے اپنے دل اور کتب خانے کے دروازے مجھ پر کھول دیئے۔ میری کتاب کی آدھی سے زیادہ رپورتاژیں جناب ضیاء اللہ کھوکھر کی فراہم کردہ ہیں''

معروف محقق مشفق خواجہ کلیاتِ یگانہ کی ترتیب و تدوین میں مصروف تھے تو کھوکھر صاحب اُن کو

بھی یگانہ کی نگارشات کے فوٹو اسٹیٹ ارسال کرتے رہے۔ خواجہ صاحب مواد کی فراہمی کے سلسلے میں ان کے انہماک اور بے لوث تعاون کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''پرانے رسالوں میں شائع شدہ یگانہ کی تحریروں کے حاصل کرنے میں ضیاء اللہ کھوکھر گجرانوالہ نے میری بے حد مدد کی، کھوکھر صاحب نے سیکڑوں صفحات کے فوٹو اسٹیٹ عنایت کیے اور ''حسابِ دوستاں در دِل'' پر عمل کرتے ہوئے مجھے شرمندہ کیا''

گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ میں شعبہ اُردو کے صدر پروفیسر محمد اقبال جاوید نے ریٹائرمنٹ کے بعد بیسویں صدی کے رسول نمبر مرتب کی تو اس میں ضیاء اللہ کھوکھر کے تعاون کی دل کھول کر داد دی:

''میں مکرمی ضیاء اللہ کھوکھر کا شکریہ ادا کرتا اگر میرے الفاظ، جذبات بن سکتے انہوں نے اپنے والد مرحوم کی یاد میں عبد المجید کھوکھر یادگار لائبریری قائم کی ہے وہاں قدیم، نادر اور کمیاب رسائل کا انتہائی قیمتی ذخیرہ ہے۔ میں نے ان سے جی بھر کر استفادہ کیا ہے''

ضیاء اللہ کھوکھر کے سامنے کتب خانے کے نوادر و ذخیرۂ علمیہ کے تعارف اور اس سے استفادے کے عمل کو زیادہ سے زیادہ سہل بنانے کے لیے مندرجہ ذیل منصوبوں پر کام جاری ہے:

۱) لائبریری میں موجود انیسویں صدی کے رسایل و اخبارات کی فہرست

۲) لائبریری میں موجود اہل حدیث رسایل کے حوالے سے اہل حدیث صحافت کی کتابیات

۳) لائبریری میں موجود گوجرانوالہ سے شائع ہونے والے اخبارات و رسایل کی فہرست

۴) لائبریری میں موجود ہفتہ وار رسایل کے خصوصی شماروں کی فہرست

۵) لائبریری میں موجود منتخب ادبی رسایل کی فہرست

۶) لائبریری میں موجود منتخب مذہبی رسایل کی فہرست

۷) لائبریری میں موجود تعلیمی اداروں کے رسالوں اور میگزینوں کی فہرست سازی

۸) لائبریری میں موجود رسایل کے اولین شماروں کی فہرست

اوپر کی سطروں سے عبد المجید کھوکھر یادگار لائبریری میں عزیز محترم ضیاء اللہ کھوکھر کے زیر نگرانی جن کاموں کے اجرا کا ذکر آیا ہے، وہ تمام کام اپنی اہمیت اور افادیت رکھتے ہیں اور کبھی کام میرے ذوق کے

ہیں، لیکن دو کام ایسے ہیں جن کی تکمیل اور ان کے نتائج کے ظہور کا میں بے چینی سے انتظار کروں گا!

ایک گوجراں والے کی صحافت کی کتابیات ہے، جس کی بنا پر آیندہ پاکستان کی تاریخ صحافت میں اس شہر علم وفن کے حوالے سے ایک اہم باب کا اضافہ ہوگا۔

دوسرا براعظم ہند پاکستان میں قدیم زمانے سے آج تک نکلنے والے اہلِ حدیث مکتبِ فکر کے ان رسایل وجراید کی کتابیات کی تالیف جن کا کوئی ایک شمارہ بھی مذکورہ بالا لائبریری میں موجود ہے۔

چوں کہ یہ دونوں کتابیات عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری میں محفوظ ذخیرے پر مبنی ہوں گی۔ اس لیے فن کی بنیاد پر تو یہ کامل ومکمل نہیں ہوسکتیں۔ لیکن افادیت کی عمومی حیثیت سے ان کا ایک ایک اندراج فیض رسانی کے رس میں ڈوبا اور ذائقۂ علمی سے بھرپور ہوگا۔ جو کام بھی ان ہر دو حوالوں کی مدد سے انجام پائے گا، وہ نہ صرف پاکستان کی تاریخ صحافت کا ایک حصہ بنے گا بلکہ گوجراں والے کی تاریخ علم وفن کا بھی ایک حصہ ہوگا جو اس شہر کے اصحابِ علم وذوق کے لیے یقیناً موجبِ فخر ہوگا۔

دوسرا کام اگرچہ گوجراں والے سے شایع ہونے والے رسایل سے مشروط نہیں۔ لیکن گوجراں والے کے اس مکتب فکر کے جو رسایل لائبریری میں موجود ہیں انھیں تو شامل کیا ہی جائے گا اور مجھے یقین ہے کہ ان کی تعداد بھی دھائیوں سے کم میں نہ ہوگی۔ اُن سے پاکستان اور ہندوستان کے اہل حدیث مکتب فکر کے رسایل وجراید کی کتابیات کی تالیف میں جہاں پورے براعظم میں اہلِ حدیث صحافت کے آثار ونقوش کا پتا چلے گا۔ وہاں گوجراں والے کی قسمت بھی جاگ اُٹھے گی اور آیندہ اس بلدۂ تاریخی کی جو تاریخ علم وتہذیب لکھی جائے گی اس سے مورخ کے سامنے بیش قیمت میٹریل کے حصول کے لیے راہ آسان ہوگی اور دروازہ کھلے گا۔

میں نے صرف راہ کی آسانی اور دروازہ کھلنے کی بات لکھی ہے۔ اس لیے کہ کسی موضوع پر کتابیات کی تیاری کے عمل کو ایک مرحلہ سفر کا طے ہونا ہی کہا جاسکتا ہے۔ سفر کے مقصد کا پالینا اور حاصلِ سفر نہیں ہے۔ کسی علم وفن یا کسی موضوعِ فکر وشخصیت کی ببلیو گرافی کا نہ ہونا ایک اسکالر کے لیے تاریک عالم اور راستے میں پہاڑ ہونے کا مترادف ہوتا ہے اور میرا ایمان ہے کہ جو مخلص اور صاحبِ ایثار حصولِ علم کے راستے کی رکاوٹ دور کرتا ہے، وہ طالبِ حق، مسافرِ علم اور شایقین تصنیف وتالیف اور تحقیق کا بڑا محسن

اور علم کا بڑا خدمت گذار ہوتا ہے۔ ضیاء اللہ کھوکھر کے ذوق علمی اور توفیقِ ایثار و خدمت نے ان کی اس مقام کی طرف رہنمائی کی ہے۔ لیکن اس کا فیصلہ کر دینا آج کے مبصر کا کام نہیں، مستقبل کے مورخِ علمی کا فرض قرار پائے گا!

اگر چہ ایک کتابیات کی تالیف سے کسی علم وفن اور دعوت وارشاد کے اثرات و فیضان کی حیثیت کا فیصلہ نہیں کر دیا جا سکتا لیکن اہل علم اور اصحاب ذوق لفافے سے اس کے اندر رکھے ہوئے مضمون کو بھانپ لیتے ہیں، وہ کتابیات کے مطالعے کی روشنی میں انجام پانے والے علمی کاموں کے موضوعات کی اہمیت اور افادیت کا اندازہ کر لیتے ہیں اور پھر ضرورت مندوں اور شائقوں کو توجہ دلانے والی، شوق کو مہمیز دینے والی اور بزم مے میں آگے بڑھ کر مینا اُٹھا لینے کی ہمت پیدا کرنے والی چیز تو یہ کتابیات ہی ہوتی ہے۔ اگر شائقین کو کسی موضوع ہی کا پتا نہ چلے اور تحقیق کا اس پر دروازہ ہی نہ کھلے تو ان سے فتوحات اور کارناموں کے وقوع کی اُمید ہی کیوں کر کی جا سکتی ہے؟

اگر چہ اُردو زبان میں ہر علم وفن کا نہایت اہم ذخیرہ مستقل رسایل و کتب کی شکل میں جمع ہو گیا ہے لیکن اس سے زیادہ اور بیش قیمت ذخیرہ اخبارات اور رسایل و جراید کے صفحات میں چھپا ہوا ہے۔ رفتہ رفتہ میری یہ راے پختہ یقین میں بدل گئی ہے کہ ہمارے بزرگ تصنیف و تالیف اور تحقیق کے معاملے میں ہم سے زیادہ محنتی، زیادہ غور وفکر کرنے والے، قلم کے استعمال میں زیادہ محتاط اور ہر معاملے میں وہ ہم سے زیادہ ذمے دار تھے۔ اس لیے قدیم علمی ذخایر اور مدفون آثارِ علمیہ کی بازیافت اور اُن سے استفادے کی جو تحریک پیدا ہوئی ہے، یہ ذہن وفکر کی نہایت مثبت، صحیح اور قابلِ قدر تبدیلی ہے اور اب نئے علمی مآخذ کی جستجو کا جو دور شروع ہوا ہے اور رُخ اُن اخبارات اور رسایل و جراید کی طرف پھرا ہے جو اپنے اپنے وقت میں مختلف معاشرتی، تمدنی، سیاسی، تعلیمی، تہذیبی اور علوم و فنون کے میدانوں میں قوم وملت کی رہنمائی کا فرض انجام دینے کے بعد تاریخ کا حصہ اور کتب خانوں کی زینت بن گئے لیکن نوع بہ نوع آثارِ علمیہ اپنے بعد کے دور میں آنے والوں کی رہنمائی کے لیے چھوڑ گئے تھے۔

اب تک جو دو منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، ان میں ایک تالیف ''فہارس الاسفار'' کے عنوان سے منصہ

شہود پر آ چکی ہے۔ اس وقت اس کتب خانے میں پندرہ سو سفر نامے موجود ہیں، لیکن ۲۰۰۴ء میں جب یہ کتابیات مرتب ہوئی تھی تو تیرہ سو سفر نامے تھے۔ محترم ضیاء اللہ کھوکھر نے کتابیات کے فن اور اصولوں کے مطابق مرتب کر کے شائقین و محققین کے لیے ان سے استفادے کو بہت آسان بنا دیا ہے۔ محترم مولانا محمد اسحٰق بھٹی صاحب نے ''فہارس الاسفار'' پر نہایت جامع فلیپ لکھا ہے۔ میں یہاں آں موصوف کے افادات مستعار لیتا ہوں، فرماتے ہیں:

''یہ لائبریری مختلف موضوعات کی ہزاروں کتابوں اور رسائل و جرائد کی کثیر تعداد کے علاوہ تیرہ سو سے زائد سفر ناموں کو اپنے وسعت پذیر دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ سفر ناموں کا یہ عظیم مجموعہ علم و ادب کا دلآویز مرقع اور جغرافیہ و تاریخ کا جاذبِ فکر و نظر ذخیرہ ہے۔ سفر ناموں کو ہر دور میں اہمیت دی گئی ہے۔ اس لیے کہ سفر ناموں کو جہاں مسافر اور سیاح رہنمائی کا ذریعہ بناتے اور سیر و سیاحت کی صحیح سمتوں کا تعین کرنے میں ان سے مدد لیتے ہیں وہاں اہلِ علم ان کے مندرجات سے تحقیق و کاوش کی مبنی بر حقیقت جہتیں تلاش کرتے اور اپنی محققانہ تصانیف میں ان کے حوالے دیتے ہیں۔ ضیاء اللہ کھوکھر صاحب نے ان گوناگوں سفر ناموں کی فہرست سازی کر کے محققین کو اس صنفِ ادب کے کئی گوشوں سے متعارف کرایا ہے۔ یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ یہ کارنامہ محض ان کی ذاتی لگن اور کاوش سے معرضِ وجود میں آیا''

اسی طرح کا ایک اور کام بچوں کی صحافت کے سلسلے میں انجام دیا ہے۔ یہ ''بچوں کی صحافت کے سو سال'' کے عنوان سے پاکستان اور ہندوستان سے شائع ہونے والے بچوں کے دو سو رسایل کی کتابیات ہے۔ لائبریری میں دو سو رسایل کے تین ہزار شمارے محفوظ ہیں۔ مذکورہ کتابیات نہایت بیش قیمت معلومات و تفصیلات کی جامع ہے، لیکن کتابیات کا سب سے قیمتی مضمون اس کے فاضل مرتب ضیاء اللہ کھوکھر کے قلم سے اس کا ''تعارف'' ہے۔ یہ دراصل اس تالیف کا مقدمہ ہے، جو بچوں کی صحافت کے آغاز، اس کے رواج، فروغ، خصوصیات اور بچوں کے ادب کے نشو و نما وغیرہا مباحث میں تحقیقی معلومات اور نہایت مفید افکار و افادات پر مشتمل ہے۔ اس کا دیباچہ حفیظ الرحمٰن احسن ایڈیٹر ''سیارہ'' لاہور کے قلم سے یادگار اور لائقِ مطالعہ ہے۔

یہ عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری کے زیرِ اہتمام کاموں کا آغاز ہے، پچھلے صفحات میں مستقبل کے

بعض کاموں کے بارے میں آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ متعدد نادر و نایاب اور بعض تاریخی، علمی، ادبی رسایل کے اشاریے اور بعض موضوعات پر کتابیات زیر تکمیل ہیں۔

ایک اہم کام جو اُردو رسایل کے خصوصی شماروں کی کتابیات کے بارے میں ہے، اس کی ترتیب و تدوین، اہمیت و افادیت اور اُس کی جامعیت کے بارے میں کچھ کہنا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ یہ کارنامہ قارئین کے زیرِ مطالعہ آچکا ہے اور ہمیں اُمید ہے کہ قارئینِ کرام کی تنقیدی نظر اور علمی ذوق خود فیصلہ کردے گا کہ یہ موضوع کتنا اہم، اس کا دایرہ کتنا وسیع اور کتنے علوم وفنون کا جامع ہے اور اس کام میں شایقینِ علم وتحقیق اور ریسرچ اسکالرز کے لیے کتنے اہم مآخذ کی نشان دہی کر کے ان کے لیے کتنی سہولتیں پیدا کردی ہیں۔

اس کتابیات کی تالیف، اس کے موضوعات کی ترتیب، ان کی اہمیت اور افادیت کے پہلوؤں اور اس کی دیگر خصوصیات کے بارے میں جو معلومات اور افکار اس کے فاضل مرتب نے اپنی تعارفی تحریر میں بیان کردیے ہیں، اس کے بعد اس موضوع پر کچھ لکھنے کی گنجایش باقی نہیں ہے۔ مجھے یقین ہے کہ کھوکھر صاحب کے پہلے دو کاموں کی طرح اس کام کی پذیرائی بھی اہلِ علم، اصحابِ نظر اور شائقینِ تصنیف وتحقیق میں کی جائے گی۔

○ضیاء اللہ کھوکھر

تعارف

گذشتہ چند برسوں سے اُردو رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔رسائل کے اشاریے تحقیقی مواد اور موضوعاتی مندرجات تک رسائی میں ممد و معاون ہوتے ہیں۔کسی بھی زیرِ تحقیق موضوع پر مؤثر پیش رفت کے لیے ضروری ہے کہ زیرِ نظر موضوع پر موجود تمام مواد محقق کے پیش نظر رہے، تحقیقی مقاصد کے لیے رسائل میں لوازمے تک آگاہی کے لیے اشاریے کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔موضوع سے متعلق مواد کی تلاش اور اُس کا حصول خاصا دُشوار، محنت طلب اور پیچیدہ کام ہے۔اشاریے کی مدد سے محقق کے علم میں یہ آتا ہے کہ کس رسالے میں اس کے کام کا لوازمہ موجود ہے اور یہ اشاریہ ہی ہے جس کے باعث کسی رسالے کے تمام شماروں کی ورق گردانی کی زحمت سے نجات مل جاتی ہے
اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ تحقیق کے میدان میں رسائل و جرائد کا کردار کتابوں سے کہیں بڑھ کر ہے، رسائل اپنے عہد کے عکاس ہوتے ہیں، وہ اپنے دور کی ثقافت، تہذیب، معاشرت، سیاست، معیشت اور صنعت و تجارت کے علاوہ مذہب اور زندگی کے دیگر شعبوں کو موضوعِ بحث بناتے ہیں۔رسائل معاشرتی اور ملی زندگی کا آئینہ ہوتے ہیں اور اُن کے حسن و قبح سے ملی مذاق اور کردار کی خوبیاں یا برائیاں سامنے آجاتی ہیں۔رسائل نے ایک موضوع پر مختلف زاویوں سے تحریر شدہ کئی مقالہ نگاروں کی نگارشات کو اپنے دامن میں سمیٹ رکھا ہوتا ہے اور یہ ایسے متنوع، پُراز معلومات اور یکسانیت سے معریٰ مضامین کا مجموعہ ہوتے ہیں، جو عام طور پر کتابوں میں دستیاب نہیں ہو سکتے۔یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ بعض اوقات رسائل کے مضامین اپنے تنوع، تحقیق اور

معیار کے اعتبار سے کتاب سے زیادہ اہمیت حاصل کر جاتے ہیں۔رسائل کے اشاریے اپنی افادیت اور اہمیت کی بنا پر طالبانِ علم کی رہنمائی کرتے ہیں اور محققین انہیں حرزِ جاں بنا کر رکھتے ہیں۔رسائل کی اشاریہ سازی ایک کٹھن، اعصاب شکن، صبر آزما اور فنی اعتبار سے اساسی نوعیت کا کام ہے۔کسی بھی رسالے کی اشاریہ سازی کے لیے اس رسالے کے مکمل فائل تک رسائی، ہر شمارے سے متعلق معلومات حاصل کرنا اور محققین کو ان سے روشناس کرانا اشاریہ سازی کے بنیادی عناصر میں شامل ہے۔ادھر صورتِ حال یہ ہے کہ اکثر رسائل بعض معلوم اور غیر معلوم مقامات پر غیر مرتب و غیر منظم انداز میں بے اعتنائی اور کس مپرسی کا شکار ہیں۔ان کی ترتیب و تہذیب، جلد بندی اور فہرست سازی کو کارِ لاحاصل سمجھ کر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ان سے استفادے اور اکتسابِ فیض کا خاطر خواہ اور معقول انتظام بھی نہیں، اکثر رسائل اب علم دوست حضرات کے علم اور دسترس میں نہیں رہے اور منظر سے معدوم ہو چکے ہیں۔ان حالات میں اگر کوئی صاحبِ ذوق و تحقیق کسی رسالے کی اشاریہ سازی پر کمر ہمت باندھتا ہے تو اس کے وقت کا بیشتر حصہ اس رسالے کے تمام شماروں کی تلاش اور پھر ورق گردانی کی نذر ہو کر رہ جاتا ہے۔اس لیے یہ ضروری ہے کہ جن کتب خانوں میں رسائل کے قابل لحاظ ذخائر موجود ہوں، ان کو منظرِ عام پر لانے کے لیے ان کی فہارس مرتب اور شائع کرنے کا بندوبست کیا جائے اور انہیں لائبریریوں کی زینت بنایا جائے تا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ کس کتب خانے میں رسائل و جرائد کے کون کون سے متفرق شمارے اور ان کی کس قدر مکمل/نامکمل جلدیں محفوظ ہیں اور اُن کی نوعیت کیا ہے؟

رسائل کے اشاریوں کی ابتدا

اس میں شک نہیں کہ اُردو رسائل کی باضابطہ اور کتابی صورت میں اشاریہ سازی کی اہمیت و افادیت کا ادراک سب سے پہلے اورینٹل کالج میگزین کے فاضل مدیر مولوی محمد شفیع مرحوم کو ہوا، اِن ہی کی تحریک پر اس کے ۱۹۲۵ء سے ۱۹۴۱ء تک کے تمام شماروں کا اشاریہ محمد ابراہیم اور ڈاکٹر سید محمد عبداللہ نے مرتب کیا جو مئی ۱۹۴۲ء کے شمارے میں شائع ہوا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ''مخزن''، لاہور کے ایڈیٹر شیخ عبدالقادر بھی رسائل کے اشاریوں کی افادیت سے بخوبی آگاہ

تھے۔ ''مخزن'' کی جلد چھ شماروں پر مشتمل ہوا کرتی تھی' جلد کے اختتام پر اس کے شماروں کی مکمل فہرست بلحاظ مضامین شائع کی جاتی تھی۔ گیارھویں جلد (اپریل تا ستمبر ۱۹۰۶ء) کا ایسا ہی ایک اشاریہ راقم کی لائبریری میں محفوظ ہے' جو ستمبر ۱۹۰۶ء کے شمارے کے آخر میں منسلک کیا گیا تھا۔ چار صفحات پر مشتمل یہ اشاریہ تصاویر' نثر اور نظم کے اعتبار سے بالترتیب مرتب کیا گیا ہے۔ اس فہرست کے مندرجات کو اُردو رسائل کے فنِ اشاریہ سازی کا نقطۂ آغاز کہنا بے جا نہ ہوگا۔ لیکن یہ امر تحقیق طلب ہے کہ کیا ''مخزن'' نے پہلی جلد کی اشاعت کے ساتھ ہی اشاریے کی اشاعت کے سلسلے کا آغاز کر دیا تھا؟ ماہنامہ ''زمانہ'' کانپور کی جلد بھی چھ شماروں پر محیط ہوا کرتی تھی' اس کی جلدے کے شماروں جولائی - دسمبر ۱۹۰۶ء کا اشاریہ جنوری ۱۹۰۷ء کے پرچے کے ساتھ مہیا کیا گیا تھا۔ دو ورقوں پر مشتمل یہ اشاریہ راقم کی لائبریری میں موجود ہے ماہنامہ ''ادیب'' الہ آباد کا یک ورقی اشاریہ اگست ۱۹۱۱ء کے شمارے کے ساتھ منسلک کیا گیا' بعد میں اس سلسلے کو چار صفحات تک توسیع دے دی گئی' ہمارے ہاں ''دلگداز'' جنوری - دسمبر ۱۹۱۴ء کا یک ورقی اشاریہ بھی موجود ہے جس کا تعلق جلد ۱۶ کے شماروں سے ہے' اسی طرح ماہنامہ ''معارف'' اعظم گڑھ ہر جلد کے اختتام پر اس کا اشاریہ نئی جلد کے افتتاحی شمارے کے ساتھ مہیا کرتا چلا آ رہا ہے۔ راقم کی لائبریری میں ''معارف'' کی جلد یازدہم (جنوری - جون ۱۹۲۳ء) کا اشاریہ محفوظ ہے جو جولائی ۱۹۲۳ء کے شمارے کے ساتھ منسلک ہے اور چھ صفحات پر مشتمل ہے۔ اشاریے میں اس جلد کے مضمون نگاروں کی ایک فہرست بہ حروف تہجی مرتب کی گئی ہے جبکہ دوسری فہرست مضامین کے اعتبار سے ترتیب دی گئی ہے۔ ان مضامین کی تقسیم دس موضوعات کے تحت کی گئی ہے۔ جلد کے اختتام پر قارئین کو اشاریہ پیش کرنے کا جو مفید سلسلہ ''معارف'' نے متعارف کرایا تھا وہ ابھی تک بہ اہتمام و کمال جاری ہے' لیکن یہ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ اس سلسلے کی ابتدا ''معارف'' کی کس جلد سے ہوئی؟

رسائل کے اشاریے کتابی صورت میں

اس کے بعد ''اورینٹل کالج میگزین'' کے ۱۹۲۵ء تا ۱۹۶۷ء کے شماروں کا اشاریہ ۱۹۷۰ء میں ''اورینٹل کالج میگزین'' کے سائز اور انداز پر منظرِ عام پر آیا' اسے اُردو رسائل کا ایسا اولین اشاریہ

کہنا چاہیے جو کتابی صورت میں شائع ہوا لیکن ظاہری شکل وصورت میں اس نے کتاب کا محض چولا ہی پہن رکھا تھا۔ اسے زیادہ سے زیادہ ''اورینٹل کالج میگزین'' کا ایک خصوصی شمارہ اشاریہ نمبر ہی قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد پھر ۱۹۸۵ء میں معروف کتابی وضع قطع اور سائز اپنا کر سامنے آنے والا اشاریہ ماہنامہ ''ترجمان القرآن'' حیدرآباد دکن/پٹھانکوٹ/لاہور کا تھا۔ یہ اشاریہ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۷۶ء کے شماروں کو محیط ہے۔ اشاریہ ترجمان القرآن کے مرتب حکیم نعیم الدین زبیری پہلی جلد (رجب-ذی الحج ۱۳۵۱ھ) کے شماروں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکے، یہ جلد رسالے کے بانی مولانا ابومحمد مصلح کی ادارت میں حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی تھی، زبیری صاحب افسوس کے ساتھ لکھتے ہیں:

''ترجمان القرآن'' کی پہلی جلد باوجود کوشش کے کہیں دستیاب نہ ہوسکی''

۱۹۷۰ء سے تاحال اشاریوں کی کس قدر تعداد کتابی صورت میں شائع ہوئی، اس کے متعلق حتمی طور پر کچھ کہنا ہمارے لیے ممکن نہیں لیکن اس دوران میں جو اشاریے ہمیں اپنی لائبریری کے لیے دستیاب ہوسکے، اُن کے تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰۰۰ء سے ۲۰۰۶ء کا دور کتابی صورت میں شائع شدہ اشاریوں کی تعداد کے لحاظ سے سرفہرست رہا ہے

کتابی صورت میں حاصل شدہ اشاریوں کی مختصر فہرست حسبِ ذیل ہے:

○ سہ ماہی **اورینٹل کالج میگزین** لاہور، مرتبہ: ڈاکٹر محمد بشیر حسین

۱۹۲۵ء-۱۹۶۷ء، چاپخانہ پنجابی ادبی اکادمی لاہور ۱۹۷۰ء ص ۱۱۲

○ سہ ماہی **اُردو** اورنگ آباد/ کراچی، مرتبہ: سید سرفراز علی رضوی

۱۹۲۱ء-۱۹۶۰ء، انجمن ترقی اُردو پاکستان کراچی ۱۹۷۶ء ص ۱۴۰

○ ماہنامہ/سہ ماہی **فکرونظر** کراچی/اسلام آباد، مرتبہ احمد خان

۱۹۶۲ء-۱۹۷۸ء ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد ۱۹۷۹ء ص ۲۵۴

○ ماہنامہ **ترجمان القرآن** حیدرآباد دکن/پٹھانکوٹ/لاہور، مرتب: حکیم نعیم الدین زبیری

۱۹۳۲ء-۱۹۷۶ء، ادارہ معارف اسلامی کراچی ۱۹۸۵ء ص ۴۴۳

o پندرہ روزہ/ماہنامہ **آج کل** دہلی (جلد اول)، مرتبہ: جمیل اختر

۱۹۴۲ء-۱۹۸۶ء، اُردو اکادمی دہلی ۱۹۸۸ء ص ۶۸۳

o ☆☆☆ **راوی** لاہور، مرتب: بدر منیر الدین

۱۹۱۱ء-۱۹۴۷ء، یونیورسل بکس اُردو بازار لاہور ۱۹۸۹ء ص ۱۱۲

o ماہنامہ **طلوع اسلام** دہلی/لاہور، مرتبہ: خادم علی جاوید

۱۹۳۸ء-۱۹۹۰ء، النور پرنٹرز و پبلشرز لاہور ۱۹۹۱ء ص ۵۵۲

o سہ ماہی **اُردو انٹرنیشنل** ٹورنٹو، مرتب: ڈاکٹر سید معراج نیر

۱۹۸۲ء-۱۹۸۷ء، شعبہ اُردو گورنمنٹ کالج لاہور ۱۹۹۶ء ص ۱۳۶

o ماہنامہ **برہان** دہلی، ترتیب: ڈاکٹر شائستہ خان

۱۹۳۸ء-۱۹۶۵ء، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۱۹۹۶ء ص ۸۰

o ☆☆☆ **خدا بخش لائبریری جرنل** پٹنہ، مرتب: عابد رضا بیدار

۱۹۷۷ء-۱۹۹۵ء خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۱۹۹۶ء ص ۶۰

o ماہنامہ **ضیائے حرم** بھیرہ، مرتبہ: عابد حسین شاہ

۱۹۷۰ء-۱۹۹۰ء، بہاء الدین زکریا لائبریری چھونبی (چکوال) ۱۹۹۷ء ص ۳۳۶

o سہ ماہی **اُردو نامہ** کراچی، مرتبہ: مصباح العثمان

۱۹۶۰ء-۱۹۷۷ء، اُردو ڈکشنری بورڈ کراچی ۱۹۹۷ء ص ۱۲۸

o سہ ماہی **اسلام اور عصرِ جدید** نئی دہلی، مدیر: اختر الواسع

۱۹۶۹ء-۱۹۹۹ء، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی ۱۹۹۹ء ص ۵۶

o ہفت روزہ **سچ** لکھنؤ، مرتبہ: عبدالعلیم قدوائی

۱۹۲۵ء-۱۹۳۲ء، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۲۰۰۰ء ص ۵۷۸

o ماہنامہ/سہ ماہی **عالم اسلام اور عیسائیت** اسلام آباد، ترتیب: سفیر اختر

۱۹۹۰ء-۲۰۰۰ء، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد ۲۰۰۰ء ص ۸۸

○ دو ماہی / سہ ماہی **نیا دور** بنگلور / کراچی، مرتب: نثار احمد فیضی

۱۹۴۶ء - ۱۹۸۹ء خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۲۰۰۱ء ص ۲۱۰

○ پندرہ روزہ / ماہنامہ **آج کل** دہلی، مرتبہ: ڈاکٹر جمیل اختر

۱۹۴۲ء - ۲۰۰۰ء انٹرنیشنل اُردو فاؤنڈیشن دہلی ۲۰۰۲ء ص ۱۱۵۸

○ سہ ماہی **اُردو** کراچی، مرتبہ: مصباح العثمان

۱۹۶۶ء - ۱۹۹۸ء انجمن ترقی اُردو پاکستان کراچی ۲۰۰۲ء ص ۱۸۰

○ ماہنامہ **دلگداز** (جلد اول) لکھنؤ، مرتب: محمد قمر سلیم

۱۸۸۷ء - ۱۹۱۸ء محمد قمر سلیم واشی، نوی ممبئی ۲۰۰۳ء ص ۲۴۰

○ ہفت روزہ **صِدق** لکھنؤ، ترتیب: عبدالعلیم قدوائی

۱۹۳۵ء - ۱۹۵۰ء خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۲۰۰۳ء ص ۶۸۶

○ ماہنامہ **الرشاد** اعظم گڑھ، مرتب: ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی

۱۹۸۱ء - ۲۰۰۲ء جامعۃ الرشاد رشاد نگر اعظم گڑھ ۲۰۰۴ء ص ۲۳۲

ماہنامہ **رحیق** لاہور، مولف: سفیر اختر

۱۹۵۶ء - ۱۹۵۹ء دارالمعارف لوہسر شرفو واہ کینٹ ۲۰۰۴ء ص ۵۶

○ ماہنامہ **الرحیم** حیدرآباد، مرتب: سفیر اختر

۱۹۶۳ء - ۱۹۶۹ء دارالمعارف لوہسر شرفو واہ کینٹ ۲۰۰۴ء ص ۷۶

○ ماہنامہ **جامعہ** نئی دہلی، مصنفہ: ڈاکٹر فرزانہ جلیل

۱۹۲۳ء - ۱۹۴۷ء تخلیق کار پبلی شرز نئی دہلی ۲۰۰۴ء ص ۵۱۲

○ ششماہی **علوم القرآن** علیگڑھ، مرتبہ: ڈاکٹر ظفر الاسلام اصلاحی

۱۹۸۵ء - ۲۰۰۳ء ادارہ علوم القرآن علیگڑھ ۲۰۰۵ء ص ۵۴

○ ماہنامہ **ادبِ لطیف** لاہور، مرتب: ڈاکٹر شگفتہ حسین

۱۹۳۵ء - ۱۹۹۵ء بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان ۲۰۰۶ء ص ۴۴۷

○ ماہنامہ **معارف** اعظم گڑھ، مرتبہ: محمد سہیل شفیق

۱۹۱۴ء-۲۰۰۵ء، قرطاس کراچی ۲۰۰۶ ص۶۴۴

ان اشاریوں کے علاوہ ایسی فہرستیں بھی افادیت کے اعتبار سے اہم مقام کی حامل ہیں جن سے بعض رسائل اور اخبارات کے بارے میں ضروری اور بنیادی معلومات حاصل ہوتی ہیں، اس نوعیت کے کام کی فہرست پیش خدمت ہے:

○ **پاکستان کے اُردو اخبارات اور رسائل** (کتابیات) جلد اول، مرتبہ: محمود الحسن

مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ۱۹۸۵ء ص۲۵۶

○ **پاکستان کے اُردو اخبارات اور رسائل** (کتابیات) جلد دوم مرتبہ: ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری

مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ۱۹۸۵ء ص۲۶۳

○ **پاکستان کے اخبارات اور رسائل** (۱۹۴۷ء تک) مرتبہ: ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری

مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ۱۹۸۷ء ص۲۳۹

کتب خانوں میں محفوظ رسائل کی مطبوعہ فہرستیں

رسائل و جرائد کی ایسی فہرستیں بھی منظرِ عام پر آ رہی ہیں جو کسی کتب خانے میں صرف محفوظ رسائل کے شماروں کی حد تک تفصیل مہیا کرتی ہیں، اس انداز کی فہارس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

○ **پرُانے رسائل کی ڈائریکٹری**، مرتبہ: وحید الدین نظامی

نظامی بک ایجنسی بدایوں ۱۹۵۷ء ص۴۸

○ **اُردو رسائل کی ڈائریکٹری** (جلد اول)، مرتبہ: سید محمد حسین رضوی

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۱۹۷۳ء ص۲۹۲

○ **کتابچہ غالب لائبریری** کراچی، مرتب مرزا ظفر الحسن

غالب لائبریری کراچی ۱۹۸۲ء ص۱۶

○ **اُردو رسائل کا ذخیرہ** رامپور رضا لائبریری میں، مرتب: عابد رضا بیدار

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۱۹۹۲ء ص۳۶

○ **اُردو رسائل کا ذخیرہ** خدا بخش لائبریری میں (ماہنامہ، سہ ماہی)، مرتب: عابد رضا بیدار

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۱۹۹۴ء ص ۲۱۴

○ **اُردو جرائد** پندرہ روزہ، ہفت روزہ، سہ روزہ خدا بخش لائبریری میں، مرتب: عابد رضا بیدار

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ۱۹۹۵ء ص ٦٦

○ **مجمل فہرست اخبارات ورسالہ جات** لاہور، مرتبہ: رشید احمد ایم اے پی ای ایس

عجائب گھر لاہور ص ۳۰

○ **بچوں کی صحافت کے سو سال**، مرتب: ضیاء اللہ کھوکھر

عبدالمجید کھوکھر لائبریری گوجرانوالہ ۲۰۰۴ء ص ۱۱۰

تحریکِ آزادی کے حوالے سے روزناموں کی اشاریہ سازی

جہاں تک روزناموں کا تعلق ہے، اُن کے جو اشاریے منظر عام پر آئے ہیں انہیں صرف تحریک آزادی کے موضوع تک محدود رکھا گیا ہے۔ تفصیل پیش خدمت ہے:

○ روزنامہ **نوائے وقت** لاہور، مرتبہ: سرفراز حسین مرزا

۱۹۴۴ء-۱۹۴۷ء، پاکستان سٹڈی سنٹر پنجاب یونیورسٹی لاہور ۱۹۸۷ء ص ٦٦۰

○ روزنامہ **زمیندار** لاہور، مرتبہ: احمد سعید

۱۹۱۳ء-۱۹۴۰ء، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ۱۹۸۸ء ص ۳٦۰

○ روزنامہ **پیسہ اخبار** لاہور، مرتبہ: احمد سعید

۱۹۰۷ء-۱۹۴۷ء، مغربی پاکستان اُردو اکیڈمی لاہور ۲۰۰۳ء ص ۳۵٦

اقبالیات کے حوالے سے رسائل کی اشاریہ سازی

اسی طرح اقبالیات کے حوالے سے بھی بعض رسائل کی اشاریہ سازی تیز رفتاری کے ساتھ جاری ہے، لیکن عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری میں اس نوعیت کے صرف تین اشاریے موجود ہیں:

○ **اقبالیات راوی**، مرتبہ: ڈاکٹر صدیق جاوید

الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہور ۱۹۸۹ء ص ۳۴۴

○ **اقبالیاتِ نقوش**، مرتبہ: تسلیم احمد تصور

بزم اقبال لاہور ۱۹۹۳ء ص ۳۶۰

○ سہ ماہی **اقبال** لاہور، مرتبہ: اختر النساء بیگم

۱۹۵۲ء-۱۹۹۲ء، بزم اقبال لاہور ۱۹۹۴ء ۲۷۶

○ **اقبالیاتِ نیرنگِ خیال**، مرتبہ: محمد وسیم اکرم

انجم پبلشرز کمال آباد ۳ راولپنڈی ۲۰۰۰ء ص ۳۶۸

موضوعاتی اشاعتیں

اُردو رسائل کے خصوصی شماروں کی اشاریہ سازی پر بھی مختلف انداز سے کام ہو رہا ہے۔ کتب خانہ ہمدرد کراچی نے اپنے ہاں موجود خصوصی شماروں کی توضیحی فہرست جاری کی، جس میں ہر شمارے کے مندرجات کا اندراج بھی کیا گیا ہے

پروفیسر محمد اقبال جاوید صاحب کا خصوصی شماروں کے حوالے سے ایک نئی جہت سے تحقیقی کام بھی منظرِ عام پر آ چکا ہے، انہوں نے پہلے تو اُردو رسائل کے رسول نمبروں کی توضیحی فہرست مرتب کی اور پھر قرآن نمبروں کی وضاحتی فہرست بھی تیار کی۔ ان فہرستوں کی ایک خوبی یہ ہے کہ ان میں اہم مضامین کے اقتباسات کو بھی شامل کیا گیا ہے جس سے متعلقہ رسائل کے تعارف کو جامعیت حاصل ہوئی ہے۔ پروفیسر صاحب کے اسی تحقیقی کام سے متاثر ہو کر راقم بھی عبدالمجید کھوکھر لائبریری گوجرانوالہ میں موجود اُردو رسائل کے خصوصی شماروں کی فہرست سازی پر راغب ہوا

خصوصی شماروں کے حوالے سے شائع ہونے والی کتابیات کی فہرست:

○ توضیحی فہرست کتب خانہ ہمدرد اشاعت ہائے خاص اُردو رسائل مرتبہ: حکیم نعیم الدین زبیری

ہمدرد فاؤنڈیشن پریس کراچی ۱۹۸۴ء ص ۲۷۰

○ بیسویں صدی کے رسول نمبر مرتبہ: پروفیسر محمد قبال جاوید

فروغ ادب اکادمی گوجرانوالہ ۱۹۹۹ء ص ۵۹۲

○ بیسویں صدی کے قرآن نمبر مرتبہ: پروفیسر محمد قبال جاوید

فروغِ ادب اکادمی گوجرانوالہ ۲۰۰۲ء ص ۲۴۰

ہفت روزہ رسائل کے اشاریے

ماہوار رسالوں کی نسبت ہفت روزہ رسائل کی اشاریہ سازی زیادہ مشقت و محنت اور دیدہ ریزی کی متقاضی ہے اور اس میں وقت بھی بہت زیادہ صرف ہوتا ہے جہاں تک راقم کی محدود معلومات کا تعلق ہے ہفت روزہ ''الہلال'' کلکتہ وہ ہفت روزہ تھا جس نے سب سے پہلے جلد کی تکمیل پر اشاریہ مرتب اور شائع کرنے کی روایت قائم کی۔ ''الہلال'' امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی ادارت میں ۱۳ جولائی ۱۹۱۲ء میں کلکتہ سے اُفقِ صحافت پر طلوع ہوا۔ مولانا اسے بڑے اہتمام کے ساتھ ۹ x ۴ کے ۱۶ صفحات پر ٹائپ میں شائع کرتے' سرورق سے لے کر آخری ورق تک مولانا کی نفاست پسندی' لطافت شناسی اور خوش مذاقی کا ثبوت ملتا ہے۔ ''الہلال'' باتصویر رسالہ تھا جس کی لوح ''ایک ہفتہ وار مصور رسالہ'' سے مزین رہا کرتی' اس کی پہلی جلد ۲۵ دسمبر ۱۹۱۲ء کو مکمل ہوئی، جس کے تمام شماروں کا اشاریہ دوسری جلد کے افتتاحی شمارے کے ساتھ چار صفحات پر شائع کیا گیا' فہرست مضامین نثر بترتیب حروف تہجی کے بعد دوسرے حصے میں منظومات کو مرتب کیا گیا' تیسرے حصے میں جلد اول میں شائع ہونے والی تصاویر کی فہرست کا اشاریہ بھی مرتب کیا گیا

اس کے بعد ہفت روزہ ''اہلحدیث'' امرتسر ہی ایسا ہفت روزہ ہے جس کی کسی جلد کا اشاریہ راقم کی نظر سے گزرا ہے ''اہلحدیث'' ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء میں منصۂ شہود پر آیا' اس کی جلد ۲۲ کے شماروں ۷ نومبر ۱۹۲۴ء تا ۲۳۔ اکتوبر ۱۹۲۵ء کا اشاریہ جلد کے اختتامی شمارے ساتھ منسلک کیا گیا جو ۴ صفحات پر مشتمل تھا' بعد میں اس اشاریے کو ۸ صفحات تک وسعت دے دی گئی۔ زیرِ نظر تالیف کو اگرچہ صرف ماہوار رسالوں کے خصوصی شماروں تک محدود رکھا گیا ہے' ہفت روزہ صحافت سے اسے کوئی سروکار نہیں لیکن اس مقام پر فن اشاریہ سازی کے ارتقا کے سلسلے میں ہفت روزہ ''الہلال'' اور ہفت روزہ ''اہلحدیث'' کے کردار کا تذکرہ بے جا نہ ہوگا

چند اولین خصوصی شمارے

زیرِ نظر فہرست رسائل کے اُن خصوصی شماروں کو محیط ہے' جو عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری کے

ذخیرۂ رسائل میں موجود ہیں۔ اُن کی بنیاد پر حتمی طور پر یہ طے کرنا ممکن نہیں کہ اُردو صحافت میں کس رسالے نے سب سے پہلے خاص شمارہ متعارف کرانے کی روایت قائم کی' تاہم پیشِ نظر سرمایۂ علمی کا تجزیاتی جائزہ لیا جائے تو ماہنامہ ''مخزن'' لاہور کا دربار نمبر اولین خصوصی شمارہ قرار پاتا ہے

مخزن

''مخزن'' کا یہ دربار نمبر دسمبر ۱۹۰۲ء میں ایڈورڈ ہفتم کی تاج پوشی کی تقریب کے موقع پر منظرِ عام پر آیا تھا۔ نومبر ۱۹۰۲ء کے شمارے میں ''دربار نمبر'' کے بارے میں مندرجہ ذیل تحریر کا سراغ ملتا ہے:

''دربارِ دہلی کی تقریب پر مخزن کا ایک خاص پرچہ غیر معمولی آب وتاب سے شائع کرنے کا ارادہ ہے۔ اس میں ہز مجسٹی شاہنشاہ اڈورڈ ہفتم قیصرِ ہند اور ملکہ الگزنڈرا۔ ہز اکسلینسی لارڈ کرزن اور لیڈی کرزن کی تصاویر ہونگی۔ اور اُن کے علاوہ ایک مرقع مضمون نگارانِ مخزن کی تصاویر کا ہوگا۔ جس سے ناظرین ''مخزن'' کو اُن اصحاب سے جو اوراقِ رسالہ میں عموماً اپنے خیالات ظاہر کرتے رہتے ہیں۔ غائبانہ روشنائی کا بھی موقع مل جائے گا۔ اور وہ تصویریں جن میں ہندوستان کے اکثر اُبھرنے والے صاحبانِ تالیف وتصنیف کی تصویریں شامل ہیں۔ اس عالیشان دربارِ قیصری کی ایک نشانی رہینگی۔ اور جہاں اور بڑی بڑی قیمتی اور دلچسپ یادگاریں اس شاہجہان آباد کے جشنِ قیصری کی قائم ہونگی۔ وہاں یہ ایک چھوٹی سی نشانی بھی اُس مناسبت کی بنا پر جو ''مخزن'' کو شاہجہان آباد کی زبان سے ہے۔ اس تاریخی واقعے کو یاد دلائینگی۔ اور بتائینگی۔ کہ ملک کے اخباری لٹریچر کی اُس وقت کیا حالت تھی''

لیکن اس شمارے میں کوشش بسیار کے باوجود بعض تصاویر شاملِ اشاعت نہ ہوسکیں اور کئی مضامین بھی شائع ہونے سے رہ گئے۔ چنانچہ جنوری ۱۹۰۳ء میں ''مخزن'' کا ''دوسرا دربار نمبر'' شائع کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اس خصوصی شمارے کے بارے میں ''ناکامی مرقع'' کے عنوان سے ایڈیٹر نے اپنے تاسّف کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے:

''نہایت افسوس ہے کہ مضمون نگاران مخزن کے مرقع کی تجویز میں تاحال ناکامی ہوئی۔ اس خیال سے کہ مرقع عالیشان دربار کے متناسب ہو۔ ہم نے کوشش کی تھی۔ کہ معمولی لیتھو کی تصاویر سے بہتر تصاویر چھپیں اور اسلئے جست کی پلیٹیں صرفِ کثیر سے تیار کروائی تھیں۔ لاہور میں ایک ہی دوکان اس کام کو کرنے والی ہے۔ پہلے تو انہوں نے دیر کی۔ کچھ اُن کے کام میں نقص رہ گئے۔ جن سے تصویریں چھپنے میں بگڑنے لگیں۔ اس

پر مزید دقت یہ پڑی کہ لاہور میں کوئی چھاپہ خانہ اس قسم کے کام کے لئے تیار نہیں ملا اور کسی کے ہاں مطلوبہ کا غذ دستیاب نہ ہوا۔ کچھ باہر بھیجیں۔ وہاں سے مصروفیت کا عذر کیا گیا۔ ناچار نا کام ہو کے رہ گئے۔ قصد یہ ہے کہ اب بجائے ان تصاویر کو مرقعہ کی صورت میں پیش کرنے کے وقتاً فوقتاً ایک ایک دو دو کر کے رسالہ میں چھاپ دیں۔ تا کہ اس طرح کچھ عرصہ کے لئے مستقل دلچسپی کا سلسلہ قائم رہے۔ اب کے موعودہ مرقع کی کمی کی تلافی پھر رسالہ کا حجم بڑھانے سے کی جاتی ہے۔ اور یہ پرچہ جو دوسرا دربار نمبر ہے۔ دسمبر کے پرچے کی طرح ۹۶ صفحہ کا چھپتا ہے۔ خوش قسمتی سے ہز مجسٹی قیصرِ ہند اور قیصرہ ہند کی تصاویر تیار ہو چکی ہیں جو ہدیہ ناظرین ہیں''

مندرجہ بالا ''دربار نمبروں'' کے جو شمارے ہماری لائبریری میں موجود ہیں، شومیِ قسمت سے یہ دونوں ان تصاویر سے محروم ہیں۔ گمان یہ ہے کہ کسی صاحبِ ذوق نے ان دیدہ زیب تصاویر کو اپنی تسکینِ نظر کے لیے ان شماروں سے اُچک لیا ہو

عصرِ جدید

اس کے بعد ستمبر ۱۹۰۵ء میں ''عصرِ جدید'' مالیر کوٹلہ کا ''دین و دُنیا کا نمبر'' منظرِ عام پر آیا۔ ''عصرِ جدید'' کے ایڈیٹر خواجہ غلام الثقلین تھے، انہوں نے نومبر دسمبر ۱۹۰۵ء کا مشترکہ شمارہ ''حدوثِ مادہ کا نمبر'' کے عنوان سے شائع کیا

''عصر جدید'' کا آغاز جنوری ۱۹۰۳ء میں میرٹھ سے ہوا تھا لیکن بعد میں جلد ہی مالیر کوٹلہ سے شائع ہونے لگا۔ جنوری ۱۹۰۶ء میں ''عصر جدید'' کا محلِ اشاعت مالیر کوٹلہ سے لکھنؤ منتقل ہو گیا اور وہیں سے جنوری ۱۹۰۶ء ہی میں ''عصر جدید'' کا ''کانفرنس نمبر'' منصۂ شہود پر آیا

خواجہ صاحب طبعاً معتدل مزاج اور مسلکاً شیعہ تھے۔ انہوں نے فروعی اور فرقہ وارانہ اختلافات سے اپنے دامن کو کبھی آلودہ نہیں ہونے دیا، حالانکہ ان کا شمار شیعہ کانفرنس کے بانیوں میں ہوتا ہے۔ خواجہ صاحب محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے ساتھ گہرا تعلق رکھتے تھے۔ کانفرنس کا قیام ۱۸۸۶ء میں عمل میں آیا، اس کا مقصد تعلیم کی اشاعت کے لیے تعلیمی اداروں کا قیام تھا۔ ۱۹۰۳ء میں کانفرنس میں ''اصلاح تمدن'' کے عنوان سے ایک الگ شعبہ قائم کیا گیا، خواجہ صاحب اس شعبے کے سکریٹری مقرر ہوئے

''آل انڈیا محمدن اینگلو اورینٹل ایجوکیشنل کانفرنس کی ستائیس سالہ خدمات کا مختصر تذکرہ'' میں خواجہ صاحب کی خدمات کا اعتراف ان الفاظ میں کیا گیا ہے:

''جناب ممدوح نے کئی سال تک نہایت سرگرمی کے ساتھ اصلاح تمدن کا کام نہایت خوبی سے انجام دیا اور اپنے رسالہ عصرِ جدید کے ذریعہ سے ان خیالات کی اشاعت کی''

۱۹۰۴ء میں کانفرنس کا جو اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوا تھا اُس میں انہوں نے ۳۰ دسمبر کو ''قومی ترقی کے اصول اور اصلاح کا راستہ'' کے عنوان سے لیکچر دیا، جس میں آپ نے مسلمانانِ ہند کی اخلاقی، تعلیمی، سماجی اور معاشی پستی کے اسباب کی نشاندہی کی اور اُن کے تدارک کے لیے مفید تجاویز پیش کیں۔ خواجہ صاحب شادی بیاہ اور دیگر سماجی و مذہبی تقریبات پر بے جا اخراجات کے سخت مخالف تھے، سگریٹ وحقہ نوشی اور منشیات کو ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ خیال کرتے تھے اُن کی یہ پختہ رائے تھی کہ اس سے سُستی، کاہلی اور مفلسی کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اپنے ان خیالات کی اشاعت میں اُن کا قلم خوب چلا، اُنہوں نے نثر کو اپنے اظہارِ خیال کا مؤثر ذریعہ بنائے رکھا۔ اُن کی نظر میں جو مفہوم نثر میں ادا ہو سکتا ہے، نظم اس سے عاری ہے۔ خواجہ صاحب شعر و شاعری اور غزل سرائی کو تفریحِ طبع اور تضیعِ اوقات سمجھتے لیکن کبھی کبھار ''عصرِ جدید'' کے صفحات میں مولانا حالی اپنی با مقصد اور پُرشکوہ شاعری کے ساتھ جلوہ افروز نظر آتے۔ ''عصرِ جدید'' ۱۹۰۵ء اور ۱۹۰۶ء کی دو مکمل جلدیں ہماری لائبریری کی زینت ہیں، ان کے سرسری مطالعہ سے یہ حقیقت کھلتی ہے کہ ''عصرِ جدید'' خالصتاً ادبی نہیں بلکہ اصلاحی رسالہ تھا'' عصرِ جدید'' نے ''مسلمانوں کو ایک عملی، سنجیدہ اور کفایت شعار قوم بنانا'' کا ماٹو اپنی پیشانی پر سجا رکھا تھا، اس کے علاوہ ''ایک ماہانہ ریویو . مقاصد . تمدنی، اصلاحی، قومی ترقی، پالٹکس'' بھی اس کی لوح پر ثبت رہتا''

زمانہ

عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری میں ماہنامہ ''زمانہ'' کانپور کا ''قومی نمبر'' بھی موجود ہے جو نومبر ۱۹۰۶ء میں نمودار ہوا۔ ''زمانہ'' کے ایڈیٹر منشی دیا نرائن نگم ملک کے تمام فرقوں کے درمیان بھائی چارے، رواداری اور یکجہتی کا فروغ چاہتے تھے۔ وہ عوام الناس اور حکمرانوں کے مابین مفاہمت کی فضا دیکھنے کے بھی متمنی تھے۔ اُنہوں نے اس خاص شمارے کو ایسی نثری اور شعری نگارشات سے

آراستہ کیا جس سے اتفاق اور اتحاد کے بارے میں اُن کے نظریات اور اندازِ فکر و عمل پر روشنی پڑتی ہے

منشی شیو برت لال ورمن ایم اے نے فروری ۱۹۰۳ء میں ماہنامہ ''زمانہ'' بریلی سے جاری کیا' وہی اس کے مالک اور بانی ایڈیٹر تھے۔ نومبر دسمبر ۱۹۰۳ء کے شمارے سے منشی دیا نرائن نگم بی اے کا نام ''زمانہ'' کے مرتب کی حیثیت سے درج ہونے لگا۔ اُس وقت اُن کی عمر ۲۲ سال کے قریب تھی، زمانہ ۱۹۰۵ء میں بریلی سے لکھنؤ منتقل ہو گیا

''زمانہ'' کے صفحات اخلاقیات' معاشیات' لسانیات، سیاسیات کے علاوہ تہذیب' صحافت' تاریخ اور فلسفہ کے موضوعات پر نہایت عمدہ اور ٹھوس مضامین سے مزین ہوتے۔ مزاج کے اعتبار سے ''زمانہ'' کو نیم ادبی رسالہ ہی قرار دیا جاسکتا ہے

جنوری ۱۹۰۴ء کے ''زمانہ'' میں منشی صاحب رقم طراز ہیں:

''..... کافی غور فکر اور صلاح مشورہ کے بعد یہ طے پایا ہے کہ زمانہ محض شاعری اور انشاء پردازی کے ہاتھ رہن نہ رکھ دیا جائے۔ زمانہ میں حتی الوسع ترقی زبان کا خیال لیے ہوئے اصلاح خیالات' درستی مذاق' توسیع معلومات' ترقی اتحاد وغیرہ کا زیادہ خصوصیت سے التزام رکھا گیا ہے.....''

منشی دیا نرائن نگم عملیت پسند تھے' شعراء کے کلام میں حسن عشق' آہ وفغاں' نالہ زاری اور شکوے شکایت سے انہیں کوئی سروکار نہیں تھا' ان کا مزاج شعر و شاعری کی لطافتوں اور شوخیوں سے کبھی ہم آہنگ نہ ہو سکا وہ دیگر احباب سے بھی شاعری کی خیالی دُنیا سے کنارہ کشی کی توقع رکھتے تھے' ماہنامہ ''الناظر'' کے ایڈیٹر ستمبر ۱۹۱۵ء کے شمارے میں نگم کی اس روش پر کس خوبی سے چٹکی لیتے ہیں:

''العصر کے ایڈیٹر شاکر کے کمالات شاعری کو منشی دیا نرائن نگم نہ خود تسلیم کریں اور نہ دوسروں کو ماننے دیں''

نگم خود کہا کرتے:

''خدا نے میرے ساتھ ایک یہی تو احسان کیا ہے کہ مجھے اس غم سے آزاد پیدا کیا ہے' ورنہ رسالے کے بجائے دیوان شائع کرتا''

منشی دیا نرائن نگم نے اس خصوصی شمارے کا آغاز اپنی اس ''دعائے خیر'' سے کیا ہے:

''آجکل ہمارے مادری ملک کے سب حصوں میں ہمارے بھائیوں میں ایثار نفسی کی اُمنگ کا جو اظہار ہونے لگا ہے اُس کی عزت اور بزرگی تیرے ہی رحم و کرم کا نتیجہ ہے۔ ہم اس مغائرت کیلئے جو بدقسمتی سے

ہمارے ملک کی بعض قوموں میں پھیلی ہوئی ہے تاسف کرتے ہیں اور وہ کشیدگی جو بعض مقامات پر ہم میں اور ہمارے حکام میں پیدا ہوگئی ہے۔ ہم کو تاسف اور ملول کیے ہوئے ہے۔ اے پاک پروردگار! تو اپنے فضل وکرم سے سب کو ایسی توفیق دے کہ جو کچھ وہ دل میں سوچیں اور زبان سے کہیں یا جس تجویز پر عمل کریں اس میں ایک دوسرے سے تحمل اور فراخدلی سے پیش آئیں کہ سچی یگانگت، صلح اور موافقت استواری سے قائم ہو"

اس شمارے میں ''اکبر کی تمدنی اصلاحیں'' کے عنوان سے مولوی عبدالحق صاحب بی اے پرنسپل مدرسہ آصفیہ کا نہایت علمی، تحقیقی اور فکر انگیز مضمون دامن کشِ قلب ونظر ہے۔ ایک دوسرے مضمون میں ''عقائد قومی'' کے زیر عنوان مسٹر شیونرائن ایم اے بی ایس سی باہمی اتفاق واتحاد کے لیے بیس نکات پیش کرتے ہیں۔ جس کا پہلا اور بارہواں نکتہ قابلِ غور وفکر ہے:

''ا۔ میں ہندوستان کی یگانگت اور یکتائی کا معتقد ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ کل ملک ایک ہے۔ اس میں کسی قسم کی تقسیم ناممکن ہے

۱۲۔ میں ان سب لوگوں کو جو سرزمین ہند سے اٹھے ہیں بلحاظ مذہب وملت، ذات وقوم آپس میں بھائی بھائی سمجھتا ہوں''

''زمانہ'' کانپور کی ادبی حیثیت کے بارے میں ماہنامہ ''نقاد'' آگرہ اگست ۱۹۱۷ء کے شمارے میں یوں تبصرہ کرتا ہے:

''ایک زمانہ میں اسکی دھوم تھی اور اس میں کوئی کلام نہیں کہ ادب اُردو کی خدمت اس نے نہایت تندہی سے کی مشہور زمانہ انشاپرداز اس کی رونق بڑھانے میں سرگرم تھے۔ اس کا دائرہ عمل مذہب وغیرہ سے ہمیشہ الگ صرف ادب وزبان اور کبھی کبھی علمی خدمت گذاری کے اندر محدود رہا پہلے مصور شائع ہوتا تھا مگر اب بوجہ سامان طباعت وتصویر کشی کے قحط کے تصویروں کا اہتمام نہیں ہمیں افسوس ہے جب سے نگم صاحب کی توجہ اخبار آزاد کی طرف جذب ہوئی زمانہ کا رنگ پھیکا پڑ گیا اب اس میں پہلی سی بات نہیں رہی نہ وہ ادبی دلچسپیوں کی فراوانی ہوتی ہے اور نہ تنوع کی دلفریب گوناگونی۔ تاہم اب بھی وضع داری کو نبھائے جاتا ہے گو وہ پہلی سی دل آویزیاں نہ ہوں مگر موجودہ حالت میں بھی کچھ کم دلچسپ نہیں ہوتا''

دکن ریویو

جولائی ۱۹۰۲ء میں مولانا ظفر علی خان نے حیدر آباد دکن سے ماہنامہ ''افسانہ'' جاری کیا۔ اس میں رینالڈ [George W.M Renaulds] کے ناول مسٹریز آف دی کورٹ آف لندن

[Mysteries of the Court of London] کا ترجمہ ''فسانہ لندن'' کے نام سے مولانا کے قلم سے شائع ہونے لگا۔ ''افسانہ'' کے اجرا کا مقصد مولانا کے اپنے الفاظ میں ''سلیس اور فصیح اُردو میں دلچسپ اخلاقی اور نتیجہ خیز انگریزی ناولوں کے تراجم کا ماہواری سلسلہ'' تھا' گویا انگریزی ناولوں کے تراجم اور اُن کی قسط وار اشاعت سے مولانا قارئین میں اخلاقی اور تہذیبی اقدار کا تحفظ چاہتے تھے۔ جنوری ۱۹۰۴ء کے شمارے میں مولانا رقم طراز ہیں:

''... ناول اور افسانے فی نفسہ ایسے قابلِ مذمت نہیں ہوتے۔ بلکہ اگر انصاف سے دیکھا جائے تو تہذیب نفس اور علم اخلاق کا سب سے مرغوب ذریعہ ہیں... انہی وجوہ کی بنا پر ہم نے افسانے کا جاری کرنا مناسب سمجھا۔ اس کا اندازہ خود ناظرین کر سکتے ہیں کہ آیا ان ۶۰۰ صفحوں میں جو اس وقت تک افسانہ ان کی خدمت میں پیش کر چکا ہے کوئی امر ان کی نظر سے ایسا گزرا جو خلاف تہذیب یا باعثِ تخریب یا منافی مقاصد ترقی زبان متصور ہو...''

''افسانہ'' اپنی مسلسل اشاعت اور ندرتِ زبان و بیان کی بنا پر شائقین کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوا لیکن جلد ہی بحران کی زد میں ایسا آیا کہ بے وقت موت کی آغوش میں چلا گیا۔ جب ۱۹۰۴ء میں مولانا نے ''دکن ریویو'' جاری کیا تو ''افسانہ'' کی راکھ کو اس کی بنیادوں میں دفن کر دیا لیکن ''دکن ریویو'' میں فسانہ لندن کے علاوہ دیگر ادبی' علمی' اخلاقی اور تحقیقی مضامین بھی شائع ہونے لگے

''دکن ریویو'' اگست ۱۹۰۵ء تک متواتر با قاعدگی سے نکلتا رہا' دسمبر ۱۹۰۵ء میں اس کے ستمبر اکتوبر نومبر دسمبر کے جڑواں شمارے یک جا شائع ہوئے۔ اس کے ساتھ ہی ''دکن ریویو'' کا دورِ اولین تمام ہوا

مولانا کی طبیعت ہمہ وقت مستعد اور موزوں رہتی تھی۔ ترجمہ اس مہارت سے کرتے کہ اصل کا گماں ہوتا' اس میدان میں کوئی ان کا ہمسر نہ تھا' انہوں نے کئی کتابوں کو اردو میں منتقل کیا اور بے شمار طبع زاد اصطلاحات کو متعارف کرایا' جولانئ طبع کی مثال نہ تھی' ان کے ذہن میں نت نئے اور فکر انگیز خیالات موج زن رہتے تھے۔ اپنے ان خیالات اور اُن سے حاصل شدہ تجربات سے اخلاقی

اور سماجی ماحول کو متاثر کرنا چاہتے تھے۔ اس مقصد کے لیے رسالے کو اظہارِ خیال کا بہترین ذریعہ سمجھتے تھے۔ مولانا اپنی افتادِ طبع، خود اعتمادی، مہم جوئی اور ذہنی وفکری صلاحیتوں کی بنا پر رسالے کے بغیر زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتے تھے۔ چنانچہ صومالی لینڈ میں مختصر قیام کے بعد جب بمبئی اُترے، تو وہیں سے نومبر ۱۹۰۶ء میں ''دکن ریویو'' کو از سرِ نو جاری کیا۔

مارچ ۱۹۰۷ء میں حیدر آباد دکن میں قیام کی راہ ہموار ہوئی تو اسے بھی اپنے ساتھ لے آئے اور وہیں سے اپریل مئی جون جولائی ۱۹۰۷ء کا مشترکہ شمارہ ''اسلام نمبر'' (سلک اول) شائع کیا اور پھر ستمبر اکتوبر ۱۹۰۷ء میں اس کا ''اسلام نمبر'' (سلک دوم) بخوبی تمام مرتب کیا۔ فروری مارچ ۱۹۰۸ء میں مولانا نے ''دکن ریویو'' کا ''ہندو نمبر'' بھی شائع کیا۔ ان خاص شماروں کے عنوانات اور موضوعات سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ اس دور میں مولانا پر مذہبی رنگ کس حد تک غالب رہا ہوگا، تقابلِ ادیان اُن کا دل پسند موضوع تھا۔ ماہنامہ ''زبان'' دہلی کے ایڈیٹر مائل دہلوی نے ''دکن ریویو'' کے ان خاص نمبروں کی اشاعت پر جو تاثر قبول کیا، اُس کا اظہار اپریل ۱۹۰۸ء کے شمارے میں یوں کرتے ہیں:

> ''...اس کے ایڈیٹر مولوی ظفر علی خان صاحب بی اے ہیں جو کہ ایک مذہبی آدمی معلوم ہوتے ہیں اس سے پہلے آپ ایک اسلام نمبر بھی شائع کر چکے ہیں اور اب یہ ہندو نمبر غیر متعصبانہ پالیسی کا ثبوت دینے کے لیے نکالا گیا ہے''

''دکن ریویو'' مارچ ۱۹۰۹ء تک مولانا کی ادارت میں نکلتا رہا۔ اس کے بعد مولانا اسے مولوی سید مودود احمد قادری کے سپرد کر کے اپنے آبائی مقام کرم آباد لوٹ آئے

مسلمان

مئی ۱۹۰۸ء میں مولانا ثناء اللہ امرتسری نے ماہنامہ ''مسلمان'' امرتسر سے جاری کیا۔ مارچ ۱۹۰۹ء میں اس کا خاص نمبر بعنوان ''تبرا اسلام'' شائع ہوا۔ ۱۴ جولائی ۱۹۰۳ء میں ایک شخص عبدالغفور نے مرتد ہو کر ہندو دھرم اختیار کیا اور دھرمپال کا نام اپنا کر اسلام کے خلاف ایک دل آزار اور نفرت انگیز کتاب ''ترکِ اسلام'' لکھی۔ مولانا نے فوری طور پر قلم برداشتہ ''ترکِ اسلام'' لکھ کر نہایت مدلل، محقق اور موثر جواب دیا۔ ''مسلمان'' کے اس خاص نمبر میں مولانا نے دھرمپال کی

دو کتابوں نخل اسلام اور اساطیر الاولین کا تعاقب کیا اور اُن کا مؤثر جواب دیا ہے۔ دھرم پال جب بیمار ہوا تو مولانا امرتسری عیادت اور مزاج پرسی کے لیے اُس کے پاس لاہور تشریف لے گئے، مولانا کے حسنِ سلوک سے دھرمپال متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ ۱۹۱۳ء میں حلقۂ بگوشِ اسلام ہوا، محمود دھرم پال کا نام اختیار کیا اور اسلام کے حق میں اس کا قلم خوب چلا۔ محمود دھرمپال ماہنامہ ''اِندر'' لاہور دسمبر ۱۹۱۲ء میں مولانا ثناء اللہ امرتسری کی آمد اور اُن سے تعلق کی روداد ان الفاظ میں لکھتے ہیں:

''میری گذشتہ ایک سال کی بے ایذا زندگی نے میرے مسلمان بھائیوں کے دلوں میں بھی میرے لیے بھی اس قدر محبت پیدا کر دی ہے کہ جب ان کو میری بیماری کا حال معلوم ہوا تو وہ جوق در جوق میرے پاس آنے لگے۔ ان میں مولوی ثناء اللہ صاحب کا نام خاص کر قابلِ ذکر ہے، مولوی صاحب کے ساتھ تحریری دست پنجہ تو سالہا سال تک ہوتا رہا مگر رُو در رُو ہونے کا غالباً یہ پہلا ہی موقع تھا جس کو ایک مبارک موقع ہی سمجھنا چاہئے خواہ وہ بیماری کی شکل میں ہی نمودار ہوا ہو مولوی صاحب فطرتاً خوش مذاق اصحاب میں سے ہیں.... اس سے پیشتر میرا یہ خیال تھا کہ مولوی ثناء اللہ جو احمد یہ فرقے کے ساتھ ملانوں جیسی چھیڑ چھاڑ کرتا رہتا ہے وہ ضرور کوئی ''کٹھ ملاں'' ہوگا۔ یہی وجہ تھی کہ باوجود اُن کے کوشش کرنے کے میں کبھی اُن سے ملنا نہیں چاہتا تھا لیکن پہلی ہی ملاقات میں مجھے معلوم ہوا کہ مولوی ثناء اللہ ایک خوش مزاج، خوش مذاق، خوبصورت اور خوب سیرت جنٹلمین ہے اور قدرت نے اُس کو ایک دلربا ادا دی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اس ''ابن یعقوب'' کو دیکھ کر مجھے اپنے دل کو تھامنے میں بڑی دقت پیش آئی وہ ہر تیسرے روز امرتسر سے میری خبر لینے کیلئے لاہور پہنچتے تھے''

مولانا ثناء اللہ امرتسری نامور صحافی، مصنف، ادیب، مفسر اور مناظر تھے۔ ان کی تحریروں اور خطبات میں مناظرانہ رنگ ہمیشہ غالب رہا۔ مولانا نے عربی اور اُردو تفاسیر کے علاوہ مختلف موضوعات پر سو سے زائد کتابیں لکھیں، اُنہوں نے مئی ۱۹۰۸ء میں ماہنامہ ''مسلمان'' امرتسر سے جاری کیا۔ جب ''مسلمان'' کا حلقہ اشاعت وسیع ہوا تو مولانا نے ۷ جون ۱۹۱۰ء میں اسے ماہوار سے ہفتہ وار کر دیا، اُن کی زندگی کا بڑا حصہ صحافت کی خدمت میں گزرا۔ مولانا نے ایک کامیاب اور لائق مدیر کی حیثیت سے مختلف النوع موضوعات سے قارئین کو روشناس کرایا اور میدانِ صحافت میں اہم اور باوقار مقام حاصل کیا۔ اُنہوں نے ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء میں ہفت روزہ ''اہلحدیث'' جاری

کیا جو اگست ۱۹۴۷ء تک ایک ہموار تسلسل کے ساتھ شائع ہوتا رہا۔ اس کے علاوہ مولانا نے ایک اور ماہنامہ ''مرقع قادیانی'' کا اجرا بھی کیا' جس کا پہلا شمارہ ۱۹۰۷ء میں شائع ہوا' اس رسالے کا دورِ اول اکتوبر ۱۹۰۸ء میں مکمل ہوا۔ پھر اپریل ۱۹۳۱ء میں اس کے دورِ جدید کا آغاز ہوا' غالباً مارچ ۱۹۳۳ء تک چلتا رہا' یہ شمارہ ہماری لائبریری میں موجود ہے

مذکورہ بالا اوراق میں بیسویں صدی کی پہلی دہائی [۱۹۰۱ء-۱۹۱۰ء] میں شائع ہونے والے صرف ان رسائل کے خاص شماروں کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے' جو عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری میں موجود ہیں یہ تمام رسائل خالص ادبی نوعیت کے نہیں تھے۔ ''مخزن'' نے ایڈورڈ ہفتم کی تقریبات تاج پوشی کی مناسبت سے دربار نمبروں کی صورت میں قیصرِ ہند اور قیصرۂ ہند کے حضور میں دو توپوں کی سلامی پیش کی' اگرچہ مزاج کے اعتبار سے اس کے مضامین کو غیر ادبی نہیں کہا جا سکتا۔ ''عصر جدید'' تمدنی و معاشرتی اصلاحات کا علم بردار تھا۔ ''زمانہ'' قومی وحدت اور ہم آہنگی کا منّاد تھا۔ ''دکن ریویو'' اُردو زبان کی سلاست اور فصاحت کے پیرائے میں اخلاقیات کا مبلغ تھا۔ ''دکن ریویو'' کی ان خصوصی اشاعتوں کا تعلق براہ راست مذہب سے تھا' حالانکہ مولانا بلند پایہ شاعر' ادیب اور مترجم کی حیثیت سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے تھے۔ ان کی تحریر خوبصورت الفاظ' دلکش تراکیب' نادر تشبیہات' نفیس استعارات اور طبع زاد اصطلاحات سے مزین ہوا کرتی تھی

''مسلمان'' نے اپنی پیشانی کو ''مقصد اعلیٰ اس رسالہ کا اسلام کی خوبیاں دکھانا اور مخالفین اسلام کے اعتراضات کے محققانہ جوابات دینا'' سے مزین کر رکھا تھا۔ گویا یہ اسلام کی حقانیت اور مدافعت کا نقیب تھا اور اس نے ادب کے ساتھ براہِ راست اپنے تعلق کا اظہار کبھی نہیں کیا

چند خاص دینی' تاریخی و تہذیبی نمبر

بیسویں صدی کی دوسری دہائی [۱۹۱۱ء-۱۹۲۰ء] میں شائع ہونے والے رسائل کے جو خصوصی شمارے ہماری لائبریری میں موجود ہیں' ان میں غالب تعداد کی نوعیت ایسی ہے جنہیں موضوع اور عنوان کے اعتبار سے مذہبی اور تہذیبی شمارے ہی کہا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل فہرست سے ظاہر ہو رہا ہے:

○ ماہنامہ **صوفی** پنڈی بہاؤالدین	عرس نمبر	مئی ۱۹۱۱ء
○ ماہنامہ **زمانہ** کانپور	شاہی دربار نمبر	دسمبر ۱۹۱۱ء
○ ماہنامہ **رہنمائے تعلیم** لاہور	دربار نمبر	جنوری ۱۹۱۲ء
○ ماہنامہ **نظام المشائخ** دہلی	تتمہ رسول نمبر	مارچ ۱۹۱۲ء
○ ہفت روزہ **اہل حدیث** امرتسر	نبی نمبر	۲۶ جولائی ۱۹۱۲ء
○ ہفت روزہ **اہل حدیث** امرتسر	طرابلس کا جنگی نمبر	یکم نومبر ۱۹۱۲ء
○ ماہنامہ **ظل السلطان** بھوپال	غیر معمولی نمبر	مارچ ۱۹۱۴ء
○ ہفت روزہ **سناتن دھرم پرچارک** امرتسر	رام نمبر	۲۴ مارچ ۱۹۱۵ء
○ ماہنامہ **اسوہ حسنہ** میرٹھ	نبوت نامہ یعنی نبی نمبر	جنوری ۱۹۱۵ء
○ ماہنامہ **تاج** حیدرآباد دکن	میلاد نمبر	جنوری ۱۹۱۶ء
○ ہفت روزہ **ستارۂ صبح** لاہور	پیمبر نمبر	۱۶ جنوری ۱۹۱۷ء
○ ماہنامہ **عصمت** دہلی	رسول نمبر	جنوری ۱۹۱۷ء
○ عشرہ وار **اتحاد** امرتسر	بسنتی نمبر	۱۵ فروری ۱۹۱۸ء
○ ہفت روزہ **اتحاد** امرتسر	عید نمبر	۴ جولائی ۱۹۱۸ء
○ ہفت روزہ **اتحاد** امرتسر	نبی نمبر	۱۲ دسمبر ۱۹۱۸ء
○ ہفت روزہ **اتحاد** امرتسر	نبی نمبر	۲۰ دسمبر ۱۹۱۸ء
○ ماہنامہ **گلشن** لاہور	بسنت نمبر	فروری ۱۹۱۹ء

صحافت کی ترویج وترقی میں مذہبی رسائل کا کردار

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بیسویں صدی کے ابتدائی بیس سالوں میں ادبی رسائل عوامی مزاج کے لیے کچھ زیادہ باعث کشش نہیں ہو پا رہے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ اُردو ادب کی نشو ونما مذہبی مباحث اور مناظرات کے ماحول میں ہوئی۔ ہندوستان پر ایسٹ انڈیا کمپنی کا سیاسی غلبہ اور معاشی تسلّط مستحکم ہوتے ہی عیسائی مشنریاں عیسائیت کی تبلیغ اور اشاعت کے لیے سرگرمِ عمل

ہوگئیں، انھوں نے کئی اشاعتی مراکز قائم کیے، جہاں سے شائع ہونے والی کتابوں کو عوام میں تقسیم کرنے کی کوشش کی جاتی تو عوام ان کو قبول نہ کرتے، وہ ان کتابوں کو اپنے مذہب اور تہذیب کے لیے خطرناک اور مضر محسوس کرتے، جس کے بعد عیسائی مشنریوں نے اپنی حکمت عملی تبدیل کی اور مختلف مقامات سے جو رسائل و جرائد جاری کیے ان میں عوامی دلچسپی پر مبنی تاریخی اور معلوماتی مضامین بھی شامل کیے گئے، ان کا اولیں مقصد عیسائیت کو عوام کے لیے لائقِ قبولِ مطالعہ بنانا تھا۔ یہ حربہ کارگر ثابت ہوا، ہندو اور مسلمان عیسائی تعلیمات سے متاثر ہوکر تبدیلی مذہب پر آمادہ ہونے لگے۔ ان رسائل کے جواب اور اپنے مذہب کے دفاع میں ہندوؤں اور مسلمانوں نے بھی اپنے اپنے رسالے میدانِ کارزار میں اُتارے، جب نوبت یہاں تک پہنچی تو عیسائیوں کا رویہ جارحانہ ہونے لگا اور انھوں نے مخالف مذاہب کو نہایت دیدہ دلیری کے ساتھ دل آزار اور ناروا حملوں کا نشانہ بنانا شروع کردیا، اس دور میں جو مذہبی رسالے میدانِ عمل میں برسرِ پیکار رہے وہ تعداد میں تو کچھ زیادہ نہیں تھے، لیکن اپنے مخصوص حلقوں میں بے حد مؤثر تھے

اس مقام پر چند اہم مذہبی رسالوں کا تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا:

عیسائی رسائل

ماہنامہ خیر خواہ ہند بنارس، ۱۸۳۷ء، ایڈیٹر: پادری شرمن

ماہنامہ خیر خواہ ہند مرزاپور، اگست ۱۸۳۷ء، ایڈیٹر: پادری ماتھر

پندرہ روزہ خیر خواہ خلق آگرہ، جنوری ۱۸۶۲ء، ایڈیٹر: فادری جے ڈابلی

پندرہ روزہ کوکبِ ہند لکھنؤ، ۱۸۶۹ء، مالک پادری سمور، مہتمم پادری ارٹی کریول

ہفت روزہ نور افشاں لدھیانہ، یکم مارچ ۱۸۷۳ء، ایڈیٹر: بابو بنی

ہفت روزہ وکیلِ ہندوستان امرتسر، یکم جنوری ۱۸۷۴ء، ایڈیٹر: پادری رجب علی

ہفت روزہ سفیرِ ہند امرتسر، ۲۱ مئی ۱۸۷۷ء، ایڈیٹر: پادری رجب علی

مسلمان رسائل

دس روزہ منشورِ محمدی بنگلور، ۲۵۔ اگست ۱۸۷۲ء، ایڈیٹر: محمد شریف

ماہنامہ اشاعۃ السنۃ لاہور، جنوری ۱۸۷۸ء، ایڈیٹر: محمد حسین بٹالوی

ہفت روزہ شحنہ ہند میرٹھ، ۲۰ جنوری ۱۸۸۳ء، ایڈیٹر: احمد حسن شوکت میرٹھی

دس روزہ حامی اسلام دہلی، ۱۰ جون ۱۸۸۳ء، ایڈیٹر: عبدالوہاب

پندرہ روزہ انوار الاسلام سیالکوٹ، دسمبر ۱۸۹۸ء، ایڈیٹر: منشی کریم بخش

ہندو رسائل

ہفت روزہ نسیم آگرہ آگرہ، یکم جنوری ۱۸۷۸ء، ایڈیٹر: منشی سوہن لال، بابو جمنہ داس

پندرہ روزہ دھرم پرچارک فتح گڑھ، یکم اگست ۱۸۸۲ء، مالک: انبا پرشاد

ہفت روزہ دیش اپکارک لاہور، ۱۸۸۳ء، مالک: رائے سالک رام، مہتمم: پنڈت ہرگوپال

ہفت روزہ آریہ متر امرتسر، یکم جنوری ۱۸۸۴ء، ایڈیٹر: باوا نرائن سنگھ

ہفت روزہ آریہ گزٹ فیروزپور، ۱۵ جولائی ۱۸۸۵ء، ایڈیٹر: منشی گوبند لال سہارن پوری

ہفت روزہ آریہ مسافر آگرہ/ جالندھر، ایڈیٹر: وزیر چند

اُردو صحافت کی ایک خصوصیت

ایک طرف تو اُردو صحافت میں ترقی کا عمل ایک مخصوص انداز میں جاری تھا تو دوسری جانب اُردو صحافت کے مختلف شعبوں کو ایسی باکمال اور بے مثال شخصیات کا دستِ رفاقت نصیب ہوا۔ جنہوں نے اپنی ذہانت، بصیرت، جدت طرازی اور ندرتِ فکر سے اس فن کو ایک نئے اسلوب اور آہنگ سے روشناس کرایا۔ اُفقِ صحافت پر ایسے بلند پایہ اور خیال افروز رسائل نمودار ہونے لگے، جن کے ایڈیٹر تعلیم یافتہ اور مغرب کے جدید ادبی تصورات و رجحانات سے بھی آگاہ تھے، یہ حضرات قدیم ادبی روایات سے اپنا تعلق قائم رکھنے سے گریزاں تھے، قدامت پسندی سے اپنا دامن وابستہ رکھنا انہیں گوارا نہیں تھا۔ بالفاظِ دیگر انہیں ادب برائے زندگی کا نظریہ مرغوب نہیں تھا۔ یہ لوگ ادب برائے ادب یا جدیدیت کے قائل تھے۔ انہوں نے قدیم ادبی اقدار سے بغاوت کرتے ہوئے جدت پسندی کا راستہ اختیار کیا۔ اُن کے خیال میں ادب کا زندگی کی اخلاقی اقدار سے براہِ راست کوئی واسطہ نہیں، ادب کو کسی مقصد کی تکمیل کا ذریعہ بنانا بھی مناسب نہیں نیز

ادب انسان کوسکون اور آسودگی کے لمحات فراہم کرسکتا ہے

دلگداز کا ظہور

اس نظریے کو عملی طور پر مولانا عبدالحلیم شرر نے ''دلگداز'' میں اپنے مخصوص رنگ اور دلکش اسلوب میں پیش کیا۔ بلاشبہ مولانا کا طرزِ نگارش اس قدر سحر آفرین تھا کہ وہ قاری کے دل ودماغ کو براہ راست متاثر کرتا تھا۔ اس دور کے اکثر ادیب اور صحافی مولانا کے اندازِ تحریر سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے انہوں نے اسے اپنے جذبات وخیالات کی اشاعت کا مؤثر ذریعہ خیال کیا

مولانا کی ابتدائی تعلیم قدیم روایتی انداز میں ہوئی۔ انہوں نے اُردو اور فارسی کے علاوہ عربی پر بھی دسترس حاصل کی۔ خاندانی اعتبار سے مولانا کا تعلق حنفی مسلک سے تھا لیکن اپنے تحقیقی رجحانات، جذبہ، تجسس، وسیع مطالعہ، بحث ومباحثہ اور کسی حد تک مناظرانہ گفتگو کی بدولت عامل بالحدیث ہوگئے۔ چنانچہ ۱۲۹۸ھ میں حدیث شریف کی اعلیٰ تعلیم کے لیے انہوں نے دہلی کا رُخ کیا، جہاں سید نذیر حسین محدث دہلوی کے درسِ حدیث کا سلسلہ جاری تھا جس نے ہندوستان بھر کے علاوہ بلادِ عرب ویمن اور افغانستان کے طالبانِ حدیث کو اپنے حلقے کا اسیر بنا رکھا تھا۔ اُنہوں نے ڈھائی سال تک سید نذیر حسین محدث کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا

مولانا شررؔ اپنی خودنوشت میں رقم طراز ہیں:

''مدرسہ میں قیام کرتے ہی میں بخاری شریف کے سبق میں شریک ہوگیا جو صبح کو کچھ دن چڑھے سے شروع ہوتا اور یہی وہاں کا معرکتہ لآرا سبق تھا۔ جس میں مختلف عقائد اور خیال کے چالیس پچاس طلبہ شریک ہوتے اور احادیث سے جو فقہی مسائل اخذ کیے جاتے ہیں اور مسالک فقہائے سلف کے متعلق بحث ہوتی سخت ردوقدح ہوتا اور میاں صاحب اپنے تبحر سے سب کو قائل کر کے ثابت کر دیتے کہ بخاری کا مذہب ہی صحیح ہے۔ میں دو ڈھائی سال میاں صاحب کے مدرسے میں رہا۔ پوری بخاری ختم کی جس کا سلسلہ سال بھر رہا۔ صحیح مسلم، ابوداؤد اور نسائی اور مؤطا امام مالک دوسرے اوقات میں ختم کیں۔ ماہ مبارک رمضان میں تفسیر جلالین پڑھی۔ سبق کے علاوہ طلبہ میں باہم ہمیشہ مناظرہ ہوتا رہتا اور احادیث اور رجال پر نظر وسیع ہوتی جاتی''

مولانا شررؔ کو جب علی گڑھ جانے کا اتفاق ہوا تو انہوں نے سر سیّد احمد خان سے ملاقات کا شرف

حاصل کیا اس ملاقات کا احوال یوں بیان کرتے ہیں:

''سید صاحب نے میرا حال پوچھا اور میں نے کہا کہ لکھنؤ کا ایک طالب علم ہوں دہلی میں مولوی نذیر حسین صاحب سے حدیث پڑھتا ہوں.... سن کر خوش ہوئے اور کہا دہلی جا کر مولانا نذیر حسین کو میرا اسلام کہہ دینا میں ان کا احترام کرتا ہوں اور قدیم سے ان کی خدمت میں نیاز حاصل ہے''

شرر کی شستہ، شگفتہ، دل نواز اور رنگین تحریروں نے نوجوان اہل قلم اور صحافت پر جو خوشگوار اثرات مرتب کیے، مولانا حسرت موہانی اس کا اعتراف کھلے دل کے ساتھ کرتے ہیں:

''جنوری ۱۹۱۰ء سے لکھنؤ کا مشہور رسالہ دلگداز پھر اپنی قدیم آب وتاب کے ساتھ نکلنے لگا ہے۔ حضرت شرر کا اردو زبان کے بہترین نثر نگاروں میں عدیم المثال افسانہ نویس ہونا مسلّم ہے۔ چنانچہ زمانہ موجودہ کے نوجوان انشا پردازوں میں شاید ہی کوئی ایسا ہوگا، جسنے دلگداز کے ابتدائی لٹریچر سے استفادہ نکیا ہو، اور اسلیئے حضرت شرر کے فضل تقدم کا دل سے قائل نہو'' اردوئے معلیٰ اپریل ۱۹۱۰ء

مولانا شرر کی وفات پر اختر شیرانی ''بہارستان'' فروری ۱۹۲۷ء میں اُن کی علمی وادبی فتوحات کا جس بے خودی اور سرشاری کے عالم میں اپنے جذباتِ رنج والم کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، اُس سے یہ حقیقت بخوبی معلوم ہو جاتی ہے کہ مولانا کی شخصیت اپنے عہد کے اہلِ علم وقلم پر کس حد تک گہرے اثرات مرتب کر چکی تھی، اختر شیرانی رقم طراز ہیں:

''ادبستان اُردو میں محشر اندوہ بپا ہے، سیرت نگاری کا گھر بے چراغ ہو گیا۔ عروسِ زبان اپنے لُٹ جانیوالے سہاگ کی ماتم گسار ہے اور افسانہ کی نازک خیالیاں فریاد کر رہی ہیں کہ آج اُردو دُنیا سے انکا سب سے بڑا سرپرست اُٹھ گیا.... ۱۸۷۹ء میں مولانا کا شوقِ علم آپ کو دہلی کھینچ کر لے گیا۔ اور اس عہد کے نامور محدث جناب مولوی نذیر حسین صاحب سے صحاح ستہ مؤطا امام مالک اور تفسیر جلالین ختم کر کے لکھنؤ واپس آئے''

سیّد مقبول حسین وصلؔ بلگرامی مدیر ماہنامہ ''مرقع'' لکھنؤ جنوری ۱۹۲۷ء کے شمارے میں مولانا شرر کی علمی وادبی خدمات کا اعتراف اور اُن کی جدائی پر اظہارِ رنج والم دل کی کس گہرائی سے کرتے ہیں:

''بزم ادب میں آج صفِ ماتم بچھی ہے، وہی شمع ہے، وہی بزم ہے وہی اہلِ بزم لیکن ایک اُداسی ہے کہ چاروں طرف چھائی ہوئی ہے، شمع فسردہ ہے، اہلِ بزم شکستہ دل ہیں ''گرمی بزم'' ''تبسم شرر'' تک تھی اُس ایک شرر کے ساتھ رخصت ہو چکی شمع اُردو کے خاکستر میں یہی شرر تھا جسکے نام سے روشنی باقی تھی آج وہ بھی رخصت ہو گیا ایک شرر سے بزمِ ادب میں کتنی شمعیں روشن تھیں، اب جو شمع ہے خاموش جو بزم ہے تیرہ

وتار۔اے بزمِ ادب وہ شمع بجھ گئی جسکے دم سے تیری محفل میں پروانوں کا ہجوم تھا۔اے دُنیاے ادب وہ آفتاب غروب ہو چکا جسکی ضوفشانیوں سے تیری زمین منور تھی۔اے زبان اُردو تیرا باغ اُجڑ گیا۔اے خوشہ چینان زبان اُردو وہ تمھارا خرمن بجلیونکی نذر ہو چکا زبان اُردو رو لے دل کھولکر رو لے۔اب ایسا سحر طراز انشا پرداز تیری دنیا کہاں سے پیدا کریگی۔ایسا بیمثال مورخ کہاں سے لائیگی۔جس نے مسلمانوں کے دلوں میں نصف صدی تک وہی 'عہد کہن' کی یاد تازہ کردی تھی جسکی بدولت بچہ بچہ اپنے مختلف ممالک کی تاریخ سے اسطرح آشنا تھا کہ آج بہزار کدو کاوش بھی جتنا مواد ایک ناول میں ہوتا ہے کسی تاریخ کی ایک کتاب میں دستیاب نہیں ہوسکتا شرر وہ شرر جو سیرت نگاری میں فرد تھا افسانہ نویسی میں یکتا تھا۔جو فن تاریخ میں اپنی مثال آپ تھا جو ادب اُردو کی روح رواں تھا آج دنیا سے اُٹھ گیا۔مولانا مرحوم کے انتقال سے مرقع اور مدیر مرقع کو جو نقصان پہونچا ہے وہ نا قابلِ تلافی ہے۔مدیر مرقع کو جو خصوصیت مولانائے مرحوم سے تھی اُسکا اندازہ شاید اس امر سے ہو سکے کہ ۸-دسمبر کو میرے زمانہ علالت میں مرحوم بغرض عیادت میرے غریب خانہ پر باوجو پیرانہ سالی تشریف لائے' کسے خبر تھی کہ ۲۴-دسمبر ۱۹۲۶ء کو مجھے بازدید کے بجائے تجہیز و تکفین کے لیے جانا ہوگا۔مرحوم کو برابر اس ناچیز کا خیال رہا بیمار ہونے کے چند منٹ پہلے میری علالت کا تذکرہ فرمارہے تھے۔انتقال سے ایکدن پہلے بھی میری خیریت دریافت فرماتے رہے۔مرقع مولانائے مرحوم کے احسانات سے گرانبار ہے باوجود اس سن وسال کے مرحوم مرقع کو اپنے رشحات قلم سے سرفراز فرماتے رہے۔تربت جناب مولوی عبدالحلیم [۱۳۴۵ھ] سے آپ کے انتقال کی تاریخ نکلتی ہے جو لوح تربت پر کندہ کرنے کے لیے میرے خیال میں مناسب ہے''

دلگداز کے اثرات ادبی صحافت پر

''دلگداز'' نے جنوری ۱۸۸۷ء میں لکھنؤ کے علمی و ادبی ماحول میں آنکھ کھولی اور دیکھتے ہی دیکھتے ہندوستان بھر میں اس نے اپنی علمی ، ادبی ،سوانحی ،تاریخی اور تحقیقی طرزِ نگارش کی عظمت کا سکہ جمالیا

''دلگداز'' زیادہ تر مولانا ہی کی تحریروں سے مزین رہا کیا' مولانا کے قلم سے تحقیقی' تاریخی' سوانحی' معاشرتی اور رومانی وشاعرانہ مضامین ''دلگداز'' کے صفحات کی زینت بنتے رہے۔مولانا نے جس جدید طرزِ انشا اور اسلوبِ نگارش کو اپنایا اُس کے مؤسس و موجد وہ خود ہی تھے۔''دلگداز'' کے ابتدائی شماروں کا بیشتر حصہ تنقیدی' تحقیقی اور تاریخی مضامین پر مشتمل رہا کرتا' اگر چہ اس دور کے

''دلگداز'' میں شاعرانہ نثر کے دل آویز نمونے بھی کہیں کہیں نظر نواز ہو جاتے ہیں۔لیکن بعد میں شؔرر نے خیالی اور شاعرانہ مضامین پر خصوصی توجہ دی

اپریل ۱۹۰۵ء کے دلگداز میں ''دلگداز کا لٹریچر'' کے زیرِ عنوان لکھتے ہیں:

''مضامین کا کیا رنگ ہو؟ اِس کے بارے مین بھی ہمین یہی فیصلہ کرنا پڑا کہ دلگداز کے لیے خیالی اور شاعرانہ مضامین کی زیادہ ضرورت ہے۔ اور محققانہ اور موّرخانہ مضامین کی اِن کے بعد۔ اس لیے دلگداز جس لٹریچر کا موجد ہے۔ جس رنگ کے مضامین کے ساتھ اُس کو شہرت ہے۔ اور اُس کے ملاحظہ کرنے والے اِس کی قدر افزائی کر کے اس قسم کے لٹریچر سے لطف اُٹھانے کی اُمید کرتے ہیں وہ وہی خیالی اور شاعرانہ مضامین کا لٹریچر ہے''

مولانا کی تحریر میں لطافت اور شعریت کا عنصر غالب نظر آتا ہے۔ اُن کی تحریروں کا اُردو ادب پر اثر یہ ہوا کہ اس سے رومانی تحریک کا باقاعدہ آغاز اور پھر ارتقا ہوا' اس تحریک کے علمبرداروں نے قدیم ادبی روایات سے بغاوت کی اور اپنی تحریروں کو عشق و محبت کے جذبات اور معاملات سے رنگین بنایا۔ اس مکتب فکر کے بعض جذباتی پرستاروں نے حقیقت پسندی کے بجائے تخیّل آمیز اور غیر حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کیا جس کا مقصد محض تفریح اور غیر فطری جذبات سے تسکین حاصل کرنا تھا

ادبی صحافت کا ارتقا

ابتدائی دور میں شائع ہونے والے ادبی رسائل پر سرسری نظر ڈالنے ہی سے محسوس کیا جا سکتا ہے کہ ان رسالوں نے اپنی کامیابی اور مقبولیت کے لیے ''دلگداز'' کے نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش کی۔ ان رسائل نے اپنی پیشانیوں پر اپنے نصب العین اور ادب سے وابستگی کا اظہار جس انداز میں پیش کیا' اُس کی ایک جھلک ذیل میں دیکھی جا سکتی ہے:

○ ماہنامہ **مخزن** لاہور / دلی / لاہور' آغاز: اپریل ۱۹۰۱ء' ایڈیٹر: شیخ عبدالقادر بی اے

''اُردو علم ادب کی دِل چسپیوں کا ماہوار مجموعہ'' اپریل ۱۹۰۱ء

شیخ عبدالقادر نے اپریل ۱۹۰۱ء میں ''مخزن'' کا اجرا لاہور سے کیا' ۱۹۰۴ء میں وہ وکالت کی اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے۔ ۱۹۰۷ء میں واپس آئے تو پریکٹس کے لیے دہلی کا انتخاب کیا۔ ''مخزن'' اُن کی غیر موجودگی میں لاہور ہی سے نکلتا رہا لیکن اب اپنے مرّبی و محبی اور مؤسس

سے مزید جدائی اُس سے برداشت نہیں ہو رہی تھی، غالباً اکتوبر ۱۹۰۷ء میں اس نے دلی کی راہ لی اور یہ ثابت کر دکھایا کہ ''ہنوز دلی دوراست'' کا محاورہ اُس پر صادق نہیں آتا۔ ''مخزن'' مئی ۱۹۱۰ء تک دہلی سے نکلتا رہا، اس مختصر سے عرصے میں اہلِ دلی پر ''مخزن'' کی علمی وادبی وجاہت کی دھاک بیٹھ گئی اور ''مخزن'' کے ساتھ اُن کا قلبی وروحانی رشتہ استوار ہوا۔ ''مخزن'' نے بھی دلی کی اُردو ٹکسال اور زبان دانی کی نزاکتوں اور لطافتوں سے اپنے دامن کو آراستہ کیا

۱۹۱۱ء میں شیخ صاحب ''مخزن'' کو مفارقت کا چرکا لگا کر لائل پور منتقل ہو گئے ''مخزن'' کا انصرام مولوی غلام رسول کے سپرد ہوا، اس دور میں ہر چند کہ مولانا تاجور نجیب آبادی اور بیدل شاہ جہان پوری نے ''مخزن'' کی وضع داری اور سحر طرازی کو برقرار رکھا لیکن مولوی غلام رسول کی رحلت کے بعد ''مخزن'' میں وہ پہلی سی آب وتاب اور آن بان نہ رہی پھر بھی جنوری ۱۹۲۲ء تک نکلتا رہا

مارچ ۱۹۲۷ء میں حفیظ جالندھری کی ادارت میں ''مخزن'' کے دورِ ثانی کا آغاز ہوا تو اُس کے شاندار دورِ ماضی کی یاد میں ''اُردو زبان کا اولین صحیفہ'' اُس کے سرورق کی زینت بنا ہوا تھا

''مخزن'' نے اپنی شستہ، سلیس اور فصیح زبان کی بدولت اُردو کے ادبی رسائل میں نہایت معتبر اور باوقار مقام حاصل کر لیا، کسی رسالے کا اگر اچھے انداز سے ذکر کرنا مقصود ہوتا تو اُسے ''مخزن'' کے ساتھ تشبیہ دی جاتی۔ جنوری ۱۹۰۸ء میں جب ''زبان'' دہلی سے جاری ہوا تو کچھ ایسی ہی صورتِ حال پیدا ہو گئی۔ وجاہت حسین جھنجھانوی اڈیٹر ''اصلاح سخن'' لاہور نے ''زبان'' پر طویل تبصرہ کیا، ذیل کا مختصر اقتباس اسی طویل تبصرے سے لیا گیا ہے:

''.... یہ رسالہ کئی وجہ سے خاص اہمیت رکھتا ہے بعض احباب اسکو رسالہ مخزن کا مدمقابل سمجھ کر اس کے اجرا سے کھٹک گئے ہیں.... اگر زبان رسالہ مخزن کا حریف بنا کر نکالا گیا ہے تو یہ علمی مقابلہ کچھ برا نہیں.... مخزن کے دلی جانے سے پہلے ہماری یہ دِلی آرزو تھی کہ دلی سے کوئی لٹریری پرچہ شائع ہو خیر اب بھی ہم اس رسالے کا بڑی خوشی سے خیر مقدم کرتے ہیں....''

''تمدن'' کا ذکر کرتے ہوئے مولانا رازق الخیری بڑے اہتمام اور افتخار کے ساتھ اسے ''مخزن'' کا ہم پلہ قرار دیتے ہیں۔ ''عصمت'' کراچی راشد الخیری نمبر میں لکھتے ہیں:

''اپریل ۱۹۱۱ء'' میں تمدن نکلا تو اس نے مضامین کی دلچسپی کے اعتبار سے مخزن کی جگہ لے لی، بہت مقبول ہوا''

''مخزن'' کے شمارۂ اولین میں 'کوہستان ہمالہ' کے عنوان سے علامہ اقبال کی مشہور نظم شائع ہوئی' فاضل مدیر نے علامہ اقبال کا تعارف ان الفاظ میں کرایا:

''شیخ محمد اقبال صاحب۔ اقبال ایم اے قائم مقام پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور۔ جو علوم مغربی و مشرقی۔ دونو میں صاحبِ کمال ہیں۔ انگریزی خیالات کو شاعری کا لباس پہنا کر ملک الشعراء انگلستان ورڈس ورتھ کے رنگ میں کوہ ہمالہ کو یوں خطاب کرتے ہیں''

''مخزن'' نے مقالہ نگاروں کے ناموں کے ساتھ القاب' منصب' تعلیمی معیار اور پتہ بھی لکھنے کی روایت قائم کی' مخزن کے نقشِ اول کی فہرست ہی سے مضمون نگاروں کا مختصر تعارف سامنے آ جاتا ہے' ملاحظہ فرمائیں:

- کوہستان ہمالہ: شیخ محمد اقبال صاحب ایم اے قائم مقام پروفیسر انگریزی گورنمنٹ کالج لاہور
- ندی کا راگ: محمد ظفر علی خاں صاحب بی اے مترجم دفتر ہوم سکرٹری سرکار دکن
- نیرنگِ شفق: میر غلام بھیک صاحب نیرنگ بی اے وکیل انبالہ
- دل و دماغ: حافظ سیّد فضل حق صاحب آزاد رئیسِ اعظم عظیم آباد (پٹنہ)
- حُسنِ طلب: چودھری خوشی محمد صاحب بی اے ناظر رونیو اسسٹنٹ ریاست جموں و کشمیر
- مطالعہ الفاظ: مولوی احمد دین صاحب بی اے وکیل لاہور
- غدر سے پہلے: لالہ سری رام صاحب ایم اے دہلوی

ماہنامہ ''نقاد'' آگرہ کے ایڈیٹر شاہ دلگیر ''مخزن'' کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''ایک زمانہ میں اس کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی اور حق یہ ہے کہ اُردو ادب کے جیسی شاندار خدمات انجام دینے کا موقع اس کو ملا کم رسائل و مجلّات کو نصیب ہوا درمیان میں شیخ عبدالقادر کی بے التفاتی سے مخزن کا رنگ پھیکا پڑ گیا تھا مگر اب تاجور کے حسنِ سعی سے دوبارہ جان آ گئی ہے''

- ماہنامہ **نشتر** لاہور' آغاز: دسمبر ۱۹۰۶ء' ایڈیٹر: محمد افضل خان ہمدم

''اُردو علم ادب کی دلچسپیون کا ایک ماہوار۔ مجموعہ'' دسمبر ۱۹۰۶ء

- ماہنامہ **زبان** دہلی' آغاز: جنوری ۱۹۰۸ء' ایڈیٹر ''مائل'' دہلوی

''دلی۔ قلعہ معلّٰے یا اردو کی ٹکسال''

ماہنامہ ''زبان' دہلی اسی سائز اور وضع قطع کے ساتھ میدانِ صحافت میں اُترا جس سے منحرف ہونے کا ارتکاب ''مخزن'' نے کبھی نہیں کیا تھا۔ بعض احباب کو یہ اندیشہ لاحق ہوا کہ ''زبان'' اصل میں ''مخزن'' کی ٹکر لینے کو نکلا ہے۔ مائل کو حضرت داغ دہلوی کے جانشین آغا شاعر دہلوی سے شرفِ تلمذ حاصل تھا اور اُن کا شمار آغا شاعر کے چہیتے اور ہونہار شاگردوں میں ہوتا تھا' بعض احباب کو یہ گماں ہوا کہ آغا شاعر نے داغ دہلوی سے اپنی جانشینی کو شہرت دینے کی خاطر مائل کو یہ رسالہ جاری کرنے پر اُکسایا ہے ''زبان'' کا سرورق قلعہ معلّٰی کے نقش سے مزین تھا جس کے اُوپر ''دلی۔ قلعہ یا اُردو کی ٹکسال'' کے الفاظ کنندہ تھے' جس سے یہ تاثر دینا مقصود تھا کہ ''زبان'' دلّی کی مشہور ٹکسالی زبان کا فروغ اور چلن چاہتا ہے

○ ماہنامہ **الناظر** لکھنؤ' آغاز: جولائی ۱۹۰۹ء' ایڈیٹر: ظفر الملک علوی

''فلسفی تاریخی تمدنی اخلاقی معاشرتی ادبی مضامین کا ماہوار رسالہ'' جولائی ۱۹۰۹ء

○ ماہنامہ **ادیب** الہ آباد' آغاز: جنوری ۱۹۱۰ء' ایڈیٹر: نوبت رائے نظر لکھنوی

''ادبِ اُردو کا باتصویر ماہوار رسالہ'' جنوری ۱۹۱۰ء

جنوری ۱۹۱۰ء سے مئی ۱۹۱۱ء تک نوبت رائے نظر لکھنوی کی ادارت میں شائع ہوتا رہا' جون ۱۹۱۱ء سے دسمبر ۱۹۱۲ء تک پیارے لال شاکر میرٹھی اس کے ایڈیٹر رہے' جنوری ۱۹۱۳ء سے جون ۱۹۱۳ء تک حسین عظیم آبادی کی ادارت میں اس کا دورِ آخریں مکمل ہوا

نفیس کتابت وطباعت سے مزین ''ادیب'' کے صفحات میں نامور شخصیات' تاریخی عمارات کی تصاویر اور اعلیٰ مصوری کے نمونے بکثرت نظر نواز ہوتے ہیں۔ جنوری ۱۹۱۲ء میں جارج پنجم کی رسمِ تاج پوشی کے موقع پر ادیب کا ''دربار نمبر'' شاہانہ ٹھاٹھ باٹھ کے ساتھ شاہی دربار میں جلوہ نما ہوا

○ ماہنامہ **پنجاب ریویو** کرم آباد' آغاز: اگست ۱۹۱۰ء' ایڈیٹر: مولانا ظفر علی خاں بی اے (علیگ)

''اُردو علم ادب کا ماہوار رسالہ'' اگست ۱۹۱۰ء

اعلیٰ درجے کا علمی وادبی پرچہ تھا۔ ادبی حلقوں میں اس کا پُر جوش خیر مقدم کیا گیا' یکم مئی ۱۹۱۱ء میں

مولانا نے ہفت روزہ ''زمیندار'' لاہور سے جاری کیا تو ''پنجاب ریویو'' کا خاتمہ بالخیر ہوگیا' اس کا آخری شمارہ جو ہماری لائبریری کی زینت ہے وہ مئی جون ۱۹۱۱ء سے متعلق ہے

○ ماہنامہ **تمدّن** دہلی' آغاز: اپریل ۱۹۱۱ء' ایڈیٹر: شیخ محمد اکرام بیرسٹرایٹ لاء' محمد عبدالرشید الخیری

''معاشرتی۔ تمدنی۔ ادبی۔ فلسفی۔ اخلاقی۔ تاریخی۔ اور علمی مضامین کا مخزن'' اپریل ۱۹۱۱ء

''تمدن'' مولانا راشد الخیری کی ادارت میں غالباً ۱۹۱۵ء تک باقاعدگی کے ساتھ دہلی سے نکلتا رہا لیکن اس کی اشاعت میں مسلسل گراوٹ آتی رہی' مولانا کو شدید ذہنی کوفت اور مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑا' نامساعد حالات کے باوجود بھی اُنہیں اسے بند کرنا گوارا نہ ہوا بلکہ قاری عباس حسین کے سپرد کردیا' جو اسے لکھنؤ لے گئے اور وہیں سے نومبر ۱۹۱۵ء میں اس کا پہلا شمارہ منظرِ عام پر آیا تو اس کے ایڈیٹر کے طور پر'' ایم اے قاری (علیگ) دہلوی خلف اکبر جناب قاری سرفراز حسین صاحب عزمیؔ دہلوی سیاح جاپان وانگلستان'' کا نام چھپنے لگا لیکن بعد میں یہ پھر دہلی ہی سے شائع ہونے لگا' غالباً دسمبر ۱۹۲۴ء کے بعد یہ اپنی جائے ولادت دلّی ہی میں سپردِ خاک ہوا' دسمبر ۱۹۲۴ء کا شمارہ عبدالمجید کھوکھر لائبریری میں موجود ہے

''تمدن'' کے اولین شمارے کے لیے مضمون حاصل کرنے کی غرض سے راشد الخیری ۱۵ مارچ کو ایک بجے کے قریب مولوی نذیر احمد دہلوی کی خدمت میں حاضر ہوئے تو مولانائے موصوف اس وقت لحاف اوڑھے لیٹے تھے انہوں نے اپنی آرزو ظاہر کی تو فرمایا'' میاں اب چل چلاؤ کا وقت ہے جو کرنا تھا وہ کرلیا اور جو لکھنا تھا لکھ چکے شب وروز کی غذا چند چمچے دودھ کے رہ گئے ہیں'' تمدن اپریل ۱۹۱۱ء

○ ماہنامہ **ادب** پٹیالہ' آغاز: جنوری ۱۹۱۳ء' مرتبہ: مصطفےٰ خاں بی اے

''باادب بانصیب ○ اردو علم ادب کا ماہوار رسالہ'' جنوری ۱۹۱۳ء

○ ماہنامہ **شاہدِ سخن** حیدرآباد دکن' آغاز: جنوری ۱۹۱۳ء' ایڈیٹر: گوبند پرشاد احسانؔ

''علمی۔ ادبی۔ اخلاقی۔ تمدنی۔ معاشرتی۔ تاریخی۔ فلسفی مضامین کا ذخیرہ'' جنوری ۱۹۱۳ء

○ ماہنامہ **نقاد** آگرہ' آغاز: جنوری ۱۹۱۳ء' جامع: سید نظام الدین شاہ دلگیر اکبرآبادی

''آگرہ کا ادبی' علمی اور تاریخی رسالہ'' جنوری ۱۹۱۳ء

''خالص ادبی رسالہ'' ستمبر ۱۹۱۳ء

''نقاد'' جنوری ۱۹۱۳ء سے مارچ ۱۹۱۵ء تک باقاعدگی کے ساتھ شائع ہوتا رہا' اپریل ۱۹۱۷ء میں دوبارہ جاری ہوا تو شاہ دلگیر نے اپنی خوشی کا اظہار یوں کیا:

''آج نقاد پورے دو سال بعد حاضر ہوتا ہے''

اس شمارے میں دلگیر نے ''نقاد کی زندگی کا دوسرا دور اور میں!!'' کے عنوان سے جذباتی افتتاحیہ روایتی کتابت کے بجائے اپنے دست وقلم سے سرشاری و بےخودی کے عالم میں تحریر کیا:

''نقاد فنا ہو چکا تہا۔ مِٹ چکا تہا۔ کون کہہ سکتا تہا۔ کہ وہ پہر زندہ ہو جائے گا۔ کس کو یقین تہا کہ پہر اس کی صورت ہمیں نظر آئی گی۔ اس کے مسیحا کی کس کو خبر تھی''

شاہ دلگیر جس فرضی خاتون کے جھانسے میں آ گئے تھے اُسی خاتون کا خط اِسی شمارے میں قمر زمانی کے نام سے شائع ہوا ہے' ملاحظہ فرمائیں:

''اس قدر تمہید کے ساتھ اب میں اُس باب کا افتتاح کرتی ہوں جو نقاد کی دوسری زندگی کا عنوان ہے اور التجا کرتی ہوں کہ خدا کے لیے اس کو فنا نہ ہونے دیجئے گا کہ اب اِس میں ایک نسوانی عزت بہی شامل ہے جس کی توہین شاید آپ کو گوارا نہ ہو''

روزنامہ صداقت ۲۸۔اگست ۱۹۱۷ء کی اشاعت میں ''نقاد'' کے دوبارہ اجرا پر یوں تبصرہ کرتا ہے:

''آگرہ کا مشہور ادبی رسالہ جو میدانِ ادب میں جناب شاہ دلگیر کی کوششوں کا نتیجہ ہے کچھ عرصہ تک بند رہنے کے بعد اب پھر اس شان سے نکلا ہے کہ دُنیا ہمہ تن؟''

جنوری ۱۹۱۹ء میں ''نقاد'' نے پھر آنکھ کھولی لیکن سنبھل نہ سکا' بالآخر دسمبر ۱۹۲۰ء میں یہ نہایت بلند پایہ علمی و ادبی پرچہ دلگیر کو داغِ مفارقت دے کر راہی عدم آباد ہوا

''نقاد'' نے عدیم المثال ادبی رسالے کی حیثیت سے شہرت حاصل کی، علمی و ادبی حلقوں میں اسے غیر معمولی مقبولیت بھی حاصل ہوئی' لیکن ''نقاد'' کو مسلسل اشاعت کی سعادت نصیب نہ ہو سکی۔ بار بار گرنے اور سنبھلنے کے باوجود کیا مجال کہ اس کے معیار میں کبھی گراوٹ آئی ہو

شاہ دلگیر نے ''نقاد'' کی اشاعت کے سات مقاصد متعین کیے جن میں سے پہلے تین حسبِ ذیل ہیں:

''۱۔ نقاد کا فرض اولین ''فن تنقید'' کا زندہ کرنا ہے

۲-نقادخالص ادبی، علمی اور تاریخی میگزین ہے، پالیٹکس اور مذہبی مناقشوں سے اُسے کچھ واسطہ نہ ہوگا

۳-نقاد اپنی زبان کو کلاسیکل بنانے کی ہر امکانی سعی کرے گا''

''نقاد'' کے صفحات کو چوٹی کے اہل قلم نے اپنی نگارشاتِ عالیہ سے رونق بخشی، اس کے مقالہ نگاروں میں مولانا ابوالکلام آزادؔ، اکبرالہ آبادیؔ، عبدالحلیم شررؔ، مرزا سلطان احمد، ریاض خیرآبادی، نیازؔ فتح پوری، نوبت رائے نظرؔ، صفدر حسین صفدرؔ مرزاپوری، سید شمس اللہ قادری، ایم مہدی حسن افادیؔ، حسرت موہانی، امتیاز علی تاجؔ، عبدالمجید سالکؔ، جوشؔ ملیح آبادی اور رضا علی وحشتؔ جیسے نامور اہلِ قلم، انشاپرداز اور شاعر شامل تھے

○ ماہنامہ **اُردو** لاہور، آغاز: ستمبر ۱۹۱۳ء، ایڈیٹر: فتح محمد خان

''تمام ہندوستان میں اپنی قسم کا ایک ہی علمی وادبی رسالہ'' ستمبر ۱۹۱۳ء

○ ماہنامہ **تاج** حیدر آباد دکن، آغاز: جنوری ۱۹۱۴ء، ایڈیٹر: ابوالوفا غلام محمد انصاری وفا

''اُردو لٹریچر کی دلچسپیوں کا ماہوار مجموعہ'' مارچ ۱۹۱۴ء

''اُردو علم اَدب کی دلچسپیوں کا ماہوار مجموعہ'' جنوری ۱۹۱۶ء

○ ماہنامہ **نظارہ** میرٹھ، آغاز: نومبر ۱۹۱۵ء، ایڈیٹر: محمد عبدالحمید حمید میرٹھی

''اُردو ادب کا ایک ماہوار رسالہ'' نومبر ۱۹۱۵ء

''اُردو ادب کا آفتاب'' جنوری ۱۹۱۶ء

''نظارہ'' شمارۂ اول کے مقالات اور مقالہ نگار:

○ نظارہ: حضرت مجدد الوقت مولانا سید احمد حسن صاحب شوکت میرٹھی

○ نظارہ: خان بہادر مرزا سلطان احمد صاحب وزیر بہاولپور

○ لطفِ نظارہ: حضرت قیصر ایڈیٹر الحجاب

○ تحریر تقریر [نظم]: مولانا محمد شعیب احمد ندرت میرٹھی

○ لمعاتِ اکبر [نظم]: اکبرالہ آبادی بیگم صاحبہ بھوپال کی مدح وتوصیف میں

○ ایک دوست کی یاد [نظم]: حمید میرٹھی

○ رباعیات: مرزا واجد حسین صاحب یاس عظیم آبادی

○ شمع و پروانہ [فارسی نظم]: حضرت مجدد الوقت شوکت میرٹھی

''نظارہ'' کے صفحات میں دو کالم ہوا کرتے تھے مضمون نگار کا نام مضمون کے اختتام پر درج کیا جاتا' اس کے فوراً بعد نیا مضمون شروع کر دیا جاتا۔ اس طرح مزید مواد کی کھپت کے لیے کافی گنجائش پیدا کر لی جاتی' سرورق سادگی کا اعلیٰ نمونہ تھا' مضامین کی فہرست سرورق پر ہی کھپا دی جاتی

جنوری ۱۹۱۶ء کے شمارے میں مجدد الوقت مولینٰا احمد حسن شوکت میرٹھی مدظلہ' کے قلم سے ''اُردو لٹریچر'' کے عنوان سے نہایت معلوماتی اور تحقیقی مضمون شاملِ اشاعت ہے

ایڈیٹر ''نظارہ'' نے شاہ دلگیر کو ''نظارہ'' کے دو نمبر بھجوائے اور اُن سے قلمی معاونت کی فرمائش کی۔ شاہ دلگیر نے اپنی علالت کے باعث معذرت کا اظہار کیا اور نہایت دل سوزی کے ساتھ اپنی حالتِ زار کو ایک دلدوز نظم میں موزوں کرنے سے پہلے لکھتے ہیں:

''مجی بدیہ شرئی' آپکا نوازشی کارڈ اور نظارہ کے دو نمبر ملے۔ ممنون توجہات فرمایا۔ بیمار ہوں اسلئے باوصف حسرت دید نظارہ کو ابتک نہ دیکھ سکا۔ نقاد کی اشاعت میری علالت کی وجہ سے ملتوی ہے جسوقت شائع ہوگا برابر حاضر خدمت ہوگا۔ نظارہ دیکھنے کے بعد اپنی محقر رائے دے سکونگا ابھی اس قابل نہیں' دعائے صحت کا طالب ہوں' میری حالت حسب ذیل نظم سے ظاہر ہوگی جو مرمر کے لکھی ہے

وہ ضعف کی پاؤں میں زنجیر — دشوار ہے دو قدم بھی چلنا

تم کر دو معاف میری تقصیر — مضمون اگر نہ لکھ سکوں میں''

یہ نظم گیارہ شعروں پر مشتمل ہے' دو شعر نظر نواز ہوئے

مارچ ۱۹۱۶ء کے شمارے میں مولینٰا سید علی حیدر صاحب نظم طباطبائی اور مجدد الوقت مولینٰا شوکت میرٹھی نے اپنے مقالات میں لفظ ''نظارہ'' کی تحقیق اور اُس کے ظاہری' معنوی' صوتی' صوری اور اعرابی رموز پر بیش قیمت اور سیر حاصل گفتگو کی ہے

مولانا شوکت کو شعری تنقید میں کمال حاصل تھا' اپریل مئی ۱۹۱۶ء کے شمارے میں مولانا کے زورِ قلم سے ایک تنقیدی اور تحقیقی مضمون ''حضرت غالب کے مطبوعہ غلط اشعار'' شائع ہوا' اس میں مولانا شوکت نے غالب کے پانچ اشعار کے اغلاط کی نشان دہی اور اُن کی اصلاح کی ہے۔ شوکت میرٹھی

غالب کے زبردست نقاد تھے‘ غالب کا یہ مشہور شعر بھی اُن کی اصلاح سے محفوظ نہ رہ سکا

ہوئے تم دوست جسکے دشمن اُسکا آسماں کیوں ہو　　یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے

’’شعر میں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ مخاطب کوئی مجازی معشوق نہیں بلکہ حقیقی معشوق خدائے واجب الوجود ہے کیونکہ آدمی سے مراد کُل بنی نوع انسان ہے جنکا تعلق خدا سے یکساں ہے ورنہ مصرع میں آدمی کا لفظ نہوتا بلکہ اس قبیل سے ہوتا　　یہ فتنہ کم نہیں ہے خانہ ویرانی کو عاشق کی

ظاہری مطلب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ آدمی کی خانہ ویرانی کے لئے تمہارا دوست بنا کچھ کم فتنہ نہیں۔ اب آسمان کو کیا پڑی ہے کہ کسیکا دشمن بنے تمہاری دوستی ہی لاکھ دشمنیوں کی بانی بلکہ نانی ہے۔ حاشا وکلاّ کہ حضرت غالب کا ایسا بھدا مفہوم ہو۔ یہ فتنہ کا مشارٌ الیہ تمام وکمال دوسرا مصرع ہے نکہ اُس کا ایک جز (تمہارا دشمن ہونا) اب صحیح مطلب سمجھئے.... یہ فتنہ یعنی یہ خیال یا یقین کہ جس کے تم دوست ہو گے آسمان اُسکا دشمن کیوں ہونے لگا۔ بڑی برباد کرنیوالی سہل انگاری ہے بلکہ جسکے تم دوست ہو گئے آسمان اُسکا ضرور دشمن ہوگا کیونکہ وہ رقیب ہے۔ حضرت غالب اپنی جدّت آفرینی اور نازک خیالی سے اس قول مشہور کی تردید فرماتے ہیں چد ہر رب اُدھر سب۔ رقیب یعنی آسمان اپنے رقیب کی کامیابی نہیں دیکھ سکتا خواہ معشوق کسی پر کیسا ہی مہربان ہو۔ یہ مطلب گویا کوزے میں دریا ہے اور حضرت غالب کی شان کے موافق‘‘

اسی شمارے میں شوکت میرٹھی کا ایک نہایت فکر انگیز اور عمدہ مضمون ’’کتابوں کا مطالعہ اعلیٰ فرض انسانی ہے‘‘ بھی شاملِ اشاعت ہے۔ جون ۱۹۱۶ء میں ’’شیعہ کالج کی امداد‘‘ کے عنوان سے مولانا کی ایک موثر اور زوردار نظم شائع ہوئی ہے۔ مقطع ملاحظہ ہو:

دینگے بارہ لاکھ جو بارہ اماموں کے لیے　　تھم گڑیگا شوکت اُنکا گلشنِ فردوس میں

یہ امر ملحوظِ خاطر رہے کہ مولانا شوکت مسلکاً اہل حدیث تھے لیکن وضع داری اور علم دوستی کا یہ عالم تھا کہ اُنہیں تعلیم کے فروغ کے سلسلے میں شیعہ کالج کے ساتھ قلمی تعاون میں تامل نہیں ہوا

’’نقاد‘‘ نومبر ۱۹۱۷ء کے شمارے میں ’’نظارہ‘‘ کا تعارف ان الفاظ میں کرایا گیا ہے:

’’یہ ایک ادبی رسالہ ہے جو حضرت حمید میرٹھی کے زیرِ ادارت ادبی دلچسپیوں سے مزین ہو کر ہر ماہ نظر افروز بزم ادب ہوتا ہے۔ اس رسالہ میں مجددیت کا رنگ اکثر غالب رہتا ہے اور کیوں نہ ہو حضرت حمید آخر مجدد الوقت سے شرف تلمذ رکھتے ہیں۔ مضامین نثر کے فراہم کرنے میں کوشش ضرور کی جاتی ہے اور اکثر دلچسپ اور دل آویز مضامین شائع بھی ہوتے رہتے ہیں بہر حال نظارہ بحیثیت مجموعی ادبی دلچسپیوں اور

لٹریری خوبیوں کا جامع ہے اور اُردو علم ادب کی خدمت کافی محنت کے ساتھ ادا کر رہا ہے"

○ ماہنامہ **گلزار** میرٹھ' آغاز: مئی ۱۹۱۶ء' ایڈیٹر و پبلشر: رگھبیر سرنداس بھٹناگر

"اُردو زبان کا عجیب و غریب رسالہ" مئی ۱۹۱۶ء

○ ماہنامہ **ادیب** لاہور' آغاز: نومبر ۱۹۱۶ء' مرتبہ: فخر الدین محمود

"اردو علم ادب کا ایک دلچسپ مصور رسالہ" نومبر ۱۹۱۶ء

○ ماہنامہ **کہکشاں** لاہور' آغاز: ستمبر ۱۹۱۸ء' ایڈیٹر: سیّد امتیاز علی تاج

"اُردو کا ادبی رسالہ" ستمبر ۱۹۱۸ء

○ ماہنامہ **انتخاب** جاورہ' آغاز: ستمبر ۱۹۱۹ء' چیف ایڈیٹر: مولوی سیّد محمد عبد السلام ایم اے

"ہندوستان بھر کے تمام مشہور ادبی رسالوں کا بہترین ماہانہ" ستمبر ۱۹۱۹ء

○ ماہنامہ **شبابِ اُردو** لاہور' آغاز: اپریل ۱۹۲۰ء' ایڈیٹر: خان احمد حسین خان بی اے ممبر ایشیاٹک سوسائٹی بنگال و ممبر رائل آرٹس سوسائٹی لندن

"ادبی رسائل کا سرتاج" جولائی ۱۹۳۳ء

○ ماہنامہ **ادیب اُردو** لکھنؤ' آغاز: جنوری ۱۹۲۱ء' مرتبہ: خاکسار نورالحسن نیر بی اے ال ال بی

اغراض و مقاصد "ادیب اُردو کے اجراء کا مقصود اصلی زبان کی خدمت' ترقی اور اشاعت ہے ہماری دلی کوشش یہ ہوگی کہ یہ رسالہ اپنے رنگ مین فرد اور اسکے مضامین کی نوعیت حسب ذیل ہو

(۱) اہل علم کے ادبی مضامین اور وہ بحثین جو الفاظ و محاورات کے متعلق ہون (۲) تنقید جو تہذیب اور سنجیدگی کے ساتھ ہو (۳) نامی شعرا کا منتخب کلام اور مشہور نثارون کے مفید علم و فن مضامین (۴) ایسے اہل کمال کی سوانح عمریان جن کے کمال کا ذکر علم و فن کو مفید ہو گے اُردو کے ادب کی ترقی زبان کی اصلاح' محاورات اور اصطلاحات کی تصحیح اور علم و فن کی اشاعت کا سبب ہو (۵) علمی اصطلاحات محاورات اور اُردو زبان کے متعلق ہر مفید بحث (۶) فارسی کا منتخب کلام (۷) نوراللغات کا ایک جز ہر نمبر کے ساتھہ شایع ہوتا رہیگا تا کہ ملک کو رائے قائم کرنے اور مناسب مشورہ دینے کا موقع ملتا رہے (۸) نظم و نثر دونون مین حتی الامکان صحت زبان کا سختی کے ساتھ لحاظ رکھا جائیگا"

نوراللغات نے اسی "ادیبِ اردو" کے صفحات کی گود میں آنکھ کھولی اور پھلی پھولی' بعد ازاں

کتابی صورت میں شائع ہوئی، اسے اردو کا مستند لغت تسلیم کیا جاتا ہے

''ادیب اردو'' کے لیے اکبر الہ آبادی سے قلمی معاونت کی فرمائش کی گئی، جنوری ۱۹۲۱ء کے شمارے میں مولانا کی معذرت بہ اندازِ ایں زیب اوراق ہے:

''جناب عالی۔ یادآوری کا شکرگزار ہون آپ نے مجھکو قابل خدمت فرض کرلیا کاش ایسا ہی ہوتا لیکن میرا حال ان اشعار سے ظاہر ہے

امید کا گھر ہے یاد مجھکو — اس مین مین بھی کبھی رہا ہون
ہو تی ہے مری مزاج پُرسی — شاید ابتک مین جی رہا ہون
عمر و آلام نے کیا پامال — دل مین باقی رگ جہندہ نہین
سانس لینا ہی زندگی ہے اگر — تو مین زندہ ہون ورنہ زندہ نہین

بیمار ہون بالکل افسردہ ہون مہینوں سے ارادہ ہے ہنوز لکہنو نہین آسکا زندگی ہے تو شاید ملنا ہو۔ لغت کے کام سے پوری ہمدردی ہے۔ خدا راست لائے''

○ ماہنامہ **ہمایوں** لاہور، آغاز: جنوری ۱۹۲۱ء، ایڈیٹر: میاں بشیر احمد بی اے (آکسن) بیرسٹرایٹ لا

''اُردو کا علمی وادبی ماہوررسالہ'' — جنوری ۱۹۲۱ء

''ہمایوں'' کے صفحات تعداد میں کچھ زیادہ نہیں ہوتے تھے لیکن مضامین کی ندرت، بلاغت اور فصاحت اس کمی پر غالب رہتی۔ ہمایوں کا ایک وصف یہ بھی ہے کہ اس نے جو سادہ اور مخصوص روش اختیار کر رکھی تھی، نہایت خوش اسلوبی اور مستقل مزاجی کے ساتھ اسی راہ پر گامزن رہا۔ ''ہمایوں'' کو ایک قابلِ ذکر اعزاز یہ بھی حاصل ہے کہ ایک عرصے تک اس کا ہر شمارہ بلا تاخیر اور بروقت شائع ہوتا رہا۔ ''ہمایوں'' نے معدودے چند خصوصی شمارے ہی شائع کیے لیکن ہر سال جنوری میں اس کے سالگرہ نمبر باقاعدگی، اہتمام کے ساتھ شائع ہوتے اور قارئین کے دل ودماغ کو متاثر کرتے رہے۔

ہمایوں کے ان نمبروں نے اُسے اُردو کے علمی وادبی رسائل کی صفِ اول میں بلند مقام عطا کیا

○ ماہنامہ **نگار** بھوپال/آگرہ/لکھنؤ/رام پور، آغاز: فروری ۱۹۲۲ء، مدیر: نیاز فتح پوری

''مجلّہ علمیہ وادبیہ بھوپال'' ○ ''ایک علمی واَدبی رسالہ'' — فروری ۱۹۲۲ء

''نگار'' کا آغاز آگرہ سے ہوا، اُس وقت مولانا کا قیام بھوپال میں تھا۔ چنانچہ فروری ۱۹۲۲ء

کے شمارے میں تصریح کی گئی ہے کہ ''مضامین ورسائل تبادلہ حضرت نیاز فتح پوری کے نام بھوپال کے پتہ پر ارسال فرمایئے'' اور ''ترسیلِ زرومراسلت خریداری بنام منیجر نگار منتولہ آگرہ ہونی چاہیے''

''نگار'' بروقت اشاعت میں اپنا ثانی نہیں رکھتا اس نے گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا لیکن اس کے مزاج اور تسلسل میں کوئی جھول نہیں آنے پائی۔ اس کے مختلف مقام ہائے اشاعت کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

فروری ۱۹۲۲ء۔ دسمبر ۱۹۲۲ء آگرہ

جنوری ۱۹۲۳ء۔ جون ۱۹۲۷ء بھوپال

جولائی ۱۹۲۷ء۔ جولائی ۱۹۶۲ء لکھنؤ

جولائی ۱۹۶۲ء میں نیاز فتح پوری کراچی چلے آئے اور ''نگار'' کراچی ہی سے شائع ہونے لگا' اس کے ساتھ ہی ساتھ رام پور سے بھی ''نگار'' شائع ہوتا رہا' اس کی عنانِ ادارت اکبر علی خان کے ہاتھ میں تھی جو مولانا امتیاز علی خاں عرشی کے صاحبزادے تھے۔ اُن کی تنخواہ کا بیشتر حصہ ''نگار'' کے اخراجات کی نذر ہو جاتا' مولانا عرشی سے اُن کے احباب کہتے کہ آپ اکبر کو اس اسراف سے منع کیوں نہیں کرتے' عرشی صاحب مسکراتے اور کہتے:

''اکبر اس رسالے پر خرچ تو بہت کرتے ہیں مگر میں یہ سوچ کر خاموش رہ جاتا ہوں کہ وہ یہ رقم جوئے شراب یا خرافات پر تو نہیں اُڑا دیتے''

''نگار'' ہر سال جنوری میں اپنا خاص نمبر کسی ایک موضوع پر شائع کرنے کی روایت پر کار بند رہا جو عام طور پر نیاز ہی کے زورِ قلم کا نتیجہ ہوا کرتا تھا۔ ۱۹۲۸ء میں ''نگار'' نے ''مومن نمبر'' شائع کیا' جو ''نگار'' کا اولین خصوصی شمارہ تھا۔ ''نگار'' نے مختلف النوع موضوعات پر پچاس سے زائد خصوصی شمارے شائع کیے، جنہیں اُردو ادب میں اہم دستاویزات کی حیثیت حاصل ہے

نیاز شعائرِ اسلام اور مذہب کے بنیادی عقائد کے بارے میں اپنے غیر سنجیدہ اور دل آزار خیالات سے ''نگار'' کے صفحات کو آلودہ نہ کرتے تو اُن کے خلاف نفرت وحقارت کے وہ شدید جذبات پیدا ہوتے اور نہ ہی انہیں اپنے رویے پر بار بار معذرت کی ضرورت پیش آتی، جنوری

۱۹۲۲ء کے شمارے میں نیازؔ کی طرف سے جو معذرت نامہ شائع ہوا ہے اُس سے اُن کی قلمی بے راہ روی، حدود شکنی اور پست ذہنی کیفیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے:

''رسالہ نگار میں اس وقت تک اسلامی علوم و تعلیم شعار مذہبی و اعمال اللہ تعالیٰ جل شانہ و حضرات انبیاء کرام علیہم السلام و اصحاب اہل بیت رسالت مآب صلعم و دیگر بزرگان دین وائمہ دین و علمائے سلف کے متعلق جو مضامین میرے یا دیگر مقالہ نگاروں کی طرف سے شایع ہوے ہیں ان کو میں اپنے خیال سے اسلام کی خدمت سمجھتا تھا۔ لیکن اب مجھے یقین ہو گیا ہے کہ میرے خیالات احترام اسلام و شریعت کے خلاف تھے جن پر میں منفعل ہوں۔ اس لیے میں اعلان کرتا ہوں کہ اب میں ان تمام امور سے باز آتا ہوں، اور وعدہ کرتا ہوں کہ آئندہ میری طرف سے ایسے مقالات نہ شائع ہونگے جن سے مذہبی شکایت کا سبب پیدا ہو مجھے افسوس و ندامت ہے کہ ان مضامین سے مسلمانوں کو صدمہ پہونچا اور یقین دلانے کے لئے کہ میں ایک مسلمان کی حیثیت سے یہ سب کچھ لکھ رہا ہوں''

○ ماہنامہ **پیمانہ** آگرہ، آغاز: جنوری ۱۹۲۳ء، زیر نظر: ساغر نظامی سیمابی علیگ

''دارالانشاد اکبر آباد کا مصور مجلّہ علمیّہ و ادبیّہ''	فروری ۱۹۲۵ء
''نگارخانۂ ارضِ تاج، کا نقشِ مصوّر''	فروری ۱۹۲۶ء

○ ماہنامہ **اُردوئے معلیٰ** دہلی، آغاز: جون ۱۹۲۳ء، ایڈیٹر و پروپرائٹر: قربان علی بسملؔ

''اُردو علم ادب کا ماہواری رسالہ''	جون ۱۹۲۴ء
''ادب اُردو کا ایک دلچسپ صحیفہ''	اگست ۱۹۲۴ء

اگست ۱۹۲۷ء کے شمارے میں ایڈیٹر اس کی کیفیت یوں بیان کرتا ہے:

''اُردوئے معلیٰ ۱۹۲۳ء سے شائع ہو رہا ہے ۱۹۲۶ء تک پرچہ جس پابندی سے ناظرین تک پہنچتا رہا اس کا حال ناظرین سے پوشیدہ نہیں''

تاہم ۱۹۲۸ء تک اس کی اشاعت بے قاعدگی کے ساتھ جاری رہی، جنوری ۱۹۳۱ء میں ایک مرتبہ پھر منظرِ عام پر آیا، ایڈیٹر پرچے کے ازسرِنو اجرا پر اپنے جذبات کا اظہار اس طرح کرتا ہے:

''۱۹۲۸ء تک اُردوئے معلیٰ شائع ہوتا رہا اس کے بعد حوادث روزگار نے ایسی مجبوریوں میں پھنسایا کہ متواتر دو برس تک اس کی اشاعت نہ ہو سکی۔ اب کسیقدر اطمینان نصیب ہوا۔ تو جنوری ۱۹۳۱ء سے پھر اس کو جاری کیا جاتا ہے''

o ماہنامہ **عالمگیر** لاہور' آغاز: جون ۱۹۲۴ء' ایڈیٹر: حافظ محمد عالم

''ایک ماہوار علمی ادبی تاریخی اور مذہبی رسالہ'' جون ۱۹۲۴ء

o ماہنامہ **نیرنگِ خیال** لاہور' آغاز: جون ۱۹۲۴ء' ایڈیٹر: حکیم محمد یوسف حسن

''ماہوار رسالہ'' o ''مصور رسالہ'' جون ۱۹۲۴ء

''نیرنگِ خیال ہندوستان بھر کی علمی ادبی رسائل میں سب سے زیادہ چھپتا اور سب سے زیادہ مقبول ہے''

''مضامین کے لحاظ سے نیرنگِ خیال ادبی رسائل میں یکتا اور لاثانی ہے'' جولائی ۱۹۲۹ء

o ماہنامہ **صحیفہ** اٹاوہ' جنوری ۱۹۲۵ء' ایڈیٹر: ابوالمعانی مرزا یاس یگانہ چنگیزی

''اردو کا ماہوار ادبی رسالہ'' جنوری ۱۹۲۵ء

o ماہنامہ **شمع** آگرہ' آغاز: جنوری ۱۹۲۵ء' مدیران: محمد حبیب آکسن بیرسٹرایٹ لاء' حسن عابد جعفری آکسن بیرسٹرایٹ لاء

''اُردو زبان کا ماہوار رسالہ'' جنوری ۱۹۲۵ء

o ماہنامہ **قوس قزح** لاہور' آغاز: ستمبر ۱۹۲۵ء' مدیر: محمد وحید کیلانی

''علمی۔ادبی۔طبعی۔تاریخی اور صنعتی ماہوار مجموعہ'' ستمبر ۱۹۲۵ء

''نگارستانِ ادب کا مصور مجلّہ'' ستمبر ۱۹۲۶ء

o ماہنامہ **نقاد** لاہور' آغاز: اکتوبر ۱۹۲۵ء' جامع ترجمانِ حقائق: کوثر لکھنوی

''اردو زبان کا۔''علمی وادبی''۔ماہوار رسالہ'' اکتوبر ۱۹۲۵ء

o ماہنامہ **انتخاب** لاہور' آغاز: اکتوبر ۱۹۲۵ء' مدیر: ابولمعانی اختر شیرانی الافغانی

''اُردو کا علمی ادبی ماہوار رسالہ'' جنوری ۱۹۲۵ء

اکتوبر ۱۹۲۵ء کے شمارے میں اختر شیرانی انجمنِ ارباب علم پنجاب کا تعارف یوں کراتے ہیں:

''انجمن ارباب علم (پنجاب) جسکے جنرل سکرٹری' بلیغ الملک علامہ تاجور نجیب آبادی اور لائف پریذیڈنٹ آنریبل خان بہادر شیخ عبدالقادر بی اے بارایٹ لا وزیر تعلیم پنجاب ہیں۔گذشتہ نو سال سے پنجاب میں اُردو زبان کی اصلاح وترقی کے ضروری اور شاندار فرائض انجام دے رہی ہے دو تین ماہ ادھر سے اس نے اپنی علمی وادبی مساعی کی رفتار کو تیز تر کر دیا ہے چنانچہ جدید انتظام اور شعبہ نثر کے قیام کے علاوہ پنجاب کے بعض

شہروں میں اس کی شاخیں بھی قائم ہو چکی ہیں''

اس سلسلے میں انجمن کا ایک اجلاس شملہ میں منعقد ہوا تھا، صدارت نواب بہادر لوہارو نے کی تھی اختر شیرانی اس اجلاس کی منظر کشی کس منفرد اور دلکش انداز میں ضبطِ تحریر میں لائے ہیں کہ رپورتاژ کا ایک اعلیٰ نمونہ وجود میں آ گیا اور اجلاس کا نقشہ آنکھوں میں گھوم جاتا ہے:

''شاعروں کے قطع نظر ایک طرف کونسل اور اسمبلی کے ممبر اپنے صاحبیت کے لباس میں ڈٹے ہوئے تھے، دوسری طرف محترم محمد علی اڈیٹر کامریڈ اپنے ''حجازی نما'' قبا میں اور پنڈت کرشن مالوی ٹھیٹ ''سنسکرتی'' عبا میں گونج رہے تھے ایک طرف دہلی کے مستانہ صوفی خواجہ حسن نظامی پر حال کی کیفیت طاری تھی، علما کی قائم مقامی کے لئے مولانا ثناء اللہ امرتسری ایڈیٹر اہلحدیث کو سمجھنا چاہیے۔ خاموش طبقہ کی نمائندگی کیلئے صاحبزادہ آفتاب احمد خاں موجود تھے''

○ ماہنامہ **مرقع** لکھنؤ، آغاز: جنوری ۱۹۲۶ء، مرتبہ: سید مقبول حسین وصل بلگرامی

''دارالادب ۔ لکھنؤ کا علمی وادبی رسالہ'' جنوری ۱۹۲۶ء

اردو صحافت میں آرٹ پیپر پر شعرا کے کلام اور خطوط کے عکس شائع کرنے کی جدت ''مرقع'' کے حسنِ لطافت سے وجود میں آئی، اولین شمارے میں علامہ اقبال اور عزیز لکھنوی کے کلام کا عکس شائع ہوا ہے فروری ۱۹۲۶ء میں شاہجہان اور گلبدن بیگم بنت ظہیر الدین بابر کی تحریروں کا عکس زیبِ اوراق ہے، مارچ کے شمارے میں غالب کے دو خطوط کا عکس آرٹ پیپر پر شائع کیا گیا ہے۔ ستمبر ۱۹۲۶ء میں مولانا صفی لکھنوی کے دست وقلم سے رُباعی، سید مقبول حسین ظریف کا قطعہ اور مولانا شبلی و مولانا حالی کے خطوط کے عکس بھی شاملِ اشاعت ہیں

''مرقع'' کے صفحات کو دو کالموں میں تقسیم کیا جاتا، مضمون نگار کا نام مضمون کے اختتام پر درج کیا جاتا۔ ''مرقع'' کے دو خصوصی شمارے خاص نمبر جنوری ۱۹۲۷ء اور افسانہ نمبر جنوری ۱۹۲۸ء ہماری لائبریری میں موجود ہیں لیکن روایتی طور پر ان کا ذکر سرورق پر نہیں، بلکہ ایڈیٹوریل کے بین السطور میں کیا گیا ہے، جن کا سراغ لگانا ہر کسی کے بس میں نہیں!

○ ماہنامہ **اقتباس** بمبئی، آغاز: مارچ ۱۹۲۶ء، آنریری ایڈیٹر: شبر بدایونی

''اُردو علم ادب کا ماہوار رسالہ'' مارچ ۱۹۲۶ء

○ ماہنامہ **بہارستان** لاہور' آغاز: مئی ۱۹۲۶ء' مسئول: اختر شیرانی' معاون' رفیعی اجمیری

''اُردو علم ادب کی دلچسپیوں کا ماہور مجموعہ'' جون ۱۹۲۷ء

○ ماہنامہ **تفریح** بجنور' آغاز: جنوری ۱۹۲۷ء ایڈیٹر آغا رفیق بلند شہری' محمد رفیق

ایک علمی- تاریخی- سیاسی- تفریحی اور زرعی مضامین کا ماہوار مجموعہ جنوری ۱۹۲۷ء

''اردو کا علمی- ادبی ماہوار رسالہ'' ستمبر ۱۹۲۹ء

○ ماہنامہ **ادبی دُنیا** لاہور' آغاز: مئی ۱۹۲۹ء' چیف ایڈیٹر: مولانا تاجور نجیب آبادی

''مشرق و مغرب کے جدید و قدیم ادبیات کا مرقع'' مئی ۱۹۲۹ء

سرورق نگران: سر عبدالقادر' ایڈیٹر: حنیف ہاشمی

''ادبی دُنیا'' کے ایڈیٹر مولانا تاجور مشرقی اور مغربی ادبیات کا بہت وسیع اور عمیق مطالعہ رکھتے تھے مختلف زبانوں کے عصری رجحانات سے کماحقہ واقف تھے، تاجور کی ایک خوبی یہ بھی تھی کہ ادب میں انہیں کوئی فنی لغزش یا لسانی غلطی نظر آجاتی تو فوراً اُن کا قلم حرکت میں آجاتا۔ انہوں ایک عرصہ صحافت کی وادیٔ پرخار کی آبلہ پائی میں گزار دیا۔ وہ عملی طور پر کئی رسائل سے وابستہ رہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رسائل کے بغیر زندہ رہنے کے تصور سے وہ آشنا نہیں تھے' اُنھوں نے ۱۹۱۱ء میں لدھیانہ سے ماہنامہ ''آفتاب اُردو' جاری کیا۔ ۱۹۱۲ء میں ''نالہ بلبل'' مولانا تاجور کی نگرانی میں لدھیانہ سے نغمہ سرائے محفل آرا ہوا۔ مئی ۱۹۱۶ء میں نجیب آباد سے ماہنامہ ''تاج الکلام'' مولانا تاجور کی ادارت میں منصۂ شہود پر آیا۔ دسمبر ۱۹۱۶ء کے ''مخزن'' میں اُن کا مضمون عرب کی شاعری شائع ہوا' جس کے اختتام پر ابوالعرفان تاجور مدیر مخزن کے اندارج سے ان کے ''مخزن'' کے مدیر ہونے کی شناخت ہوتی ہے۔ جنوری ۱۹۱۷ء- جون ۱۹۲۰ء ماہنامہ ''مخزن' لاہور کے سرورق پر اُن کا نام جائنٹ ایڈیٹر کے طور پر چھپتا رہا۔ انہوں نے جنوری ۱۹۲۱ء- جنوری ۱۹۲۶ء ماہنامہ ''ہمایوں'' کے جائنٹ ایڈیٹر کی حیثیت سے اپنی غیر معمولی ادبی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور ''ہمایوں'' کے معیار کو برقرار رکھا۔ تاجور نے ''ہمارا پنجاب'' کی ادارت کے علاوہ اپنے ذاتی رسائل بچوں کے ہفت روزہ ''پریم' لاہور (۱۵- اپریل ۱۹۲۶ء)'' ادبی دُنیا' لاہور (مئی ۱۹۲۹ء) اور ''شاہکار'' لاہور (اپریل ۱۹۳۵ء) میں اپنے قلم کے خوب جوہر دکھائے

''ادبی دُنیا'' کا سرورق سر عبدالقادر کا تجویز کردہ تھا جس کی رنگین تکمیل مشہور مصور لالہ رام لعل

کے موئے قلم کی منت پذیر تھی، سر ورق کو مشاق خطاط منشی عبدالمجید پرویں رقم نے اپنی ماہرانہ خطاطی کے اعلیٰ نمونے سے جلا بخشی تھی۔ نفیس کاغذ، اعلیٰ کتابت اور طباعت پر ۹۶، اور پھر ۸۰ صفحات پر نکلتا رہا، سالانہ چندہ صرف تین روپے تھا۔ ابتدا میں ''فرہنگ الفاظ'' کے تحت شمارے میں شائع ہونے والے مشکل الفاظ اور اُن کے معانی کے لیے تین صفحات وقف کیے جاتے رہے

مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ جنوری ۱۹۳۰ء میں اس کی اشاعت پانچ ہزار سے تجاوز کر گئی، اور یہ تعداد گورنمنٹ سے تصدیق شدہ تھی

''ادبی دُنیا'' مارچ ۱۹۳۱ء کے شمارے میں مولانا تاجور لاہور میں آمد اور صحافت کے ساتھ بے لوث، جذباتی اور طویل وابستگی کی داستان ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

''آج سے پندرہ برس پہلے اسی لاہور میں چار روپے ماہوار کی ایک ٹیوشن سے جس غریب الوطن طالب علم نے اپنی کاروباری زندگی شروع کی تھی، آج پندرہ برس کے بعد وہی بے وطن و بے مددگار چار روپے کا نوکر ادبی دُنیا۔ پریم۔ اتحاد۔ اور شعبۂ تصنیف و تالیف پر پچاس ہزار روپے ہر سال صرف کر دیتا ہے''

○ ماہنامہ **ساقی** دہلی، آغاز: جنوری ۱۹۳۰ء، مدیر شاہد احمد بی اے (آنرز) دہلوی

''اُردو کا علمی و ادبی ماہور صحیفہ'' جنوری ۱۹۳۰ء

مقاصد:

۱۔ ادب اُردو کی نظماً و نثراً اشاعت اور تحقیقات کے جدید و قدیمہ کا نشر ''ساقی'' کا مقصد ہے

۲۔ ساقی کی اشاعت سے بڑی غرض یہ ہے کہ ملک میں پاکیزہ ادب کا مذاق پیدا کیا جائے اور زبان اُردو کی قدردانی کی طرف ابنائے وطن کو مائل کیا جائے

۳۔ ساقی کوشش کریگا کہ اُردو میں ''نثر شاعری'' (ادب لطیف) کے نمونے پیش کر سکے

۴۔ ساقی خالص ادبی و علمی رسالہ ہے۔ سیاسیات اور مذہبی مناقشوں سے اِسے مطلق سروکار نہ ہوگا

۵۔ خلاف تہذیب اور ذلتیات پر مبنی مضامین ساقی میں درج نہ ہونگے

۶۔ ساقی کے ذریعہ کوشش کی جائے گی کہ ادبی محاسن و کمالات کی پوری پوری داد دی جائے

○ ماہنامہ **شاعر** آگرہ/ بمبئی، آغاز: ۱۵ فروری ۱۹۳۰ء، ایڈیٹر: سیماب اکبر آبادی

''مجلہ ادبیہ''

''مشہور فنی و ادبی مصور ماہنامہ ○ ہندوستان کے چار کرور شعرا کا واحد آرگن'' [آگرہ اسکول نمبر]

''بیس ہزار ادبا اور شعرا کی نظر سے گذرنے والا خالص ادبی وفنی ماہنامہ'' جنوری ۱۹۳۸ء

ابتدا میں پندرہ روزہ تھا' بعد میں ماہوار ہو گیا۔ جنوری ۱۹۵۱ء میں آگرہ سے بمبئی منتقل ہوا

○ ماہنامہ **معاون** گوجرانوالہ' آغاز: اپریل ۱۹۳۰ء' ایڈیٹر: مولوی محمد ابراہیم' مدیر اعزازی: چوہدری غلام مصطفیٰ بی اے ایل ایل بی بیرسٹر ایٹ لاء

''علمی' ادبی۔ زرعی۔ امداد باہمی۔ اصلاحی۔ طبی اور اقتصادی مضامین کا اردو ماہوار مصور صحیفہ''

○ ماہنامہ **خیالستان** لاہور' آغاز: اپریل ۱۹۳۰ء' پرنٹر' پبلشر' مسئول: اختر شیرانی' معاون: لطیفی بی اے

''اُردو علم و ادب کی رنگینیوں کا ماہوار مجموعہ'' اپریل ۱۹۳۰ء

○ ماہنامہ **ندیم** گیا' آغاز: جولائی ۱۹۳۱ء' مدیر: انجم' معین مُدیر: عبدالقدوس ہاشمی ندوی

''صوبہ بہار میں ہندوستانی زبان کا واحد علمی و ادبی ماہنامہ'' نومبر ۱۹۳۷ء

''صوبہ بہار میں علم' ادب' تعلیم اور زبان کا ترجمان'' دسمبر ۱۹۳۸ء

''ندیم'' کی ورق گردانی سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اُس کے بانی مدیر انجم علم ادب اور مصوری کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے لیکن اُن کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں۔ اُن کے اصل اور مکمل نام تک بھی رسائی حاصل نہیں ہو سکی' البتہ فروری ۱۹۳۴ء کے شمارے کی پرنٹ لائن سے دو شخصیتوں کے نام سامنے آتے ہیں:

''باہتمام منظر علی ندوی برقی پریس سبزی باغ بانکی پور میں چھپا اور محمد یعقوب پرنٹر پبلشر نے دفتر ندیم پنجائتی اکھاڑا گیا سے شائع کیا''

مارچ ۱۹۳۷ء کے شمارے تک مدیر کی حیثیت سے انجم کا نام چھپتا رہا اس کے بعد نومبر ۱۹۳۷ء کے شمارے پر مرتب کی حیثیت سے ریاست علی ندوی کا نام ملتا ہے

مئی ۱۹۳۴ء کے شمارے میں حضرت سلیمان کی ایک تصویر شائع ہوئی تھی جس میں آپ کو کرسی عدل پر جلوہ فروز دکھایا گیا ہے اور دو عورتوں کے درمیان ایک بچے کی ملکیت کا فیصلہ فرما رہے ہیں

○ ماہنامہ **سدا بہار** لاہور' آغاز: جنوری ۱۹۳۲ء' ایڈیٹر: رگھبیر داس چوپڑہ' چیف ایڈیٹر: بی آر او برائے بی اے ایل ایل بی' معاون حصہ نظم: احسان دانش

''اُردو علم و ادب اور دنیائے سینما کا مشہور و معروف ماہوار رسالہ'' جنوری ۱۹۳۲ء

○ ماہنامہ **یادگار** لاہور، آغاز: جنوری ۱۹۳۲ء مدیر: نیّر بی اے

''اُردو ادب کا ماہوار مصور مجلّہ''

○ پندرہ روزہ / ماہنامہ **شاہجہان** دہلی، آغاز: اگست ۱۹۳۳ء، ایڈیٹر: سید ولایت حسین دہلوی

''علمی اَدبی و تنقیدی نیم ماہی جریدہ'' ۱۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

''ادب اُردو کا ماہوار مصور صحیفہ'' مئی ۱۹۳۴ء

''افسانوں اور ڈراموں کا واحد مصور ماہنامہ'' دسمبر ۱۹۳۴ء

یکم فروری ۱۹۳۴ء - ۱۵ جولائی ۱۹۳۴ء شاہد احمد (بی اے آنرز) دہلوی اس کے مدیر رہے، ۱۵ جولائی ۱۹۳۴ء تک پندرہ روزہ رہا۔ مئی ۱۹۳۵ء میں سید وصی اشرف دہلوی کے دورِ ادارت میں ماہوار ہوا

○ ماہنامہ **شاہد** بریلی، آغاز: جنوری ۱۹۳۵ء، ایڈیٹر: ساحؔر بریلوی، آنریری معاون: حسرؔت بریلوی

''دنیائے ادب کا ماہوار مصور صحیفہ اُردو'' جنوری ۱۹۳۵ء

○ ماہنامہ **ادبِ لطیف** لاہور، آغاز: مارچ ۱۹۳۵ء، ایڈیٹر: چودھری برکت علی بی اے

''علمی ادبی و تنقیدی ماہوار مرقع'' مارچ ۱۹۳۵ء

○ ماہنامہ **شاہکار** لاہور، آغاز: اپریل ۱۹۳۵ء، ایڈیٹر: مولانا تاجور نجیب آبادی

''اُردو مرکز لاہور کا علمی، تعلیمی، فنی و ادبی ماہنامہ'' اپریل ۱۹۳۵ء

○ سہ ماہی / ماہنامہ **ایشیا** میرٹھ، آغاز: اگست ۱۹۳۵ء، ایڈیٹر: ساغر نظامی، سرپرست: آنریبل ڈاکٹر سید محمود بار ایٹ لاء

''ہندوستانی ادب - مشرقی تہذیب - کلچر اور مشرق کی انقلابی روح کا علمبردار'' ستمبر ۱۹۳۶ء

''ادبی مرکز میرٹھ کا علمی ادبی ماہوار رسالہ'' اگست ۱۹۴۰ء

○ ماہنامہ **رومان** لاہور، آغاز: نومبر ۱۹۳۵ء، ایڈیٹر: اختر شیرانی

''علمی، ادبی اور مذہبی معلومات کا بے بہا ذخیرہ'' مارچ ۱۹۳۷ء

''اُردو کے نوجوان اہلِ قلم کا ادبی و فنی ماہنامہ'' ستمبر ۱۹۳۷ء

''رومان'' اپنے دور میں کس قدر ہر دلعزیز رہا ہوگا اس کا اندازہ احمد ندیم قاسمی کے اس جذباتی

مراسلے سے بخوبی ہوسکتا ہے' جو دائرہ رومان کے تحت ستمبر ۱۹۳۷ء کے شمارے میں شائع ہوا ہے:

''انتظار کرتے کرتے آنکھیں سفید ہوگئیں۔ مگر نہ رومان ملا نہ آپ کا گرامی نامہ۔ کل عزیز شفیع قاسمی کے ہاتھ میں رومان کا اگست نمبر دیکھا۔ مانگ کر پڑھا.... رومانی محفل قائم کرنے میں جس ذوق شوق کا مظاہرہ کیا جارہا ہے وہ بہت قابلِ ستائش ہے۔ کیا لطف آئے اس وقت جب رومان کے وہ دور افتادہ بہی خواہ ایک دوسرے کو گلے لگائیں گے جو ایک دوسرے کی نگارشاتِ عالیہ مدتوں سے پڑھتے آئے ہیں۔ اور ایک دوسرے کی صورت دیکھنے کے لئے ترس رہے ہیں''

اختر شیرانی نے لاہور سے شائع ہونے والے رسائل انتخاب آغاز: اکتوبر ۱۹۲۵ء' بہارستان آغاز: مئی ۱۹۲۶ء' خیالستان آغاز: اپریل ۱۹۳۰ء اور رومان آغاز: نومبر ۱۹۳۵ء میں مدیر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ ان کی خداداد علمی و ادبی صلاحیتوں کی بدولت ان رسائل کا شمار اپنے دور کے بہترین اور صفِ اول کے رسائل میں ہوا کرتا تھا۔ اختر شیرانی اپنی سیمابی طبیعت' لااُبالی پن اور متلون مزاجی کے باعث کسی رسالے کو زیادہ دیر تک سنبھالنے سے قاصر رہے۔ ان کے نام نہاد دوستوں کی ریشہ دوانیوں سے رسالے اُن کے ایک ہاتھ میں آتے اور دوسرے ہاتھ سے نکل جاتے۔ ''قوس قزح'' اکتوبر نومبر ۱۹۲۷ء کے شمارے میں ''گلفروش'' کے اجرا کا اعلان اس خوشخبری کے ساتھ کیا گیا کہ اسے اختر شیرانی کی ادارت کا شرف حاصل ہوگا:

''غالباً یہ خبر نہایت مسرت سے سنی جائیگی کہ میرے محترم عزیز ابوالمعانی حضرت اختر شیرانی الافغانی کی ادارت میں لاہور سے عنقریب ایک نہایت زبردست بلند معیار مصوّر رسالہ گلفروش ہونیکو ہے۔ گلفروش عالم صحافت میں ایک نئی چیز ہوگا۔ اس کے لئے ابھی سے اپنا نام رجسٹرڈ کرا لیجئے۔ سالانہ چندا پانچ روپیہ ہوگا مولینا ساحل بلگرامی منیجر رسالہ گلفروش سے خط و کتابت کیجئے''

اکتوبر' نومبر قوسِ قزح ۱۹۲۷ء

○ ماہنامہ **سب رس** حیدرآباد دکن' آغاز: جنوری ۱۹۳۸ء' ایڈیٹر: ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور

''ادارہ ادبیاتِ اردو کا ماہ نامہ''

جنوری ۱۹۳۸ء

رسائل اور اُن کی پیشانیاں

اردو کے قدیم اخبارات اور رسائل بڑے اہتمام کے ساتھ اپنے سرورق نہایت دیدہ زیب اور خوشنما حاشیوں' بیل بوٹوں اور نقش و نگار سے آراستہ کرتے۔ یہ محنت طلب کام اُس دور کے خوش

نویس بڑی مہارت اور جاں فشانی سے انجام دیتے۔ ناظرین کو ترغیب دینے کے لیے شعر اور مصرعے مناسب مقام پر نمایاں طور پر خوش نما اور اعلیٰ کتابت سے مزین کیے جاتے۔ رسالے کے اغراض و مقاصد، قواعد وضوابط، شرحِ تبادلہ، اجرت اشتہارات اور مضامین کی فہرست سے آگہی رسالے کے سرورق ہی سے ہو جاتی۔ گویا رسالے کے پورے جدول کی رنگینوں کو سرورق میں سمو دیا جاتا۔ اس اہتمام کا مقصد یہ تھا کہ رسالے کے حُسن وکمال کی رونمائی کی جائے اور شائقین کو رسالے کی خریداری پر راغب کیا جائے۔ یہ کوشش بھی کی جاتی کہ شعر کا انتخاب رسالے کے نام کی مناسبت سے کیا جائے، بعض رسالوں کی لوح پر قطعہ تاریخ اجرا کا اندراج بھی کیا جاتا۔ یہ انداز اور اہتمام کسی حد تک بیسویں صدی کے ابتدائی برسوں تک برقرار رہا، اب اس روایت کا نام ونشان تک مٹ چکا ہے، بعض نہایت اہم اور معیاری پرچوں نے اس روایت پر عمل کیا اور خوبصورت شعروں اور مصرعوں کو اپنی پیشانیوں کی زینت بنایا اور اپنے اپنے رسائل کا نام بڑی خوبصورتی کے ساتھ جزوِ شعر و سخن بنایا:

☆ ماہنامہ **سرسوتی بھنڈار** لاہور آغاز: اپریل ۱۹۱۰ء ایڈیٹر: پنڈت شیو برت لال ورمن ایم اے

مثل مہرِ منیر ہاں یک بار — ہو درخشاں سرسوتی بھنڈار

اپریل ۱۹۱۰ء

☆ ماہنامہ **اُردو** لاہور

مطبُوع دل پیر و جواں ہے اُردو — نورِ نظر اہلِ زباں ہے اُردو

ہے ہند کی جان لیکن از روئے عدد — کہہ سکتے ہیں ہم جانِ جہاں ہے اُردو

ستمبر ۱۹۱۳ء

☆ ماہنامہ **تاج الکلام** نجیب آباد آغاز: مئی ۱۹۱۶ء مرتبہ: ابوالعرفان احسن اللہ خاں تاجورؔ نجیب آبادی

مدّاح اُسکا خلق میں ہر خاص وعام ہے — لاریب الکلام یہ تاج الکلام ہے

مئی ۱۹۱۶ء

☆ ماہنامہ **گلزار** میرٹھ

بلبلیں تنکے لیے بیٹھی ہیں کیوں منقار میں ہر طرح کے پھول تازہ ہیں مرے گلزار میں

مئی ۱۹۱۶ء

☆ ماہنامہ **شباب اُردو** لاہور

ضیائے شمس و قمر آب وتابِ اردو ہو بہارِ خُلدِ آلٰہی شبابِ اردو ہو

اپریل ۱۹۲۰ء

☆ ماہنامہ **گلچین** دہلی، آغاز ستمبر ۱۹۲۱ء ایڈیٹر: عبدہٗ

شگفتہ پھول چھوڑا ہی نہیں کوئی گلستاں میں بہاریں آج گل گل ریز ہیں گلچین کے داماں میں

ستمبر ۱۹۲۱ء

☆ ماہنامہ ہمایوں لاہور

زمامِ ابلقِ ایام در دستِ ہمایوں شُد نویدِ دورِ خوش کامی انیسِ طبعِ موزوں شُد

جنوری ۱۹۲۲ء

☆ ماہنامہ **سہیلی** امرتسر، آغاز: اکتوبر ۱۹۲۴ء، مدیر مسئول: زہرا بتول قریشی

ہے ناصح نسواں بھی، یہ رسالہ اور دلسوز سہیلی، بھی باورچن بھی، مغلانی بھی، استانی بھی، سہیلی، بھی

اکتوبر ۱۹۲۴ء

☆ ماہنامہ **انتخاب** لاہور

باغِ ادب میں جو گلِ معنی کھلا کبھی دامن میں رکھ لیا نظر انتخاب نے

اکتوبر ۱۹۲۵ء

☆ ماہنامہ **بہارستان** لاہور

زہے خوشبوئے گلہائے مضامین طرب افزا کہ از فرطِ مشامِ او خیالم شد بہارستاں

پئے تاریخِ ایں باغِ معانی فکر مے کردم ندا آمد ''تماشائے دو عالم شد بہارستاں''

گل چمن اختر ۱۳۴۴ھ

مئی ۱۹۲۶ء

مندرجہ بالا قطعات تاریخ اجرائے بہارستان محمد امین الرحمٰن امین صدیقی کی سخن طرازی کا نتیجہ ہیں

☆ ماہنامہ **فردوس** لاہور، آغاز: مئی ۱۹۲۷ء، مدیر مسئول: شیخ غلام مصطفیٰ حیرت

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین است، ہمین است، ہمین است

مئی ۱۹۲۷ء

☆ ماہنامہ **سروش** لاہور

آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں
غالب صریر خامہ نوائے سروش ہے

جنوری ۱۹۲۹ء

☆ ماہنامہ **ساقی** دہلی

اِس دَور میں مے اَور ہے جام اور ہے جم اَور
ساقؔی نے بنا کی رَوشِ لُطف و کَرم اَور

جنوری ۱۹۳۰ء

ایڈیٹر ''ساقی'' شاہد احمد دہلوی نے علامہ اقبال کے شعر میں تصرف سے کام لے کر لطف وستم کو لطف وکرم بنا دیا

☆ ماہنامہ **ندیم** گیا

عِشرت کدہ نہ قصرِ معلّٰی بنائیے
اک کُنجِ عافیت لبِ دریا بنائیے
گھبرائے دل تو مونسِ تنہائی ہو ندیم
چھوٹی سی اِک سکون کی دُنیا بنائیے

دسمبر ۱۹۳۶ء

☆ ماہنامہ **سب رس** حیدرآباد دکن

یہہ تحفہ ہے لاجواب از بس لے لو
مرغوبِ دلِ ہر کس و ناکس، لے لو
سب کا لینا تو امر ناممکن ہے
سب میں بہتر یہہ ہے کہ ''سب رس'' لے لو

جنوری ۱۹۳۸ء

خوبصورت مصرعوں اور قطعوں سے بھی رسائل نے اپنے شائقین کو متوجہ اور راغب کرنے کی کوشش کی۔ بعض سے ان کی تاریخِ اجرا بھی برآمد ہوتی ہے:

☆ ماہنامہ **الناظر** لکھنؤ

جاے است جہان نمائے ہر صفحہ دریں — جولائی ۱۹۰۹ء

☆ ماہنامہ **ادیب** الہ آباد

آزاد ہوں میرا مسلک ہے صلح کل — جنوری ۱۹۱۰ء

☆ ماہنامہ **نقاد** آگرہ

ایں خراباتِ مغاں است دریں رندانند — شاھد و شمع و شراب و شکر و نالے و سرود

جنوری ۱۹۲۰ء

''نقاد'' کے اجراء پر نیاز فتح پوری نے قطعہ تاریخ کس خوبی سے موزوں کیا:

الٰہی سایہ دار و پر ثمر باد — ۱۹۱۳ء — نہالِ حضرتِ دلگیر نقاد

☆ ماہنامہ **ادیب اُردو** لکھنؤ

آشوبِ زمانہ دلربائے سخن ست — غارتگر ہوش ما جرائے سخن ست

آزادہ دلان اسیر دام دگرند — بیگانہ خلق آشنائے سخن ست

جنوری ۱۹۲۱ء

☆ ماہنامہ **صحیفہ** اٹاوہ

خود پرستی کیجئے یا حق پرستی کیجئے — یاس کسدن کیلئے نا حق پرستی کیجئے

جنوری ۱۹۲۵ء

☆ ماہنامہ **مرقع** لکھنؤ

تا تو بیدار شوی نالہ کشیدم ‘ ورنہ — عشق کارے است کہ بے آہ وفغان نز کنند

[عطیہ علامہ سر اقبال] جنوری ۱۹۲۶ء

''دارالادب لکھنؤ کا مقبول و جہان عزیز جریدہ'' — فروری ۱۹۲۶ء

☆ ماہنامہ **ادیب** پشاور

ہوائے درّہِ خیبر ہے وقفِ انتظار اب بھی — کہ آج آئے کوئی راہوارِ وحشت پر سوار اب بھی

جنوری ۱۹۳۰ء

☆ ماہنامہ **خیالستان** لاہور

آنچہ من دَر بزمِ شوق آوردہ ام دانی کہ چیست یک چمن گل، یک نیستاں نالہ یک خمخانہ مے

[اقبال] اپریل ۱۹۳۰ء

☆ ماہنامہ **رومان** لاہور

کہو زاہد سے کیوں ہے اسقدر فردوس پر نازاں ہزاروں جنتیں آباد ہیں تخیلِ اختر میں

یہ شعر آغا حشر کاشمیری کے حُسنِ قلم کا نتیجہ ہے اس سے ''رومان'' کی تاریخ اجرا نومبر ۱۹۳۳ء برآمد ہوتی ہے

☆ ماہنامہ **نقاد** لاہور

داند آں کس کہ فصاحت بکا ے دارد ہر سخن موقع و ہر نکتہ مقام دارد

مارچ ۱۹۳۵ء

رسائل کا تابناک دور

''مخزن'' لاہور ۱۹۰۱ء سے لے کر ''سب رس'' حیدرآباد دکن جنوری ۱۹۳۸ء تک کا دورانیہ ایسا روشن اور تابناک ہے کہ اسے اُردو صحافت کا دورِ زریں کہا جا سکتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ کسی زبان کی ترقی میں رسالے انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ابتدائی دور میں چھاپہ خانہ ہاتھ پاؤں کی مدد سے چلایا جاتا تھا۔ بعد میں چھاپہ خانوں کو بھاپ کی قوت سے چلایا جانے لگا۔ طباعت کا معیار پست اور رفتار سست تھی۔ پھر نئی اور جدید پرنٹنگ مشینوں کی آمد سے طباعت میں نفاست پیدا ہونے لگی اور برقی قوت کے استعمال سے رفتار میں تیزی آنے لگی۔ دنوں کا کام گھنٹوں میں ہونے لگا۔ اس خوش آئند تبدیلی سے اہلِ علم و ادب کو میدانِ صحافت میں طبع آزمائی کا حوصلہ ملا۔ چنانچہ بے شمار رسالے نہایت آب و تاب، شان و شوکت اور بلند بانگ دعووں کے ساتھ میدانِ صحافت میں اُترنے لگے لیکن مختصر عمر پا کر معدوم ہوتے چلے گئے۔ نہایت سنجیدہ، بلند پایہ اور معیاری رسالے اپنی اشاعت میں تسلسل برقرار رکھنے سے قاصر رہے اور دو دو ماہ کے شمارے ایک ہی پرچے کی صورت میں رونمائی پر مجبور ہوئے، زیادہ تر رسائل آمدنی اور اخراجات کے لحاظ سے غیر

متوازن تھے اور اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی سکت نہیں رکھتے تھے، لیکن اس کے باوجود وہ رسالے مستقل مزاجی کے ساتھ میدان میں ڈٹے رہے جن کے اولوالعزم ایڈیٹروں نے محنت ولگن سے سرشار ہو کر علم وادب کی خدمت کو اپنی سرگرمیوں کا مرکز ومحور بنائے رکھا۔ اکثر رسائل خسارے میں چلتے، جس کا اظہار مدیر حضرات نہایت دل سوزی اور بے بسی کے ساتھ اداریوں میں کرتے رہتے۔ ماہنامہ ''کلیم'' دہلی نے جب اپنی زندگی کے تین برس مکمل کر لیے تو اس کے ایڈیٹر جوش ملیح آبادی رسائل کی بے قدری اور وسائل کی کمی کو زیر بحث لاتے ہوئے جنوری ۱۹۳۸ء کے شمارے میں کس قدر افسردگی، مایوسی اور پستی کا اظہار کر رہے ہیں:

''کلیم کی بقا کے واسطے جتنے دروازے کھٹکھٹائے جا سکتے تھے میں نے ان سب کو کھٹکھٹایا۔ اور بے حیا بن بن کر متعدد بار کھٹکھٹا چکا ہوں، مگر ایک دروازہ بھی نہیں کھلا، دروازہ کھلنا تو بڑی بات ہے۔ کسی در پر یہ اندازہ بھی نہیں ہو سکا کہ اس مکان کی چار دیواری کے اندر سانس لینے والے زندہ لوگ بھی موجود ہیں کہ نہیں... خانہ نشینی اختیار کر لوں، ایسی مکمل خانہ نشینی کہ تادمِ مرگ نہ تو کسی جلسے میں شریک ہوں، نہ کسی اخبار اور رسالے میں اپنا کلام چھپواؤں اور نہ تمام عمر کسی سے ملاقات ہی کروں''

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رسائل نکالنے والے کسی مالی منفعت یا مصلحت سے بے نیاز ہوا کرتے تھے، وہ محض اپنے جذبات اور ادبی ذوق کی آبیاری کے لیے اس میدانِ کارزار میں بے خوف وخطر کود جایا کرتے تھے

اسی دوران میں اخبارات کی طرح رسائل کا بھی شہروں اور قصبوں تک ترسیل کا منظم اور باقاعدہ سلسلہ جڑ پکڑ چکا تھا۔ شائقین کو یہ سہولت بھی حاصل ہو گئی کہ انہیں نہایت کم خرچ پر بذریعہ ڈاک اپنی پسند کا رسالہ گھر میں موصول ہو جائے نیز ریلوے بک سٹال اور ریلوے وہیلر بھی اخبارات و رسائل کی فراہمی کے اہم مراکز بن چکے تھے۔ رسائل وجرائد تک عام آدمی کی رسائی آسان ہونے سے عوام میں مطالعہ کا شوق اور علمی وادبی شعور پیدا ہوا۔ قارئین کو راغب کرنے کی خاطر رسالے جاذبِ نظر کتابت اور خوش نما طباعت سے آراستہ ہونے لگے

رسائل کے باذوق ایڈیٹر خوش نویسی کے حُسن وکمال اور اسرار ورموز سے بخوبی آگاہ تھے۔ وہ عمدہ اور نفیس کتابت کے لیے بے حد تگ ودو کرتے اور ماہر خوش نویسوں اور پختہ کار کاتبوں کی خدمات حاصل کرتے۔ چنانچہ ''پیمانہ'' مئی ۱۹۲۵ء میں ساغر نظامی جرعات کے تحت اپنے ادارتی

جذبات کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''ہندوستان کے تمام موقت الشیوع رسائل میں صرف پیمانہ ایک ایسا ادبی رسالہ ہے جو بے اعتبارِ کتابت بھی ممتاز و مخصوص ہے' کتابت کی رعنائیاں اور حسنِ ترتیب ابوالاقبال منشی شفیع احمد وفا متھراوی کا ممنونِ قلم ہے' جنہیں حُسنِ کتاب میں یدِ طولیٰ حاصل ہے۔ آج پیمانہ اُن کی خدمت میں ''برق رقم'' کا خطاب پیش کرتا ہے''

تصاویر کی اشاعت اور فنونِ لطیفہ

رفتہ رفتہ مصوری کو علم و ادب کی بنیادی اور فطری شاخ تصور کیا جانے لگا' چنانچہ جاذبِ نظر کتابت اور خوش نظر طباعت کے ساتھ ساتھ شخصیات، تاریخی عمارات اور فطری مناظر کی خوش رنگ اور رنگین تصاویر اور ظاہری نفاست سے آراستہ مصوری کے اعلیٰ شہ پاروں کی اشاعت پر خصوصی توجہ دی جانے لگی۔ تصاویر کی اشاعت کو رسالے کی کامیابی اور مقبولیت کا پیمانہ سمجھا جانے لگا۔ اس طرزِ عمل سے یہ فائدہ ضرور حاصل ہوا کہ اُس دور کے معروف اور غیر معروف ادیبوں' شاعروں اور مشاہیر کی تصاویر رسائل کے صفحات کی زینت بننے لگیں اور شخصی تصاویر کا ایک بڑا اہم اور نادر ذخیرہ رسائل کے صفحات میں محفوظ ہو گیا، مصوری کے اعلیٰ فن پاروں کی اشاعت سے کئی نو وارد اور گمنام مصور اور فن کار شہرت پانے میں کامیاب ہوئے۔ عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لیے بعض رسالوں نے شائقین کے جذبات سے کھیلنا شروع کر دیا اور فحش' عریاں اور بیہودہ تصاویر بھی شائع ہونے لگیں' رفتہ رفتہ اس رُجحان نے ایسا زور پکڑا کہ کئی رسالے مسابقت کی دوڑ میں کود پڑے لیکن تصاویر پر اُٹھنے والے اخراجات کے باعث اپنی زندگی ہی سے ہاتھ دھو بیٹھے

ادبی رسائل میں تصاویر کی اشاعت کا آغاز بیسویں صدی کے ابتدائی سالوں ہی سے ہو گیا تھا لیکن ان کی اشاعت برائے نام اور معیار میں کم تر ہوتی۔ عام طور پر انہیں انگریزی رسائل اور کیلنڈروں سے اُچک لیا جاتا۔ لیکن نفاست اور فراوانی کے ساتھ تصاویر کی اشاعت کا سلسلہ ''نیرنگِ خیال'' کے خوش مذاق ایڈیٹر کے غیر معمولی انہماک' بلندیٔ خیال اور تصاویر کی اشاعت پر اٹھنے والے بے پناہ اخراجات برداشت کرنے کی بدولت ہم عصر رسائل کے لیے باعثِ کشش ہوا

ادبی رسائل میں ''نیرنگ خیال'' کو تصاویر کی اشاعت کا بانی مانا جاتا ہے۔ ''نیرنگ خیال'' کے جدت پسند ایڈیٹر حکیم یوسف حسن اکتوبر ۱۹۳۱ء کے شمارے میں ''نیرنگ خیال'' کی اس خصوصیت کا تذکرہ کس فخر و انبساط کے ساتھ کرتے ہیں:

''نیرنگ خیال سب سے پہلا ادبی پرچہ ہے جس نے اُردو رسائل کو مصور بنانے کی داغ بیل ڈالی''

حکیم صاحب ''نیرنگ خیال'' اور تصاویر کی اشاعت کو لازم ملزوم خیال کرتے تھے۔ اکتوبر ۱۹۳۱ء کے شمارے میں رقم طراز ہیں:

''بے تصویر کا پرچہ باوجود کوشش کے بھی بیشتر ادیبوں کی تصاویر حاصل نہ ہو سکیں اس کی تلافی یوں کر دی ہے کہ اس یادگار نمبر کو بینک پیپر پر شائع کیا جا رہا ہے جو بہت قیمتی ہے''

حکیم صاحب لطافت اور نفاست کے کس اعلیٰ درجے پر فائز تھے' اس کا اندازہ ''نیرنگ خیال'' دسمبر ۱۹۳۱ء کے شمارے کی اس تحریر کیا جا سکتا ہے:

''رسالہ ڈاک میں بغیر شکن ڈالے لفافہ میں بند کر کے بھیجا جاتا ہے جس سے تصویروں کی دلکشی میں کسی قسم کا نقص واقع نہیں ہوتا''

مارچ ۱۹۲۶ء میں ''قوس قزح'' کا بہار نمبر بڑی آن بان سے منصۂ شہود پر جلوہ نما ہوا، اس خاص شمارے کو ہندوستانی فنِ مصوری کے نادر شہ پاروں سے آراستہ کیا گیا تھا۔ فاضل مدیران تصاویر کی اشاعت کو اپنے لیے کس قدر باعثِ افتخار تصور کرتا ہے' اس کا اظہار مندرجہ ذیل تحریر سے بخوبی ہو جاتا ہے:

''اس نمبر کی تصاویر سیادت پناہ حضرت فقیر سید جلال الدین صاحب ای اے سی (لاہور) کی عنایات بے غایات کی ترجماں ہیں۔ حضرت موصوف کے میوزیم (عجائب گاہ) میں اس قسم کی صدہا نادر تصاویر موجود ہیں۔ جو باعتبار فن واقعی بے عدیل ہیں' اور اصلی ہندوستانی فن مصوری کا نمونہ ہیں! حضرت موصوف کا تہ دل سے شکر گذار ہوں کہ اُنہوں نے انتہائی لطف و کرم سے مجھے اپنی بیش بہا تصاویر کے بلاک تیار کرانیکی اجازت بخشی' اور آئندہ کیلئے بھی وعدہ فرمایا! آئندہ وقتاً فوقتاً قوس قزح ایسی جاذب نظر تصاویر سے مزین ہوا کریگا،،

''انکشاف'' جولائی ۱۹۳۰ء کے شمارے میں معروف مزاح نگار شوکت تھانوی ''انکشاف'' کے ''سالگرہ نمبر پر طائرانہ نظر'' کے عنوان سے اپنے جذبات کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''سرورق کے بعد جو چیز سب سے زیادہ جاذبِ نظر ہوتی ہے وہ رنگین تصاویر ہیں لہذا سرورق کے بعد ہر صاحب ذوق سب سے پہلے پنجرنگی پھر چورنگی پھر سہ رنگی پھر دو رنگی پھر یکرنگی تصاویر دیکھے گا۔ اس لئے کہ مضامین تو اطمینان سے دیکھنے کی چیز ہوتے ہیں''

رسالوں میں تصاویر کی باقاعدہ اور منظم اشاعت کا بانی ''نیرنگ خیال'' کو تصور کیا جاتا ہے۔ لیکن پنجاب سے شائع ہونے والے دیگر رسالے بھی اس دوڑ میں پیچھے نہیں رہے۔ یو پی سے شائع ہونے والے رسالے وقتاً فوقتاً پنجاب کی اس اختراع پر ناگواری کا اظہار تلخ انداز میں کرتے رہتے

ایڈیٹر ماہنامہ ''انکشاف''، لکھنؤ نسیم انہونوی جون ۱۹۳۰ء کے شمارے میں اس صورتِ حال پر اپنی بیزاری اور بے بسی کا اظہار یوں کرتے ہے:

''ہندوستان میں تصاویر شائع کرنے کا سہرا پنجاب کے رسائل کے سر ہے اور اس میں شک نہیں کہ اس صورت سے صحافت میں ایک نمایاں ترقی اور ذوق کی صورت پیدا ہوگئی۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ اس سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ان تصاویر نے ادبی حلقہ کے ذوقِ سلیم کو ایک حد تک بگاڑ دیا ہے اس لیے کہ فی زمانہ کوئی رسالہ بغیر تصاویر کے کامیاب نہیں ہوتا۔ تصاویر کیسی ہوں، اس کا سوال نہیں رہتا مگر تعداد میں درجنوں کا ہونا کامیابی کی شہادت ہے''

فاضل ایڈیٹر ''انکشاف'' آگے چل کر تصاویر کی اشاعت اور پنجاب کے رسائل کے رویے پر اپنی ناگواری کا اظہار کرتے ہوئے حکیم یوسف حسن کو بھی ہدفِ تنقید بناتا ہے:

''میرا خیال ہے کہ پنجاب کے وہ سربرآوردہ رسائل جو فخر کے ساتھ آرٹ کی بہترین تصاویر شایع کرنے کے دعوی دار ہیں۔ اس وقت پریشانیوں میں مبتلا ہیں اور سال بھر میں انہیں ایک آدھ تصویر سے زیادہ ایسی تصاویر نصیب نہیں ہوتیں جو کسی خصوصیت سے مملو ہوں۔ لیکن ذوق اتنا بگڑ چکا ہے کہ اب اچھے اور برے کی تمیز ہی باقی نہیں رہی۔ ہر شخص یہ دیکھ لیتا ہے کہ رنگین تصویر ہے جو نگاہوں کو بھلی معلوم ہوتی ہے لیکن وہ یہ غور نہیں کرتا کہ اس کی اشاعت کے لیے اڈیٹر کو کتنے مصارف خواہ مخواہ برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ مضامین کی طرف کم تر توجہ کی جاتی ہے۔ اس لیے کہ رسائل کی آمدنی محدود ہوتی ہے اور اس کا ایک بڑا حصہ مصور اور بلاک وغیرہ کی اجرت کے نذر ہو جاتا ہے.... افسوس ہے کہ پنجاب کی طرح یو پی کے لوگوں کو اپنے باکمال اور اہل ہنر لوگوں کے لیے پراپیگنڈا کرنا ہی نہیں آتا۔ ورنہ صاحب حکیم [حکیم یوسف حسن] پنجاب کے مایۂ ناز مصور چغتائی [سے] کسی طرح کم نہیں ہیں''

''انکشاف''، لکھنؤ کے ایڈیٹر نسیم انہونوی ظریف نمبر ۱۹۳۰ء میں تصاویر کی اشاعت کے رجحان پر مزید رقم طراز ہیں:

''ارداہ یہ تھا کہ ظریف نمبر میں صرف کارٹونس ہی شائع کئے جائیں مگر اس خیال سے کہ اکثر حضرات رنگین

تصاویر کے بغیر رسالے کو بغیر نمک کا گوشت خیال کرتے ہیں اس لئے یہ اضافہ بھی کر دیا گیا ہے''

''پیمانہ'' آگرہ جون ۱۹۳۰ء تصاویر کے بارے میں اپنا نقطہ نگاہ پیش کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''آج تمام اُردو دنیا بہتر سے بہتر جرائد و رسائل شائع کرنے کا افتخار حاصل کر رہی ہے اور تصاویر کی جنگ ''حُسنِ ظاہری'' کے نمائشی مقابلے نے بہت سے جوانمردوں کو عذرِ لنگ پر مجبور کر دیا ہے مگر پیمانہ کسی جنگ اور کسی مقابلے کی شرکت کے لئے پابند نہیں۔ وہ اپنے اُصول پر شائع ہوگا اور جو کچھ پیش کرے گا اُس کے اظہار کے لیے فطرت رہ رہ کر مجھے خاموش کرتی ہے''

ماہنامہ ''سروش'' لاہور اپریل ۱۹۳۱ء کے شمارے میں تصاویر کے بارے میں اپنا موقف ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:

''میں آج تک یہ سمجھنے سے قاصر رہا کہ ہمارے رسائل میں (خاص نمبروں میں بالخصوص) اسقدر تصاویر شائع کرنے سے مقصد کیا ہے؟ آیا وہ کوئی معروف ہستیاں ہوتی ہیں یا غیر ارضی مخلوق؟.... پھر یہ تصاویر پر نظم کہنا کیا معنی رکھتا ہے۔ اس قسم کی کم و بیش نظمیں غالب کی اس نظم کی یاد دلاتی ہیں ۔ ہے جو صاحب کے کف دست پہ چکنی ڈلی''

مدیر ''سروش'' حیرت امرتسری سالگرہ نمبر جنوری ۱۹۳۲ء میں تصاویر کی اشاعت کے بارے میں رسائل کی مشکلات پر حقیقت پسندانہ انداز میں گفتگو کرتے ہیں:

''تصاویر کے مسئلہ میں پنجاب کی فضا نہایت مکدر ہو رہی ہے۔ رسالہ کو مصور بنانا متعدی مرضی ہو چکا ہے۔ سروش بھی پنجاب کی پیداور ہے۔ اور اپنی بقاو حیات کے لئے بڑی سے بڑی قربانی کر کے بھی اس رو میں بہنے کے لئے مجبور ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہزاروں روپے کے محیر العقول اخراجات برداشت کر کے اس فضا میں سبقت لے جانے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہے اور مالی مشکلات کے باوجود بھی سروش کی یہ مصورانہ شان حیرت انگیز ہے۔ سالنامہ زیرِ نظر میں چھ تصویریں سہ رنگی دی جا رہی ہیں جو محض آرٹ سے تعلق رکھتی ہیں۔ علاوہ ازیں اڑھائی درجن سے زائد یکرنگی ہیں۔ جن میں مشاہیر اہل قلم بھی شامل ہیں۔ گویا سالنامہ صوری و معنوی خصوصیات کے لحاظ سے ادب اردو کی ایک قابل فخر اور غیر فانی یادگار ہے''

اس کے برعکس ''ادبی دُنیا'' تصاویر کی اشاعت پر کس قدر نازاں وشاداں ہے۔ اس کی ایک جھلک ''ادبی دُنیا'' جون ۱۹۲۹ء کے شمارے میں علامہ تاجور نجیب آبادی کی اس تحریر میں دیکھی جا سکتی ہے:

''ادبی دُنیا کی تصاویر کے متعلق اس قدر کہنا اور باقی ہے کہ اول تو اسمیں اس قدر تصاویر شائع کی جاتی ہیں

جو اُردو کے کسی رسالہ میں نہیں ہوتیں اور دوسرے ہر تصویر بصرف زر کثیر پیش کی جاتی ہے۔ ہمارے رسالے کا صفحہ اسقدر بڑا ہے کہ ہر تصویر چار تصویروں کے برابر ہوتی ہے.....''

یاد رہے کہ ادبی دُنیا ۲۶×۲۰/ ۴ [۹ُ × ۱۲ُ] کی تقطیع پر دو کالم میں شائع ہوا کرتا تھا' جسے عرفِ عام میں جہازی سائز کہا جاتا تھا

آگے چل کر جولائی ۱۹۳۰ء کے شمارے میں مولانا تاجور ''ادبی دُنیا'' میں شائع ہونے والی تصاویر کے حسنِ معیار کو نا قابلِ تقلید و تسخیر خیال کرتے ہوئے کس قدر شاداں نظر آتے ہیں:

''ادبی دُنیا کی تصاویر: یہ عرض کرنا خودستائی نہیں بلکہ اظہارِ حقیقت ہوگا کہ ادبی دُنیا نے تصاویر کا جو معیار قائم کیا ہے وہ اپنی نظیر آپ ہے۔ اس کی تصاویر کی رفعتوں تک نہ پہلے کسی حریف کا رکا گزر ہوا تھا اور نہ اب تک باوجود ہزاروں کوششوں کے وہاں تک کسی کی رسائی ہوئی ہے .... بلکہ ہم تو ہمیشہ اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ ادبی دُنیا کے لئے ایسی تصویریں منتخب کی جائیں۔ جن میں باعتبار فن کوئی نقص نہ ہو۔ تصاویر میں عریانی اور سوقیت نہ ہو۔ ایسی تصویریں نہ ہوں جو ذوقِ سلیم پر گراں گزریں۔ وہ جاذبیت اور کشش سے بھی عاری نہ ہوں''

''ادبِ لطیف'' سالنامہ نمبر ۱۹۳۷ء میں تصاویر کی اشاعت پر اپنا نقطہ نظر یوں بیان کرتا ہے:

''اردو رسالوں میں یہ بات دیکھی جاتی ہے کہ ان کی تصویریں پست اور فنی نقطۂ نظر سے لغو و بیہودہ ہوتی ہیں۔ تصویر طرح طرح کے رنگوں کے امتزاج کا نام نہیں ہے، تصویر نام ہے رنگوں کے مناسب و موزون امتزاج' خطوط کی ہم آہنگی اور ان تاثرات کے پورے پورے اظہار کا' جو مصوّر خود محسوس کرتا ہے اور پھر انہیں مصوّرانہ نقوش کے ذریعے دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے''

نومبر ۱۹۲۵ء کے شمارے میں شذرات کے زیر عنوان ایڈیٹر نے ''انتخاب'' کی غیر معمولی پذیرائی کی ایک وجہ مصوری کے ایک شاہکار ''انجام ہستی'' کو قرار دیا ہے:

''اس حسن قبول کی ایک اہم وجہ ماسٹر عبدالعزیز صاحب میسوری کی تصویر ''انجام ہستی'' بھی ہے جو کمال نقاشی کی ایک بے مثال یادگار ہے! میرے لئے اس خاص وجہ کا اظہار ایک نہایت خوشگوار فرض ہے۔ کیونکہ ماسٹر صاحب کو اُردو صحافت میں متعارف کرانے کا فخر پہلے پہل ''انتخاب'' ہی کو حاصل ہے' یہ تصویر اس قدر مقبول ہوئی تھی کہ اس کا بلاک دوبارہ درست کروا کر آرٹ پیپر پر الگ سے شائع کی گئی تھی''

''پیمانہ'' میں سیماب اکبر آبادی نے ''انکشاف'' لکھنؤ کے سالگرہ نمبر پر یوں تبصرہ کیا ہے:

''محکمہ عالیہ اسلامیہ ایک آنہ فنڈ لکھنؤ کا رسالہ جو جناب نسیم انہونوی کی ادارت میں ۳ سال سے جاری ہے' یو پی کے رسالوں میں ایک ممتاز رسالہ ہے۔اس کا ضخیم سالگرہ نمبر اسوقت ہمارے سامنے ہے'اب پنجاب کے مالکانِ رسائل کو یہ کہنے کا موقع نہیں رہا کہ سالنامے شائع کرنا صرف ہمیں جانتے ہیں یو پی میں گو پنجاب کی سی دولت نہیں' تاہم سب سے بڑی دولت جو اُسے دوسرے صوبوں سے یقیناً زیادہ میسر ہے وہ اس کا ''ذوق'' ہے... تصویروں کا دم اب تک نہ آنے سے آپ خیال کر رہے ہوں گے کہ تصاویر کی اشاعت صرف پنجابی رسائل کا حصہ ہے۔لیکن یہ معلوم کر کے آپ اپنا خیال بدل دیں گے کہ انکشاف کے سالگرہ نمبر میں دو چار نہیں بلکہ ۳۰ تصویریں ہیں۔چورنگی ۲' سہ رنگی ۳' دو رنگی ۴' باقی سادہ' آرٹ کی تصویروں کے علاوہ ۵ تصویریں سلطنتِ مغلیہ کی تاریخ سے تعلق رکھتی ہیں' ۴ تصویریں' غالب' امیر' داغ اور ذوق (مرحوم) کی ہیں۔اور موجودہ مشاہیر میں' جناب جوش ملیح آبادی' جگر مرادآبادی' ساغر نظامی' شوکت تھانوی کی تصویریں بھی زیبائشِ رسالہ ہیں''

پیمانہ اگست ۱۹۳۰ء' اُردو رسائل پر ایک نظر

''پیمانہ'' آگرہ ایک اور مقام پر تصاویر کی اشاعت کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کرتا ہے:

''دسمبر مین متعدد تصاویر شائع کرنے پر بھی اُسے کچھ ناز نہین ہے۔اور اپنی سلامت روی کو نباہنے کی کوششون مین ہر لحہ منہمک ہے۔اسکی وجہہ صرف یہی ہے کہ پیمانہ اپنے بعض معاصرین کی طرح تجارتی خطوط سے بالاتر ہے اور خدمتِ ادب اُسکا واحد مطمح نظر ہے' جسے وہ کسی طرح بدل نہین سکتا''

رسائل کی باہمی آویزش اور چشمک

ہر دور کے رسائل و جرائد اور اخبارات کے درمیان باہمی آویزش' معاصرانہ رقابت اور نوک جھوک ہمیشہ ہوتی رہی ہے۔پنجاب اور یو پی کے رسائل اس کشمکش سے اپنا دامن محفوظ نہیں رکھ سکے اور ان کے درمیان بھی ادبی اور لسانی پس منظر میں کشاکش ہوتی رہی

یو پی سے شائع ہونے والے رسائل پنجاب سے نکلنے والے رسالوں میں استعمال ہونے والی زبان کو غیر معیاری' غیر مستند اور غیر فصیح قرار دیتے' بعض اوقات اُن کا لب ولہجہ نہایت سخت اور ناموزوں ہوتا۔حکیم یوسف حسن ''نیرنگ خیال'' فروری ۱۹۲۵ء کے شمارے میں اُن کے اعتراضات کو سختی کے ساتھ رد کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''ہمیں ممالک متحدہ کے رسائل پر اس کے سوا کوئی اعتراض نہیں کہ ان کے ہاں ادبیات کا زوال ہو چکا

ہے اور وہ کسی لحاظ سے بھی مستند قرار نہیں دیے جا سکتے اور ہم بار بار اس نظریہ کو دہراتے ہیں کہ اُردو کا مستقبل پنجاب اور دکن کے ساتھ وابستہ ہے اور پنجابیوں اور اہلِ دکن کو پورا حق حاصل ہے کہ وہ ایسے محاورات کو جو یو پی میں مستعمل نہیں اپنی تحریروں میں جابجا برتیں اور اہلِ زبان کے ہوّے کو دل سے نکال دیں''

اس سے پہلے ''زبان'' دہلی فروری ۱۹۱۰ء میں ''مخزن'' دسمبر ۱۹۰۹ء پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''ورق اُلٹتے ہی ہماری نظر معذرت پر پڑی اور یہ دیکھ کر افسوس ہوا کہ چند سطروں کا مضمون بھی پنجابیت اور زبان کے نقائص سے نخالص ہے''

چنانچہ ''پیمانہ'' مئی ۱۹۲۵ء جرعات کے تحت اڈیٹر اپنے مخالفین کی خبر ان الفاظ میں لیتا ہے:

''مخالفین کے مسلسل سفیہانہ حملوں سے میں ایک لمحہ بھی کبھی اثر گیر نہ ہوا مگر آخر کار اکثر احباب نے مجبور کر دیا کہ بیہودہ سرایانِ عہد کی زبانیں بند کر دی جائیں چنانچہ باضابطہ کئی نوٹس دیدیے گئے ہیں بعض نے تحریری معذرت نامے بھیجدیے ہیں' اور جو دراندازباقی ہیں اُن سے قانونی چارہ جوئی کا ارادہ کر چکا ہوں' کاش وہ اب بھی اپنی سفلہ نوائی سے باز آجائیں اور عدالت کے کمرے صورِ ساغر سے نہ گونجیں' ورنہ دُنیا ہنسیگی اور دیکھے گی کہ جو لوگ لفظی عریانیوں سے تہرک رہے ہیں اُن میں کس قدر حقیقی عریانیاں پنہا ہیں اور اُن کا زُہدِ ریائی کس قدر ''گناہِ در بر'' ہے اور معصیت بکنار!''

اڈیٹر ''پیمانہ'' جون ۱۹۲۵ء کے شمارے میں رسائل کی ابتر اور مخدوش صورتِ حال پر اظہارِ تاسّف کس تلخ انداز میں کرتے ہیں:

''ملک میں بعض حریفانِ ادارت اور حریفانِ ادب نے اردو رسائل کی طرف سے تعلیم یافتہ طبقہ کو کافی سے زیادہ بد دل اور بدگمان بنانے کی کوشش کی ہے' اور یہ ایک ایسا گناہ ہے جو کبھی دامنِ عفو کو نہیں چھو سکتا 'یو پی میں خاص طبقہ ہے جو ادبی رسائل کی نوازش میں ہمیشہ بیش از بیش رہتا ہے مگر بعد رسائل کے اجراء و احتجاب میں (جن کے بدنام کوش تذکرہ سے میں عمداً گریز کرتا ہوں) وہ جوشِ نوازش ان کے دل سے قطعی نکالدیا ہے اور اب فی صدی ۷۵ ہستیوں کو اعتبار نہیں کہ کوئی رسالہ چھ مہینے بھی زندہ رہ سکتا ہے'' ''ستارہ'' نکلا اور غروب ہو گیا۔ ''عندلیب'' چہکا اور بے معنی بولی بول کر غائب' مولانا یاس عظیم آبادی نے تو غضب ہی کر دیا ''صحیفہ'' کا ایک نمبر شائع کیا اور اُس طبقے سے جس میں اُن کی وقعت و عزت کا تھی کافی روپیہ حاصل کر کے خاموش جا بیٹھے . . . میں اعادہ کرتا ہوں غور سے سنیئے : - کہ ''میرے خون کی آخری بوند بھی پیمانہ شائع کر یگی'' میری تو روح کانپ جاتی ہے اور میں چونک پڑتا ہوں

کہ میرا یہ دعویٰ آج کل کی فطرتِ صحافت وادارت کے خلاف تو نہیں‘‘

’’شاعر‘‘ نومبر ۱۹۳۷ء کے شمارے میں ’’جرعات‘‘ کے زیرِ عنوان فاضل ایڈیٹر نے اردو کے ارتقا اور انحطاط پر بحث کرتے ہوئے پندرہ سوالات قائم کیے اور ہمدردانِ اُردو سے ان سوالوں کے جواب طلب کیے۔ جنوری ۱۹۳۸ء کے شمارے میں سید محمود مؤرخ ام اے نے ’’اردو زبان و ادب‘‘ کے عنوان سے اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کیا:

’’اُردو رسائل میں اُردو‘ نگار‘ ہمایوں‘ ہندوستانی اور شاعر کے علاوہ اور کوئی ایسا رسالہ ہی نہیں جس کے مطالعہ سے سوائے تضیعِ اوقات کے کچھ حاصل ہو سکے۔ ساقی میں البتہ کبھی کبھی عمدہ مضامین شایع ہوتے ہیں مگر بہت کم تعداد میں نیرنگ خیال‘ عالمگیر وغیرہ میں شاذ و نادر ہی علمی و ادبی مضامین دیکھنے میں آتے ہیں۔ یہ رسالے تفریحی اور وہ بھی ایک حد تک اخلاق سوز مضامین و افسانے شائع کرنا اپنا مقصدِ حیات خیال کئے ہوئے ہیں اور ایمان کی بات تو یہ ہے کہ اُردو دان حضرات کا مذاق پست ہونے کی وجہ سے وہی رسالے مارکیٹ میں کامیاب ہو سکتے ہیں جو تھرڈ کلاس لٹریچر سے اپنے صفحات کو مزین کریں‘‘

اسی شمارے میں محمود بریلوی ’’اُردو زبان و ادب کا رُخ‘‘ کے زیرِ عنوان اپنے جذبات کا اظہار یوں کرتے ہیں:

’’حیدر آباد‘ خصوصاً انجمن ترقی اردو‘ دارالمصنفین اعظم گڈھ جامعہ ملیہ دہلی‘ ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد وغیرہ کے علاوہ دیگر مقامات خصوصاً پنجاب سے جو اُردو کتب شائع ہوتی ہیں وہ اُردو ادب کو بجائے ترقی کے تنزل کی جانب لیجا رہی ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ پنجاب اُردو کا کوئی مفید کام کر ہی نہیں رہا ہے یا وہاں سے کوئی قابلِ قدر تصنیف شائع ہی نہیں ہوئی‘‘

اس شمارے میں سوال نمبر ۱۲ کے جواب میں محمود بریلوی اپنے مضمون میں اظہار خیال کرتے ہوئے مزید لکھتے ہیں:

’’اس کا جواب کتاب ’’شعلے‘‘ اور دوسری مطبوعات ’’انگارے‘‘ وغیرہ کی قسم کی بالخصوص ’’داستان‘‘ دے گی جو پنجاب سے حال میں شایع ہوئی ہے اور جو پیرے لوئی‘ فرانسیسی مصنف کی مشہور عریاں کتاب ’’ایفرو ڈائٹ‘‘ کا نہایت ناقص ترجمہ ہے‘‘

’’شاعر‘‘ جنوری ۱۹۳۸ء کے شمارے میں اُردو کے ارتقا اور انحطاط کے موضوع پر جو مضامین شائع ہوئے اُنہوں نے ’’ادبِ لطیف‘‘ کو برافروختہ کر دیا۔ جواب میں مدیر ’’ادبِ لطیف‘‘ کی مارچ ۱۹۳۸ء

کے شمارے میں تلخ نوائی صاف محسوس کی جاسکتی ہے:

''یادش بخیر ہمارا محترم ہمعصر شاعر آگرہ تخریبی تنقیدیں شائع کرنے میں ''خاص امتیاز'' رکھتا ہے۔ اسکے جنوری نمبر میں دو مضمون شائع ہوئے ہیں جنہیں تنقید سے دور کا بھی تعلق نہیں' پہلا مضمون ہے اُردو زبان و ادب اسکے مصنف سید محمود مورخ صاحب ہیں معلوم ہوتا ہے سید صاحب کو 'ہمہ دانی' پر کچھ غرور سا ہوگیا ہے اور اسی غرور کے زیرِ اثر وہ ایسی باتیں لکھ گئے ہیں جو انکی پستی تخیل پر شاہد ہیں...... دوسرا مضمون محمود بریلوی کے قلم سے ہے۔ ہم محترم 'نقادوں' کی خدمت میں گزارش کریں گے کہ یہ موقع صوبوئی 'تعصب' کے اظہار کا نہیں ہمیں سر جوڑ کر اردو کے فروغ و ترقی کے لئے کوشاں ہونا چاہئے۔ آپ جس قسم کے مضامین لکھ رہے ہیں وہ اردو کیلئے زہر ہلاہل کا حکم رکھتے ہیں''

''زبان'' کا اجرا جس شان و شوکت اور آن بان سے عمل میں آیا اُس سے کوئی قابلِ ذکر رسالہ متاثر اور لاتعلق ہوئے بغیر نہ رہ سکا' اُسے مفصل تبصروں کا موضوع بناتے ہوئے اس کی خوبیوں اور خامیوں پر ہر پہلو سے گفتگو کی گئی' اپریل ۱۹۰۸ء کے اڈیٹوریل میں مائل نے ''زبان'' کے بارے میں مختلف رسائل میں شائع ہونے والے حریفانہ اور مخالفانہ تبصروں کو بھی نہایت خندہ پیشانی اور وسیع الظرفی کے ساتھ شائع کیا اور ان پر مختصر نوٹ لکھے البتہ کہیں کہیں مائل کے لہجے میں آنے والی تندی اور تلخی کو بھی محسوس کیا جاسکتا ہے۔ وکیل امرتسر کے اڈیٹر منشی غلام محمد نے ''زبان'' کے بارے میں جن تنقیدی خیالات کا اظہار کیا اُس کا ایک اقتباس ''زبان'' ہی کے حوالے سے نقل کیا جاتا ہے:

''زبان'' دہلی سے نیا پرچہ نکلا ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ ہر طرح مخزن کا حریف مقابل ہو خیر ظاہر شکل و صورت مین تو اُس سے کم نہین ۔ مائل دہلوی ایڈیٹر ہین نظم و نثر دونون درج کئے جاتے ہین پہلا نمبر سامنے ہے۔ اس مین ایک مضمون بھی ایسا نہین جسکے برتے پر ہم رسمی الفاظ مین بھی تعریف کرسکین مضمونون پر ایڈیٹر کے نوٹ بڑی بدمذاقی اور بے احتیاطی سے لکھے گئے ہین۔ تعریف کر کے لکھنے والون کی ہمت بڑہانا اچھا ہے مگر نہ اسقدر کہ اصلیت معدوم ہو جائے۔ اُردو میں پرچے تو بہت سے نکلتے ہیں مگر افسوس علمی پایہ کسی کا بلند نہیں''

اس کے بعد کسی دوسرے شمارے میں ''وکیل'' نے ''زبان'' کے انداز کو موضوعِ گفتگو بناتے ہوئے مزید تبصرہ کیا۔ مائل نے ''منشی فاضل صاحب کا دوسرا خوشنودی مزاج کا سارٹیفکٹ'' کی سرخی جما کر اس تبصرے کو نقل کیا ہے۔ جس کا ایک اقتباس پیشِ خدمت ہے:

''کسی پچھلی اشاعت مین ہمنے رسالہ ''زبان'' پر ریویو کرتے ہوئے لکھا تھا کہ پہلا نمبر مستقبل کا نمونہ ہوتا

ہے مگر افسوس کہ یہ نمونہ کسی طرح امید افزا نہیں۔ ایڈیٹر زبان اس پر از خود رفتہ ہو کر کہتا ہے کہ "وکیل" کسی ہندو رسالہ کی تعریف کرنا نہیں چاہتا"

اس تبصرے پر مائلؔ کی تنقید ملاحظہ ہو:

"منشی فاضل صاحب! یہ تو بالکل جھوٹ ہے اور ایک اخلاقی جرم ہے ہماری طرف سے کوئی جواب تحریری یا زبانی نہیں دیا گیا"

اپریل ۱۹۰۸ء کے ایڈیٹوریل ہی میں "دکن ریویو" میں شائع ہونے والے مولانا ظفر علی خاں کے تحریر کردہ ریویو کو بھی نقل کیا گیا ہے:

"زبان دہلی سے نکلنا شروع ہوا ہے ایڈیٹر مائل دہلوی کوئی ہندو بزرگ ہین پہلا نمبر بابت ماہ جنوری ہمارے سامنے رکھا ہوا ہے۔ جسے حسنِ صوری میں مخزن کا مد مقابل بنانے کی کوشش کی گئی ہے سرورق پر لال قلعہ کا نقشہ ہے۔ دو تصویرین بھی دی ہین جن مین ایک مولانائے خواجہ حسن نظامی کی ہے دوسری راجہ روی ورما کی ہے۔ چھپائی لکھائی بھی اچھی ہے غرض دیدہ زیب ہونے کے لحاظ سے یہ پرچہ مخزن سے ملتا جلتا ہے۔ کاش حسن معنوی مین بھی اسکا ہمسر ہوتا مگر ہم اپنے محترم ہمعصر وکیل امرت سر کی طرح اس کی نسبت رائے ظاہر کرنے مین حد سے زیادہ سختی برتنا خلاف شعار سمجھتے ہیں۔ ہمیں سچے دل سے امید ہے کہ "زبان" روز افزون ترقی کر کے دلّی کی لاج رکھ لے گا بلکہ اسکا نام روشن کرے گا"

مائلؔ نے اس پر مندرجہ ذیل مختصر تبصرہ کیا ہے:

"مولوی ظفر علی خان صاحب بی اے بھی اپنے محترم ہمعصر "وکیل" امرتسر ہی کے ہم آہنگ رہے۔ مگر مہذب الفاظ مین۔ غنیمت ہے۔ لہذا ہم اُن کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں"

"دکن ریویو" کے ہندو نمبر پر تبصرہ کرتے ہوئے مائلؔ رقم طراز ہیں:

"ہم اسی دکن ریویو کے موجودہ نمبر کو دیکھہ رہے ہین۔ اس مین غریب اُردو کو وہ ناگفتہ بہ چرکے لگائے گئے ہین کہ خدا کی پناہ۔ ہم یہ بات مانتے ہین کہ اسکے اڈیٹر جناب مولوی ظفر علیخانصاحب بی اے بہ لحاظ لیاقت علمی ایک قابل آدمی معلوم ہوتے ہین۔ مگر خود اُنکی زبان مین ہزارون لغزشین موجود ہین مثلاً اڈیٹوریل ہی مین صفحہ "واؤ" کی پہلی سطر مین تحریر ہوا ہے "اُس شخص نے جھک ماری" حالانکہ اُس شخص نے جھک مارا بولتے ہین' یا صفحہ "ہ" کی پانچوین سطر مین "ڈلیا ہی ڈھونا ہو" لکہا گیا ہے۔ اور یہ محاورہ اڈیٹر صاحب نے اُس نظم مین برتا ہے جو بڑے دعوے سے لکھی گئی ہے۔ ہم خدا کے فضل سے اُردو کے گھر مین پیدا ہوئے اور جب

سے ہوش سنبھالا مان باپ اور ارد گرد کے لوگون کو اُردو ہی بولتے سنا ہے مگر ڈلیا ڈھونا کبھی نہیں سنا۔ البتہ ٹوکری ڈھونا تو سنا ہے۔ اسیطرح صفحہ ''س'' مین کمیت بہ معنی کمی اور صفحہ ۳۶ نظم کے چوتھے شعر مین ع جھوم کر اُٹھی گھٹا۔ برسی۔ برس کر چھٹ گئی باندھا ہے۔ گھٹا چھٹنا نہیں بولتے بلکہ گھٹا اُتر جانا بولتے ہین۔ صفحہ ۳۹ مین ''دل کی گھنڈی کھولنا'' بجائے دل کی گرہ کھولنے کے استعمال کیا گیا ہے۔ اسیطرح مین نے اور بھی سینکڑون نشان لگائے ہین کہانتک لکھون؟ مگر اسمین کچھ اُنکا قصور بھی نہین کیونکہ وہ اہل زبان نہین ہین....''

''نیرنگِ خیال'' نومبر ۱۹۳۰ء کے شمارے میں حکیم یوسف حسن بعض رسائل کے سالناموں کی تشہیر کو موضوعِ گفتگو بناتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''بعض رسایل نے اپنے سالناموں کا اشتہار اس ڈھنگ سے دیا ہے گویا وہ نیرنگِ خیال پر حملہ کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اپنے بھائیوں کی خدمت میں پھر عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ نیرنگِ خیال سے بڑھ جائیں تو چشم ما روشن دل ماشاد۔ اس سے بڑھ کر خوشی کی بات اور کیا ہو سکتی ہے کہ ان رسایل کا معیار ترقی نیرنگِ خیال ہے اور وہ نیرنگِ خیال سے مقابلہ کرنے اور اس کو شکست دینے میں کوشاں نظر آتے ہیں۔ اس قسم کے اعلانات پڑھ کر ہمیں دلی مسرت ہوتی ہے اور ہم اسے نیرنگِ خیال کی سب سے بڑی کامیابی سمجھتے ہیں کہ جو بھی ترقی کے لیے قلم بکف ہوتا ہے اُس کی منزل مقصود نیرنگِ خیال ہی ہوتی ہے''

''نیرنگِ خیال'' کی اس بے ضرر سی تحریر یا احباب کے ساتھ حکیم صاحب کی کسی نجی گفتگو نے مولانا تاجور کو سخت مشتعل کر دیا۔ ''ادبی دنیا'' مارچ ۱۹۳۱ء کے شمارے میں اُن کی نہایت سخت اور تند و تیز تحریر سامنے آئی؛ جس میں حکیم صاحب کی ذات کو تیر و نشتر کا نشانہ بنایا گیا تھا:

''حکیم یوسف حسن ایڈیٹر نیرنگ خیال کو ہر اُس آدمی سے خداواسطے کا بیر ہو جاتا ہے۔ جسے وہ اپنے خیال میں (۱) نسبی حیثیت سے بلند (۲) علمی حیثیت سے مسلم الثبوت (۳) صحافتی حیثیت سے کامیاب (۴) اور ادبی حیثیت سے قادر التحریر۔ سمجھتے ہوں۔ انہی حیثیات کو مدِ نظر رکھ کر اُنہوں نے اپنی موت کا نام تاجورؔ اور اُس بیماری کا نام جو اُن کے لئے موت کا پیام بنکر آئیگی ادبی دُنیا رکھ دیا ہے''

لیکن جلد ہی مشترکہ احباب کی کوششوں سے معاملہ رفع دفع ہو گیا۔ مولانا تاجورؔ یک دم نرم پڑ گئے جس کا اظہار اپریل ۱۹۳۱ء کے شمارے میں اُن کی تحریر سے ہوتا ہے:

''معاصر نیرنگِ خیال سے پچھلے نمبر میں کچھ نوک جھونک شروع ہوئی تھی۔ شکر ہے وہ آغاز اپنا انجام ثابت ہوا۔ میں طبعی طور پر اس قسم کی ناسزا نویسی کو ناروا سمجھتا ہوں''

اسی طرح بعض اوقات مختلف اوقات میں ایک ہی نام سے ایک سے زائد رسالے نکلتے رہے۔ ایسی صورت میں ایڈیٹر حضرات جب آپس میں اُلجھتے تو نوبت عدالتی چارجوئی تک جا پہنچتی۔ مولوی محبوب عالم نے ''زمیندار باغبان و بیطار'' جنوری ۱۸۸۶ء میں گوجرانوالہ سے جاری کیا ۱۸۸۹ء میں مولوی صاحب لاہور منتقل ہوئے تو اس کا سلسلۂ اشاعت لاہور سے جاری رہا۔ بعد میں یہ ''زمیندار'' کے نام سے چھپنے لگا۔ اسی اثنا میں مولوی سراج الدین نے لاہور سے ''زمیندار'' کے نام سے روزنامہ جاری کیا تو مولوی محبوب عالم نے اس پر اعتراض کیا کہ یہ ہمارے رسالے کا نام ہے اسے آپ نے کیوں استعمال کیا' اور اس کے ساتھ ہی انہیں قانونی نوٹس دے دیا کہ اپنے اخبار کا نام تبدیل کریں۔ حالانکہ اس وقت مولوی محبوب عالم کا ''زمیندار'' اپنا زمانۂ اشاعت پورا کر چکا تھا۔ پھر جب ''لاہور اخبار'' کے ایڈیٹر بھگت رام بیرسٹرایٹ لا نے اپنے اخبار کی پیشانی پر شیخ سعدی کا یہ مصرع تحریر کیا ۔ تو پاک باش برادر مدار از کس باک۔ تو ان کو بھی منشی محبوب عالم نے قانونی نوٹس جاری کرادیا کہ یہ ہمارے اخبار کا ماٹو ہے آپ اسے استعمال کرنے کا حق نہیں رکھتے

رسائل ایک دوسرے کو یہ الزام دیتے رہتے کہ وہ ہمارے مضامین نقل کر لیتے ہیں۔ اسی طرح اخبارات بھی ایک دوسرے کو یہ طعنے دیتے رہتے کہ اُس نے ہمارے اخبار سے مضامین اور خبریں بلاحوالہ نقل کر کے چوری' سینہ زوری اور سرقہ سازی کا ارتکاب کیا ہے

''قوس قزح'' مارچ ۱۹۲۶ء کے شمارے میں اس صورتِ حال پر اپنے خیالات کا اظہار یوں کرتا ہے:

> ''مجھے یہ دیکھکر نہایت مسرت ہوتی ہے کہ اسوقت اکثر جرائد و رسائل قوس قزح کے مختلف مضامین نقل کررہے ہیں! لیکن اس کے ساتھ ہی یہ عمل قابل افسوس بھی ہے کہ انمیں بعض رسائل قوس قزح کا حوالہ دینا اپنی کسر شان سمجھتے ہیں! مضامین کا نقل کر لینا اور پھر ان کا حوالہ نہ دینا جرم صحافت ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ ایسے حضرات اس جرم کا مرتکب ہونا کیوں پسند فرماتے ہیں!''

خصوصی شماروں کی اشاعت اور اُس کے اثرات

رسالوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافے سے ان میں کاروباری رقابت اور باہمی آویزش کا رجحان پیدا ہوا' بعض رسالوں نے سالناموں' سالگرہ نمبروں اور خصوصی شماروں کی اشاعت سے عوام کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کی۔ ان خصوصی شماروں کی تیاری پر زرِ کثیر صرف کیا جاتا اور

اشاعت سے پہلے ان کی وسیع پیمانے پر تشہیر کی جاتی۔ خصوصی شماروں کی بدولت علمی و ادبی رسائل نے تھوڑے ہی عرصے میں اتنا رسوخ اور عروج حاصل کر لیا جس کی مثال نہیں ملتی۔ اہل علم اور شائقین خصوصی شماروں کے انتظار میں بے قرار رہتے۔ خاص نمبروں کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ان کو صرف بلند پایہ اور معیاری مضامین کا مجموعہ بنانے کی کوشش کی جاتی ہے اور ان میں محض ایک مقررہ موضوع سے متعلق بلند پایہ مضامین ہی یک جا کیے جاتے ہیں

خصوصی شماروں میں موضوعات اور عنوانات کے اعتبار سے بڑی ندرت اور وسعت پائی جاتی ہے۔ سب سے اہم، دلچسپ اور کردار ساز خصوصی اشاعتیں وہ ہیں جو مقدس ہستیوں اور نامور شخصیتوں کے لیے وقف کی جاتی ہیں۔ ان میں شمارے کی مکمل اشاعت میں زیر بحث شخصیت کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ افسانہ، ڈراما، نظم، غزل اور دیگر ادبی اصناف پر خصوصی شمارے شائع کرنے کی روایت کا آغاز ۱۹۲۵ء کے لگ بھگ ہوا لیکن زیادہ توجہ افسانہ نمبروں کی اشاعت پر مرکوز رہی، قارئین کے علمی مزاج و ادبی ذوق کی تسکین کے لیے اہل علم و قلم سے نہایت بلند پایہ اور معیاری غیر مطبوعہ افسانے حاصل کرنے کی سر توڑ کوشش کی جاتی۔ نامور اور معروف اہل قلم سے اُن کی نگارشات حاصل کرنے کے لیے مدیر حضرات دور دراز کا طویل سفر کرتے اور اُن سے مضامین نوازنے کے وعدے لیتے۔ حکیم یوسف حسن اور شاہد احمد دہلوی جیسے کامیاب اور کہنہ مشق مدیر ایسے دورے کرتے تو اُن کی روداد اپنے رسالوں میں شائع کرتے۔ ''سفیرِ سخن'' پشاور نے شوکت تھانوی سے اپنے سالنامے کے لیے مضمون بھجوانے کی فرمائش کی تو جواب میں شوکت تھانوی نے ۲۵ ستمبر ۱۹۳۴ء کو لکھنؤ سے ایڈیٹر ''سفیرِ سخن'' کے نام جو خط لکھا' اُس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ایڈیٹر حضرات مشاہیر سے مضامین حاصل کرنے کے سلسلے میں کس اذیت اور کیفیت سے گزرتے رہے ہوں گے:

''شوکت نواز۔ آداب نیاز۔ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ میں سفیرِ سخن کے لیے مضمون لکھ سکتا ہوں مگر آپ کو شاید معلوم نہیں ہے کہ میں نے اس مشغلہ کو ذریعہ معاش بنا لیا ہے اور بلا اجرت کوئی مضمون کبھی نہیں لکھتا لہٰذا آپ میرا مضمون چاہتے ہیں تو بواپسی ڈاک ۱۰ روپے منی آرڈر کر دیجئے۔ یہ وہ کم از کم اُجرت ہے جس سے کم میں کسی حالت میں نہیں لیتا چونکہ یہ ایک تجارتی بات ہے لہٰذا مجھ کو اُمید ہے کہ آپ میری اس صاف گوئی کو معاف فرمائیے گا''

''سروش'' لاہور، ''ساقی'' دہلی، ''نیرنگ خیال'' لاہور، ''عالمگیر'' لاہور، ''ادبی دُنیا'' لاہور ''ادیب'' پشاور اور دیگر ادبی رسائل خصوصی شماروں کی اشاعت کی دوڑ میں سبقت حاصل کرنے کے لیے غیر معمولی طور پر سرگرم عمل رہتے۔ ''ادیب'' پشاور نے ۱۹۳۰ء میں چار خصوصی شمارے عید نمبر (مارچ) افسانہ نمبر (مئی) جالب نمبر (اگست) اور کابل نمبر (ستمبر) شائع کیے۔ اس کے ساتھ ہی ''ادیب'' نے پھر چار خصوصی شمارے عید نمبر' افسانہ نمبر' مزاحیہ نمبر اور کابل نمبر ۱۹۳۱ء میں شائع کرنے کا اعلان کیا لیکن اسی سال اس کے پاؤں ڈگمگا گئے اور اشاعت میں تسلسل برقرار نہ رہ سکا۔ اسی طرح ''ساقی'' دہلی نے ۱۹۳۰ء میں عید نمبر (مارچ)' افسانہ نمبر (جولائی) اور دہلی نمبر (نومبر) شائع کیے۔ دہلی نمبر میں شائع ہونے والی تمام نگارشات دہلی والوں ہی کے زورِ قلم کا نتیجہ تھیں۔ ''ساقی'' ہی نے ۱۹۳۱ء میں سالگرہ نمبر (جنوری)' ظریف نمبر (اپریل)' افسانہ نمبر (جولائی) اور دلی نمبر (اکتوبر) کی اشاعت کا اہتمام کیا جسے ایک قابلِ ذکر کارنامہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ ''نیرنگِ خیال'' کو جدید طرز اور انداز سے سالنامے شائع کرنے میں خاص کمال حاصل تھا۔ ''نیرنگ خیال'' جنوری ۱۹۳۷ء کے شمارے میں حکیم یوسف حسن شذرات کے تحت سالناموں کے ساتھ اپنی خصوصی وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''سالنامے اُردو رسائل میں نیرنگ خیال نے سب سے اول سالنامہ کی بنیاد رکھی۔ خدا کا شکر ہے کہ تمام معاصرین نے اس پر لبیک کہی اور اچھے اچھے سالنامے ہمارے معاصرین شائع کر کے علم وادب کی خدمت بجالاتے ہیں... اقتصادی بدحالی اور دو سال کے کثیر مالی نقصانات کے بعد ایسا سالنامہ شائع کرنا حُسنِ اقدام اور حُسنِ ذوق کے سوا کچھ نہیں''

''نیرنگِ خیال'' سالنامہ ۱۹۳۱ء پر تبصرہ کرتے ہوئے ''زمیندار'' ۱۸ جنوری ۱۹۳۱ء کے شمارے میں ''نیرنگِ خیال'' کو خراجِ تحسین ان الفاظ میں پیش کرتا ہے:

> ''اُردو کے رسائل میں خاص نمبروں اور سالناموں کے اشاعت کی بدعت جاری کرنے کا سہرا حکیم یوسف حسن ہی کے سر ہے اور واقع یہ ہے کہ اس میدان میں بھی نیرنگِ خیال کا اب تک کوئی مقابلہ نہیں کرسکا''

دسمبر ۱۹۳۵ء میں اس کا سالنامہ ۱۹۳۶ء ۱۱x۱۴ کی غیر معمولی تقطیع پر بڑے اہتمام کے ساتھ شائع ہوا۔ اس سے پہلے کسی رسالے کے خاص نمبر اتنے بڑے سائز پر شائع ہونے کی نظیر نہیں ملتی کا مسطر ۳۵ سطری دو کالمی تھا' صفحات کی تعداد ۱۹۰ تھی

ایک جانب تو حکیم صاحب نے غیر معمولی بڑے سائز پر خصوصی نمبر شائع کیے دوسری جانب انہوں نے ڈائجسٹ سائز پر بھی خاص نمبر نکالنے کا تجربہ کیا۔ جولائی ۱۹۳۹ء میں انہوں نے حرب وضرب نمبر شائع کیا جس کی پیائش

جنگِ عظیم دوم کے تناظر میں لکھے گئے تھے۔ حکیم صاحب دُنیائے اسلام نمبر شایانِ شان طریقے سے ایک ہزار بڑے صفحات پر نکالنے کے متمنی تھے اور اس کو دو سو تصاویر سے مزین کرنا چاہتے تھے لیکن اُن کا یہ منصوبہ پایہ تکمیل کو نہ پہنچ سکا پھر بھی انہوں نے جولائی اگست ۱۹۴۷ کا مشترکہ شمارہ سالنامہ اسلام کے نام سے ڈائجسٹ سائز پر شائع کیا۔ گویا حکیم صاحب کو اردو میں ڈائجسٹ رسائل کا بانی مانا جاسکتا ہے اگرچہ قیام پاکستان کے بعد "نیرنگ خیال" کے ساتھ ڈائجسٹ کی پیوندکاری ۱۹۶۴ء میں عمل میں آئی۔ راقم کے پاس ایسے تین شمارے موجود ہیں جن کا اجرا "نیرنگ خیال ڈائجسٹ" کے نام سے ہوا ہے۔ قدرت نے حکیم صاحب کو ذہنی اعتبار سے ایجاد واختراع کی بے پناہ صلاحیتوں سے نواز رکھا تھا انہیں مختلف موضوعات اور عنوانات کے تحت خصوصی شمارے متعارف کرانے میں خاص مہارت حاصل تھی۔ انہوں نے ادبی نمبر، فلم نمبر، اقبال نمبر، اپریل فول نمبر، جبلی نمبر، نگارشاتِ لطیف نمبر، مشرق نمبر، ایڈیٹر نمبر اور افغانستان نمبر جیسے مختلف النوع عہد ساز اور دستاویزی نمبر شائع کیے جنہیں اُردو ادب میں اہم مقام حاصل ہے اور ان کے ذکر کے بغیر اُردو کی ادبی صحافت تاریخ مکمل نہیں ہوسکتی

"عالمگیر" کا زیادہ زور عید نمبروں اور خاص نمبروں کی اشاعت پر رہا، تاہم اس نے روسی نمبر اور تاریخ نمبر بھی نکالے۔ حافظ محمد عالم ہر سال دو دو عید نمبر بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کرتے رہے

مذہبی رسائل نے رسول نمبر، قرآن نمبر، حج نمبر، رمضان نمبر اور عید نمبر متعارف کرائے، مذہبی رسائل کے عید نمبر عید کے فقہی مسائل واحکام تک ہی محدود رہتے، بعد میں ادبی رسائل بھی اس دوڑ میں کود پڑے لیکن ادبی رسائل کے عید نمبر ادبی چاشنی اور خوش نما تصاویر سے معمور ہوتے، اس مقام پر خصوصی اشاعتوں کی مختلف النوع اقسام کا مختصر تذکرہ بے جا نہ ہوگا:

سیرت النبیؐ نمبر

ہادیٔ اعظم حضرت محمد ﷺ کائنات کی وہ اعلیٰ اور عظیم ہستی ہیں جن کی ذاتِ گرامی کے معمولات اور اوصاف و کمالات کو خصوصی شماروں کی ایک کثیر تعداد کا مرکز و محور بنایا گیا ہے۔ زیرِ نظر خصوصی شماروں کی فہرست کا تعلق صرف اُن اشاعتوں سے ہے جو عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری کی زیب و زینت ہیں، آخری صفحات میں خاص نمبروں کا اشاریہ بائیس عنوانات کے تحت مرتب کیا گیا ہے جس پر ایک سرسری نظر ڈالنے ہی سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی سیرتِ مبارکہ ہی رسائل کے خصوصی شماروں کا مقبول اور پسندیدہ عنوان چلا آتا ہے

ہماری لائبریری میں اس عنوان پر شائع شدہ قدیم ترین نمبر ماہنامہ ''نظام المشائخ'' دہلی کا رسول نمبر ہے جو ربیع الثانی ۱۳۳۰ھ [مارچ ۱۹۱۲ء] میں اُفقِ صحافت پر طلوع ہوا تھا، اُردو صحافت میں جس ماہوار رسالے نے رسول نمبر شائع کرنے میں اولیت حاصل کی وہ ''نظام المشائخ'' ہی ہے۔ پروفیسر محمد اقبال جاوید نے ''بیسویں صدی کے رسول نمبر'' میں قوی دلائل اور ٹھوس حقائق کی بنیاد پر یہ موقف اختیار کیا ہے کہ مارچ ۱۹۱۱ء میں ''نظام المشائخ'' کا جو رسول نمبر منظر عام پر آیا تھا وہی اولین رسول نمبر ہونے کا شرف رکھتا ہے لیکن تعداد کے لحاظ سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ماہنامہ ''مولوی'' دہلی کو اس معاملے میں ''نظام المشائخ'' پر فوقیت حاصل ہے۔ ماہنامہ ''پیشوا'' دہلی نے بھی کافی تعداد میں رسول نمبر شائع کیے۔ گویا یہ دہلی ہی ہے جسے نہ صرف اولیں بلکہ سب سے زیادہ رسول نمبر شائع کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ رسول نمبر شائع کرنے والا سب سے پہلا ہفت روزہ رسالہ ''اہلحدیث'' امرتسر ہے، یہ خصوصی شمارہ نبی نمبر کے نام سے جولائی ۱۹۱۲ء میں اُفقِ صحافت پر جلوہ گر ہوا

ماہنامہ ''اسوۂ حسنہ'' میرٹھ کا نبی نمبر جنوری ۱۹۱۵ء میں مطلع صحافت پر نمودار ہوا، مندرجات میں ۱۳ مضامین اور ۳ منظومات شامل ہیں:

مضامین

اسوۂ حسنہ: قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری، لوح مسطور و مستور: خواجہ حسن نظامی، انسانِ کامل: شیخ نورالدین تاجر چرم گوجرانوالہ، اسوہ نبی: مولوی غلام الحسنین پانی پتی، خلق عظیم کی ایک

جھلک: ما بندہ محمد و آل محمد یم، برگزیدہ نبی کے برگزیدہ خصائل: مولوی محمد عظیم، نبی آخر الزمان اور اصلاح عباد و رسوم: شیخ نور الدین گوجرانوالہ، طلوع آفتاب ہدایت: مولوی عبدالکریم خان، امی نبی کی حکیمانہ تعلیم: سید حسن مرتضیٰ شفق عماد پوری، ربیع الاول: مولوی حاجی احمد مختار، حفظِ صحت کے متعلق رسول اللہ کا اسوۂ حسنہ: حکیم فرید احمد عباسی، شان حبیب خدا اور اقتضاء محبت: سید عرفان علی رضوی، دکن کی محافل شریف میں اصلاح کی ضرورت: منشی بدیع الزماں خاں نظامی

منظومات

رسول عربی کا استقبال: شفق عماد پوری، بعثت نبی آخری الزماں: نذیر احمد صبر صدیقی میرٹھ، خطاب بہ ارض یثرب: منشی انوار حسین رسوا

ماہنامہ ''عصمت'' دہلی جنوری فروری ۱۹۱۷ء کے شمارے کو نبی نمبر کے طور پر شائع کیا گیا۔ ۶۴ صفحات کے اس شمارے میں ۳۲ صفحات سیرت رسول کے لیے مختص کیے گئے۔ منظومات کے قطع نظر مقالات کی فہرست:

رسول کی چاہتی: مولانا حسن نظامی، نور محمدی: اشرف حسین بی اے، رسول پاک اور خدیجۃ الکبریٰ: محمد رضی حسین بی اے، خلقِ محمدی: ایڈیٹر، پیارا نبی: محمد طفیل، رسول اللہ اپنی بیبیوں میں: سید ظفر احسن علوی

اقبال نمبر

''نیرنگ خیال'' کا اقبال نمبر علامہ اقبال کی زندگی میں ستمبر اکتوبر ۱۹۳۲ء کے مشترکہ شمارے کی صورت میں نمودار ہوا، اسے حکیم محمد یوسف حسن نے بدرالدین حسن کے تعاون سے مرتب کیا، وہ اس شمارے کو جنوری ۱۹۳۲ء میں منظرِ عام پر لانے کے متمنی تھے، ''نیرنگ خیال'' عام طور پر بڑے سائز پر شائع ہوا کرتا تھا۔ بانگِ درا کا نقشِ اول ۱۹۲۴ء میں ۸/۲۷×۱۷ کی تقطیع سائز پر شائع ہوا، اقبال اور بانگِ درا سے جذباتی تعلق کی بنا پر حکیم صاحب نے اس خصوصی شمارے کو کتابی صورت میں اسی تقطیع اور انداز میں پیش کیا۔ ۴۰۸ صفحات پر مشتمل یہ عظیم الشان نمبر چھ ہزار کی تعداد میں شائع ہوا، اُس دور میں اس تعداد کو غیر معمولی اور باعثِ افتخار خیال کیا جاتا تھا اگر کوئی رسالہ پانچ سات سو

کی تعداد میں نکل جاتا تو اُسے بہت کامیاب اور مقبول تصور کیا جاتا' شذرات کے عنوان سے حکیم یوسف حسن رقم طراز ہیں:

''ہمارے صفحہ اول کا یہ علان کہ ''ایجاد ہمارا حصہ ہے اور تقلید دوسروں کا' محض اس لیے روک دیا گیا ہے کہ اس سے ہمارے بعض معاصرین کے قلوب پر ٹھیس لگتی تھی..... ہمارے دوست اور دشمن دونوں کو اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ نیرنگِ خیال کے خاص نمبر واقعی لا جواب اور بے مثل ہوتے ہیں۔ان خاص نمبروں کی اشاعت سے نیرنگِ خیال کے ناظرین کی ذہنی تربیت کا سامان بہم پہونچایا جاتا ہے.... نیرنگِ خیال کا یہ خاص نمبر کتابی صورت میں شائع کرنے پر ہمیں زیادہ اخراجات برداشت کرنے پڑے ہیں۔اور ہر قسم کی تکلیفات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔اس لئے اگر اس میں کسی قسم کی کمی نظر آئے تو ہمیں معذور سمجھا جائے''

اقبال نمبر میں حامد علی خاں بی اے مدیر ''ہمایوں''، مجید ملک بی اے ایل ایل بی ایڈیٹر ''سن رائز'' 'غلام قادر اثر' راغب احسن ایم اے کلکتہ' منشی محمد الدین فوق ایڈیٹر اخبار کشمیری لاہور' چراغ حسن حسرت' شیخ آفتاب احمد بی اے آنرز علیگڑھ' ملک عبدالقیوم بی اے (علیگ) بیرسٹرایٹ لا لاہور' قاضی عبدالغفار رئیس مراد آباد' مالک رام ایم اے' سید زبیر ایم اے ہزاروی' مولٰینا حافظ محمد اسلم جیراجپوری اُستاد جامعہ اسلامیہ ملیہ دہلی' ممتاز حسن ایم اے اسسٹنٹ اکونٹنٹ جنرل پنجاب' ڈاکٹر نکلسن کیمرج یونیورسٹی انگلستان' صوفی غلام مصطفٰی تبسم ایم اے اورینٹل کالج لاہور' ظفر قریشی دہلوی بی اے' پروفیسر یوسف سلیم چشتی بی اے اور دیگر اقبال شناس حضرات کے مقالات شامل ہیں۔''نقوش'' نے ''نیرنگ خیال'' کے اس اقبال نمبر کا نقشِ ثانی ۱۹۷۷ء میں شائع کیا' تو اس میں حکیم یوسف حسن کی رضامندی سے کئی نئے مضامین کا اضافہ کر دیا

علامہ اقبال کی زندگی میں جس دوسرے رسالے نے اقبال نمبر شائع کرنے کی سعادت حاصل کی وہ ماہنامہ ''اختر'' لاہور ہے۔۱۹۳۸ء میں فروری مارچ کا مشترکہ شمارہ ۱۲۰ صفحات پر مشتمل تھا' اس خاص شمارے میں علامہ اقبال کے فکرو خیال پر کئی اہم مقالے اور نظمیں ملتی ہیں:

[مقالات] ایشیا کی عظیم المرتبت شخصیت: مرزا محمد سعید فارغؔ قادری' مصلح قوم: مبارک الدین عشرتؔ' اقبال ایک سیاسی مفکر کی حیثیت میں: عبدالرحیم شبلی بی کام' اقبال وفردوسی: ملک الشعرا ملک ناصر علی خاں ناصر' ایک وطن پرست شاعر: مضطر ہاشمی' اقبال: خان نور الٰہی خان' ضربِ کلیم: سیّد

فارغ بخاری سرحدی' اقبال کی ظریفانہ شاعری: صاجبزادہ م-رفیق صدیقی' اقبال-شاعر غیر فانی :بلقیس جمال نکہت ناگپور قابلِ ذکر ہیں

[منظومات] نظم (فارسی): جعفر علی خان جعفری' جنتِ اقبال: رضا ہمدانی' اقبال سے خطاب :خان بہادر نواب میاں احمد یار دولتانہ' تاریخی نظم: وحید المؤرخین حاجی سرحدی' شعرِ اقبال: چوہدری جلال الدین اکبر بی اے آنرز' اقبال: ملک الشعرا ملک ناصر علی خان ناصر' شاعرِ مشرق سے: مبارک الدین عشرت' اقبال: مرزا محمد سعید فارغ قادری

زیرِ نظر تالیف میں صرف ماہوار رسالوں کے خصوصی شماروں ہی کو موضوعِ گفتگو بنایا گیا ہے۔ لیکن جہاں تک رسائل کے قدیم اقبال نمبروں کا تعلق ہے یہ جسارت غیر مناسب معلوم نہیں ہوگی کہ اس سلسلے میں سہ ماہی علی گڑھ میگزین کے اقبال نمبر کا مختصر تعارف پیش کر دیا جائے۔ یہ خصوصی شمارہ اپریل ۱۹۳۸ء میں اُس وقت منصۂ ظہور پر آیا، جب علامہ اقبال کو سفرِ آخرت پر روانہ ہوئے ابھی چند روز ہی ہوئے تھے۔ یہ خصوصی شمارہ اُن مقالوں، نظموں اور تقریروں سے مزین تھا۔ جنہیں حیاتِ اقبال ہی میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام ایک اجلاس میں پیش کیا گیا تھا۔ یہ اجلاس ۹ جنوری ۱۹۳۸ء میں ڈاکٹر اے بی اے حلیم پرو وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی کی صدارت میں منعقد ہوا تھا۔ مقالات اور تقاریر کی فہرست:

اقبال کی تعلیم: ڈاکٹر سید ظفر الحسن ایم اے ڈی فل (آکسن) صدر شعبہ فلسفہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

اقبال: غلام سرور ایم اے (لیڈس) لکچرار شعبہ انگریزی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

نسب و وطن کا اسلامی تخیل بزبان اقبال: شیخ عطاءاللہ ایم اے لکچرار شعبہ معاشیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

ڈاکٹر اقبال قومی مصلح کی حیثیت میں: مس تاج بیگم لکچرار فارسی مسلم یونیورسٹی گرلس کالج علی گڑھ

انسانیت کے مدارج عالیہ اور اُس کے نمونے ڈاکٹر سر محمد اقبال کی نظر میں: تجمل حسین لکچرار ٹریننگ کالج مسلم یونیورسٹی

اقبال: محمد رضا علی خاں ایم اے ال ال بی (علیگ)

اقبال اور عشقِ رسول: شیخ عطاءاللہ ایم اے لکچرار شعبہ معاشیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

اقبال کا فلسفہ جہاد: ظفر احمد صدیقی ایم اے (علیگ) لکچرار شعبہ فلسفہ

اقبال کی نئی شاہراہ: آفتاب احمد صدیقی ردولوی متعلم مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

اقبال اور اُردو غزل: قمرالدین خان متعلم ایم اے ایڈیٹر علی گڑھ میگزین (انگریزی)

اقبال کے کلام میں عشق کا تخیل: ضیاء احمد ایم اے بدایونی لکچرار شعبہ فارسیہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

قوم کی بنیاد، اقبال اور ''قوم'' کا تخیل: محمد ابواللیث صدیقی بدایونی بی اے آنرز (علیگ) ایڈیٹر

''سب رس'' حیدرآباد دکن نے علامہ اقبال کو ان کی وفات کے فوراً بعد جون ۱۹۳۸ء میں اقبال نمبر کی صورت میں خراجِ تحسین پیش کیا' اس خصوصی شمارے کی اشاعت بہ عجلت تمام عمل میں آئی پھر بھی اس میں علامہ کے فکروخیال اور پیغام پر منظومات کے علاوہ نہایت معیاری مقالات جمع کیے گئے' مقالات نگاروں کی فہرست پیش خدمت ہے:

اقبال تاریخ کے آئینہ میں: محمود مجاہد' اقبال کی شاعری کا آخری دور: پروفیسر عبدالقادر سروری ام اے ال ال بی جامعہ عثمانیہ' اقبال کا شاعرانہ فلسفہ: ابوظفر عبدالواحد ام اے لکچرار اُردو سٹی کالج' اقبال کے کلام میں رجائیت کا عنصر: لطیف النساء بیگم بی اے' اقبال کی نعتیہ شاعری: سیّد وحید اللہ نلگنڈہ' یادِ اقبال: صغرا ہمایوں مرزا بیرسٹرایٹ لا' شاعر حکمت شناس: مہندر راج سکسینہ ام ایس سی لکچرار حیاتیات جامعہ عثمانیہ' اقبال (حالات وشاعری): ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم ام اے پی ایچ ڈی پروفیسر جامعہ عثمانیہ' کلامِ اقبال کی بعض خصوصیتیں: خواجہ عبدالحمید شاہد' علامہ ڈاکٹر محمد اقبال: محمد احمد سبزواری بی اے بھوپال' اقبال کی وطن پرستی: گردچرن داس سکسینہ' علامہ اقبال کے ساتھ چند لمحے: محمد الیاس بی اے (نظام کالج)

تعلیمی اداروں کے جرائد میں اسلامیہ کالج لاہور کے ''کریسنٹ'' نے اکتوبر ۱۹۳۸ء میں اقبال نمبر شائع کیا' اس کے ایڈیٹر محمد عبداللہ بٹ اور نگران پروفیسر قاضی ظہیرالدین احمد تھے' اس میں زیادہ تر مضامین کالج کے طالب علموں کے تحریر کردہ ہیں

زنانہ اسلامیہ کالج کوپر روڈ لاہور نے اپنے میگزین ''مح' ل'' کا اقبال نمبر نومبر ۱۹۴۲ء میں شائع کیا' اس کے تمام تر مضامین کالج کی طالبات کے قلم کے مرہونِ منت ہیں' بلاشبہ یہ ایسا منفرد اقبال نمبر ہے جس کے تمام مضمون نگاروں کا تعلق حلقہ خواتین سے ہے

غالب نمبر

اقبال کے بعد جس شخصیت کو رسائل کی بڑی تعداد نے خصوصی شماروں کا موضوع بنایا ہے وہ غالب ہے، جنوری ۱۹۳۲ء میں نیاز فتح پوری نے ''نگار'' کا غالب نمبر مرزا غالب کی شوخیاں کے نام سے شائع کیا، ۱۵۶ صفحات پر مشتمل یہ خاص شمارہ اول تا آخر نیاز کے جنبشِ قلم کا مرہونِ احسان ہے، اس خصوصی شمارے میں غالب کی شوخ مزاجی کو مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت موضوع گفتگو بنایا گیا ہے:

مرزا غالب کی شوخیاں اور شوخ نگاریاں، غالب کی شوخیاں اُردو نظم میں، مرزا کے انبساطی فقرے فارسی نثر میں، مرزا کی فارسی نظم میں ظرافت اور لطایف غالب

افسانہ نمبر

''مرقع'' لکھنو کا افسانہ نمبر جنوری ۱۹۲۸ء میں جلوہ افروز ہوا، ہماری لائبریری میں قدامت کے اعتبار سے ''مرقع'' کا یہی افسانہ نمبر سبقت لیے ہوئے ہے، اس میں فنِ افسانہ نگاری پر دو اہم مقالات افسانے کی اہمیت: اشہر لکھنوی، افسانہ کیا ہے: مشیر احمد علوی بی اے زیبِ اوراق ہیں:

اس افسانہ نمبر میں شائع ہونے والے افسانے اور افسانہ نگار:

مرازِ آتشین (ایک دیہاتی عورت کا کردار): منشی پریم چند بی اے اڈیٹر مادھری لکھنؤ، روح جسم سے جدا ہونیکے بعد: نیاز فتحپوری، ہنس کی چال: (شخصیت نگاری کا ایک نیا انداز): سُدرشن، شکست بے صدا: مجنوں گورکھپوری، قبرستان کے کتبے (فرانسیسی افسانہ نگار پاسان کے افسانے کا ترجمہ): بابو جگت موہن لال رواں ایم اے ال ال بی وکیل اُناؤ، تین بجلیاں: احسن سمبھی معاون مدیر زمانہ کانپور، گوپال اور چرواہا (ترجمہ): بابو رگھوپت سہائے فراق بی اے رئیس گورگھ پور پروفیسر کرشچین کالج لکھنؤ، دوا کی قیمت (مختصر انگریزی افسانے کا ترجمہ): حامد اللہ افسر میرٹھی بی اے، بہشت کا گناہ (مختصر افسانہ): پروفیسر راما گیان دویویدی ایم اے (آنرز) ایم آر اے ایس وائس پرنسپل کاینہ گنج کالج لکھنؤ، نوشئہ مظلوم: جلیل قدوائی بی اے علیگ، مین اکیلا ہون (موپساں کے افسانے کا ترجمہ): بابو سرکرشن برق کانپوری، تخم تاثیر صحبت کا اثر: سید ممتاز جونپوری، سوشیلا: پنڈت

بابو کشور نور سناتن دھرم کالج کانپور' خدا حافظ (طبع زاد افسانہ): حامد جمال' اسنہلتا: اُما دیوی نہرو' کشتگانِ محبت: نذر سجاد حیدر

مندرجہ بالا فہرست دیکھنے سے یہ دلچسپ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ وصلؔ بلگرامی نے ہندو اور مسلم افسانہ نگاروں میں توازن قائم رکھنے کا کس قدر اہتمام کیا ہے چودہ افسانوں میں سات ہندو اور سات مسلم افسانہ نگاروں کے تحریر کردہ ہیں' دو خواتین میں ایک ہندو اور دوسری مسلم افسانہ نگار ہے' مصنف کا نام مضمون کے آخر میں دیا گیا ہے' حصہ نظم کو علیحدہ ترتیب نہیں دیا گیا' جہاں صفحہ میں جگہ بچ گئی وہاں ہی گنجائش کے مطابق شعرا کا کلام درج کر دیا گیا

''ادیب'' پشاور کا افسانہ نمبر مئی ۱۹۳۰ء میں منصۂ شہود پر جلوہ نما ہوا' اس میں پروفیسر علم الدین سالکؔ ایم اے علیگ کا معیاری مضمون ''اُردو افسانہ نگاری'' قابلِ ذکر ہے' اس کے علاوہ ملّا رموزی' دیوانہ بریلوی' مسلم کاکوروی' عبدالسمیع آثر صہبائی' ایم اسلم' صوفی غلام مصطفیٰ تبسم اور ظفر قریشی دہلوی کے افسانے بھی شاملِ اشاعت ہیں

ماہنامہ ''سروش'' لاہور نے مئی جون ۱۹۳۰ء کا مشترکہ شمارہ افسانہ نمبر کی صورت میں شائع کیا' اس میں پندرہ تصاویر' پانچ نظمیں' پانچ غزلیں اور سولہ افسانے شامل ہیں' شرکا میں اختر شیرانی' مولانا صادقؔ ایوبی' ساغر نظامی' رفیعی اجمیری' ڈاکٹر اعظم کریوی' تبسم ایم اے' خواجہ عبدالکریم ایم اے' انیس الدین احمد ایم اے' محشر عابدی' نسیم انہونوی' سیّد حفیظ الدین' یمینی بی اے' ظفر قریشی دہلوی' سیماب اکبر آبادی' منظر صدیقی اور عرشی لدھیانوی جیسے کہنہ مشق افسانہ نگار شامل ہیں

''ساقی'' دہلی کا افسانہ نمبر جولائی ۱۹۳۰ء میں منصۂ شہود پر جلوہ فگن ہوا' اس میں یہ انفرادیت پیدا کی گئی ہے کہ ہر افسانے کی عکاسی قلمی تصاویر کے ساتھ کی گئی ہے' افسانہ اور افسانہ نگاروں کی فہرست پیش خدمت ہے:

جنت کا پھول: فراقؔ دہلوی جانشین خواجہ میر درد' موتی کی آب: افضل حسین چشتی الاشرفی دہلوی' جنت کی ایک جھلک: قاضی عباس حسین سپرنٹنڈنٹ آڈٹ آفس' قتل: شاہدؔ' فریب آزادی: پروفیسر ضیاء احمد ایم اے بدایونی' حُسن کی ہلاکت پسندیاں: ن' مامتا: علامہ راشد الخیری

دہلوی، پشیماں قاتل: مولانا تمکین الکاظمی، ظالم محبت: رفیقی اجمیری، سہاگن بیوہ (منظوم): جوش ملیح آبادی، سُکھ کی نیند: ایم اسلم، موت کی قیمت: محشر عابدی، جذبۂ کور: سلطان حیدر جوش: ڈپٹی کلکٹر، ترغیبِ معصیّت: قمر الحسن قمر بھوپالی، کرشمۂ محبت: محمد صمصام الحق صامی دہلوی، ایثار: ادیب الملک حضرت اکبر حیدری نگراں "نیرنگ" دہلی، پریم ودا: مرزا محمود بیگ بی اے دہلوی

"نیرنگ خیال" نے اپنا افسانہ نمبر دسمبر ۱۹۳۱ء میں ۸/۱ x ۱۱ کے سائز پر شائع کیا، شائع شدہ افسانوں کی فہرست پیش خدمت ہے:

ردھیا / منشی کنہیا لال ایم اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ ایڈیٹر چاند الٰہ آباد، نقش بر آب: حنیف ہاشمی، محض تماشائی: یوسف حسین خان، مکافات: خلیل احمد قریشی بی اے منٹگمری، دو بچے: خالدہ ادیب خانم / سراج الدین احمد نظامی، میری بپتا: سیّد فرید احمد جعفری مچھلی شہری، شام دروغ باقی: شیخ محمد عمر گورنمنٹ کالج لاہور، داغ فراق: جلال الدین احمد بی اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ الٰہ آباد

ماہنامہ "رہنمائے تعلیم" لاہور نے جنوری فروری کا مشترکہ شمارہ "مرقعِ ادبِ جمیل یعنی فسانہ نمبر" ۱۹۳۴ء میں بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کیا، یہ خصوصی شمارہ شیخ محمد اسمٰعیل پانی پتی کی کاوشوں کا نتیجہ تھا، انہوں نے کمال مہارت اور قابلیت سے اسے رنگا رنگ علمی، ادبی، اخلاقی، اصلاحی، معاشرتی، تاریخی، جاسوسی اور نسوانی افسانوں کا گلشن بنا دیا ہے، عریاں اور بیہودہ افسانوں سے اس کا دامن آلودہ نہیں ہونے دیا، افسانے کے عنوان کو خوبصورت بیل بوٹوں اور دلکش نقش و نگار سے آراستہ کیا گیا ہے، ماسٹر جگت سنگھ اور شیخ اسمٰعیل پانی پتی کے درمیان مثالی اور پر خلوص تعلقات استوار تھے جس کا اظہار صفحہ ۲۰ کے بالمقابل اُس تصویر سے ہوتا ہے جس میں یہ دونوں باوقار اور یادگار انداز میں یک جان و دو قالب ہیں۔ "رہنمائے تعلیم" کے منصرم اور مدیر ماسٹر جگت سنگھ تھے، جو نہایت عمدہ ادبی و علمی ذوق کے مالک تھے لیکن رسالے کے سرورق پر ایڈیٹر کی حیثیت سے اپنا نام درج کرنے سے وہ ہمیشہ گریزاں رہے، اس خصوصی شمارے میں بلند پایہ ادیبوں اور چوٹی کے مشاہیر کی ایک سو سے زائد نگارشات شامل ہیں، "رہنمائے تعلیم" کا دائرہ کار محض تعلیمی امور تک ہی محدود نہ تھا بلکہ علمی و ادبی کمالات کی بنا پر اسے بڑی قدر و منزلت حاصل تھی اور ہندوستان بھر میں اس

کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی' اس شان کا افسانہ نمبر آج تک معرضِ شہود میں نہیں آیا' اُردو ادب کی تاریخ اس خصوصی شمارے کو کبھی فراموش کرنے کی متحمل نہیں ہوسکتی' اس میں ادب و انشا کے ایسے جواہر پارے جمع کیے گئے ہیں جن کی نظیر ملنی مشکل ہے' زیرِ نظر افسانہ نمبر میں شائع ہونے والے مضامین' افسانے اور اُن کے مصنفین :

افسانوی پلاٹ کی تعمیر : مولوی محمد حسین ادیبؔ ایم اے بی ای ڈی' ہمارے بھی خُدّام ہیں کیسے کیسے !: رائے بہادر پنڈت شیو نرائن شمیمؔ ایڈوکیٹ' فسانۂ جمیل : سیّد طالب علی طالبؔ بی اے الٰہ آبادی' ٹوٹے ہوئے کھلونے : مظہرؔ انصاری بی اے' مصور کا شاہکار : امینؔ سلونوی' ایڈیٹر : مولوی عبدالغنی اصغرؔ ہیڈ ماسٹر کرباٹھ' زعفران زار : جوشؔ ملسیانی' نشہ : منشی پریم چند بی اےؔ' طلسمی کتب خانہ : سیّد شاہ ولی یمنی بی اے آنرز ہیڈ ماسٹر اکال گڑھ' عزم بالجزم : کوثر چاند پوری' معشوقۂ من کیست؟ (فارسی) : خورسند بہادر سیاح ایم اے او ایل' دشمن کی بھیک (ترجمہ) : اندر جیت شرما اچھرہ' ایک تھا راجہ : محمد نقی دہلوی' اُلٹی آستین گلے میں : عشرت رحمانی' ذوالفقار علی کی کہانی : عشرت لکھنوی' مینا کی ٹانگیں : حکیم عیشؔ امروہوی رنگون' ارب پتی بیوی : سیّد اشفاق حسین ایم اے بی ٹی' عالم باعمل : منشی منوہر لعل طالبؔ بی اے ایل ایل بی' کرموں کا پھل : سری کرشن کول الٰہ آبادی ' ماتما : مرزا فدا علی خنجرؔ لکھنوی' آہ نارسا : منشی شاہد احمد شاہدؔ بی اے (آنرز)' خونی مہمان : میر سیّد اشفاق حسین ایم اے بی ٹی' خوش قسمت ناہید : ممتاز رفیع بیگم مارہروی' ہوٹل کا کمرہ : ڈاکٹر سعید بریلوی' سازندہ : پنڈت ہری چند اختر ایم اے' بھگوان کے درشن : سیّد وقار عظیم بی اے الٰہ آبادی ' تصویر کے تین رخ : محمد اسمٰعیل پانی پتی' گھڑی کا قضیہ : شاطر غزنوی' بت کی ناک : محمد اسمٰعیل پانی پتی' پُر اسرار خط : شیخ محمد بدالاسلام فضلی بی اے بی ٹی' معمہ کا حل : ماسٹر سنتو کھ سنگھ عاجزؔ' رائے بہادر کا خطاب : پروفیسر رام سروپ کوشلؔ ایم اے' جاہل گریجویٹ : شوکت تھانوی' ایثار : پنڈت بال مکند عرشؔ ملسیانی' نئی زندگی : سردار کرپال سنگھ پاتخؔ' ایک رات کی سرگذشت : سیّد محمود مورخ ایم اے

''ادبِ لطیف'' کا افسانہ نمبر جون جولائی ۱۹۳۷ء میں یک جا شائع ہوا' اس میں افسانوں کے علاوہ فنِ افسانہ نگاری پر مندرجہ ذیل نہایت وقیع اور فکر انگیز مقالات بھی شامل تھے :

o افسانہ نگاری: سید راحت مولائی بی اے (علیگ)

o فنِ افسانہ نگاری: سیّد عبدالرشید یزدانی مدیر معاون شاہکار لاہور

o مختصر افسانہ اور اسلوب بیان: سیّد بادشاہ حسن حیدرآبادی

o افسانے میں حقیقت طرازی و مثال نگاری: سید اختر احمد اختر اورینوی ایم اے

o افسانہ اور نفسیات: ماہر القادری

سالگرہ نمبر

سال تمام پر مختلف رسالے غیر معمولی ضخامت کے سالگرہ نمبر شائع کرتے' سالگرہ نمبر کو سالانہ نمبر اور سالنامہ کے نام سے بھی منسوب کیا جاتا' ان خصوصی شماروں کو معتبر اور دلکش بنانے کے لیے ناموراد یبوں سے خصوصی مضامین حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی

ماہنامہ ''سہیلی'' لاہور کا سالگرہ نمبر اکتوبر نومبر ۱۹۲۶ء میں شائع ہوا' اس میں اختر شیرانی کے کئی مضامین شائع ہوئے جن میں عورت اور اُس کا اثر مرد پر' بچہ اور کھیل' دُنیا کے مختلف حصوں میں خواتین کی حالت کے علاوہ ایک عزیزہ کی شادی پر (نظم)' ایک دیہاتی لڑکی کا گیت (نظم) شامل ہے اس خاص شمارے میں ۲۸ تصاویر کے علاوہ فراعنہ مصر کی ایک ملکہ کی تصویر بھی شامل ہے' آخر میں مشرق و مغرب کا موازنہ ایک کارٹون کی مدد سے کیا گیا ہے' اس کارٹون کے ایک حصے میں ایک مشرقی خاوند اپنی بیوی کو پیٹ رہا ہے اور دسرے حصے میں ایک مغربی خاوند اپنی بیوی سے پٹ رہا ہے

''قوس قزح'' لاہور نے اپنا سالانہ نمبر اکتوبر ۱۹۲۷ء میں منظرِ عام پر آیا۔ یہ خاص شمارہ ۲۰۰ صفحات اور ۳۴ تصاویر پر مشتمل ہے جن میں چار رنگین تصاویر بھی شامل ہیں' ایڈیٹر نے دعویٰ کیا ہے کہ اس شمارے میں شائع ہونے والے تمام مضامین غیر مطبوعہ اور خاص ''قوس قزح'' کے لیے لکھے گئے ہیں' مضامین اور مضامین نگاروں کی فہرست:

لاہور شاہی شالا مار باغ: خامۂ جاں طراز حضرت فوقؔ مدظلہ مورخِ پنجاب' گڑیاں: ادیب الملک حضرت سیّد سلطان حیدر جوشؔ' فریبِ تخیل: حبیب کیفوی' عہد شکنی: دیوانہ بریلوی' ریختی اور

رنگین: سیّد تمکین الکاظمی، خون دل!: ل-احمد اکبرآبادی، آخری تیر: دیوانی بریلوی، عہدِ میر کی زبان: فاضل اجل حضرت سیّد وحید الدین سلیم پروفیسر ادبیات عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن، لیٹر بکس کی کہانی اس کی اپنی زبانی: (ترجمہ) نقاد اور مصنف: میاں تصدق حسین خالد ایم اے پی سی ایس، ای اے سی، میاں بہرام: شمیم بلہوری، ایران قدیم میں جشن اور تہوار: مرزا عاشق علی بیگ خیال مرادآبادی، چاندنی: جلیل احمد جلیل قدوائی بی اے ایڈیٹر علی گڈھ میگزین، درِ توبہ: میاں محمد اسلم لاہور، ایڈیٹر کی بیوی: ڈاکٹر اعظم کریوی سابق ایڈیٹر اکبرالہ آباد، ایک پونڈ کی قیمت: مولانا محمد عبدالمنعم سعیدی بی اے علیگ، پہلا گناہ: منشی بلدیو سہائے صحرائی سروری

ماہنامہ ''نیرنگِ خیال'' لاہور کا سالنامہ ۱۹۲۸ء، دسمبر ۱۹۲۷ء میں جلوہ فگن ہوا، مضامین کی فہرست:

